مجرباتِ ذکائی
حکیم امام الدین ذکائی
اعجاز پبلشنگ ہاؤس
2861- کوچہ چیلان، دریا گنج، نئی دہلی 110002

فہرست مضامین

نسخہ کیمیائے جسم

نسخہ کیمیائے جسم

بہت سے اصحاب اس تلاش میں رہتے ہیں کہ کوئی جوگی سادھو، سنیاسی ملے اس سے ایسا اکسیری نسخہ ہاتھ آئے جو بحالت صحت استعمال کیا جائے تو محافظ بدن ہو، کمزوری بدن دور ہو، کمزوری و پیرانہ سالی میں طاقت بخشے، عوام ایسے نسخہ کے لیے حیران ہو کر کبھی فقرا کے پیچھے پڑ جاتے ہیں کبھی جوگیوں، سادھوؤں اور سنیاسیوں کی خدمت کرتے ہیں اور کبھی حکماء صاحبان سے ملتجی ہوتے ہیں ان کی خواہش کے مطابق مندرجہ ذیل نسخہ رقم ہے۔

اجزاء

سیماب مصفی 4 تولہ، سم الفار سفید 2 تولہ، شنگرف رومی 2 تولہ، ہرتال ورقیہ 2 تولہ

ترکیب تیاری

ہر چہار ادویہ کو کوٹ پیس کر ملائیں اور تین یوم تک خشک کھرل کریں۔ بعد ازاں بھنگرہ سفید کا پانی ڈال کر کھرل کرتے جائیں ایک یوم برابر کھرل کریں، دوسرے روز خشک ہونے دیں جب بخوبی خشک ہو جاوے پیس کر کشادہ منہ والی مضبوط آتش شیشی میں ڈال دیں۔ منہ بند کرنے کے لیے شیشے کا ڈاٹ یا اینٹ رگڑ کر تیار کریں۔ ایک ہنڈیا یا کڑاہی میں بیس سیر ریت ڈال کر درمیان میں وہ شیشی رکھ دیں کہ منہ باہر رہے، نیچے نرم آنچ جلائیں شیشی کے منہ پر روئی رکھ دیں تاکہ شیشی کے اندر جو نمی ہے وہ خارج ہو جائے پھر ڈاٹ لگائیں اور اسے چونہ پرانا گڑ یا چک دستی کی ساکھ اور کھڑیا مٹی مساوی وزن پانی کے پیس کر ڈاٹ کے ارد گرد مہر کی طرح لگائیں۔ چار پہر چربی آنچ دیں جو کہ نہ ہی نرم ہو اور نہ ہی بہت

تیز، پھر سرد ہونے دیں، مہر توڑ کر دواء مذکورہ کو اندر سے نکال لیں اور بھنگرہ کا تازہ پانی شیشی میں بھر کر تھوڑی دیر چھوڑ دیں تا کہ شیشی میں گھلی ہوئی دوا گھل کر پانی کے ساتھ باہر آ جائے پھر بطریق اول ایک روز آب بھنگرہ میں کھرل کریں دوسرے روز دھوپ میں خشک کریں اور آتشی شیشی میں ڈال کر بدستور اول بالو جنتر پر چار پہر پکائیں اسی طرح سات بار کریں۔

خوراک و خوائد

ایک چاول سے ایک رتی حسب برداشت شکر یا بالائی میں استعمال کریں پھر معلوم کریں کہ بدن میں عجیب تبدیلی پیدا ہوگی۔ پٹھے مضبوط ہو جائیں گے رنگت بدن سرخ ہو جائے گی سمجھ دار اطباء اسے دوسرے امراض میں نہایت کامیابی کے ساتھ مناسب مقدار سے استعمال کر سکتے ہیں۔ اس کے ساتھ اگر کیمیائے جسم 2 استعمال کی جائے تو نور اعلیٰ نور ثابت ہوگی۔

کیمیائے جسم ۔2

چھال درخت کیکر تین سیر پختہ خوب کوٹ کر سات سیر پانی میں جوش دیں یہاں تک کہ پانی ایک سیر رہ جائے، پھر چھان کر کھرل میں نوشادر نیم پاؤ ڈال کر ایک سیر پانی میں خشک کریں جب پانی جذب ہو کر گولی بندھنے کے لائق ہو تو جنگلی بیل کے برابر گولی بنا کر خشک کریں جب بالکل خشک ہو جائے تو پتا[illegible] جنتر کے ذریعہ روغن کشید کریں اس روغن کو گندھک آملہ سار پانچ تو[illegible] اتھ جذب ہونے پر پھر پتال جنتر کے ذریعہ روغن کشید کریں،

اس کی خوراک نصف بوند ہے مکھن یا بالائی میں دیں ان ہر دو ادویات کے استعمال سے جسم کی تمام بیماریاں رفع ہو جاتی ہیں خون صاف ہو جاتا ہے غدود از سر نو کام کرنے لگتے ہیں رنگت سرخ ہو جاتی ہے بھوک نہایت عضب کی لگتی ہے اور کھایا پیا ہضم ہو جاتا ہے

آنکھوں سے مریض کی تشخیص

مریض کی آنکھوں کو دھیان سے دیکھ کر معالج اس کے جسم میں ہونے والی امراض کو تشخیص کر سکتا ہے یہاں مریض کی آنکھوں کو دیکھ کر اس کی امراض کا ذکر کیا جاتا ہے۔

1۔ مریض کی آنکھوں میں پیلا پن۔ خون کی کمی سے آنکھیں پیلی۔ نیالی۔ پھیکی اور نیلی دکھائی دیتی ہیں اور یرقان میں صفراء کی زیادتی جگر کے ورم اور انیمیا کی امراض کی خبر دیتی ہیں۔

2۔ **لالی**: زیادہ شراب پینے سے آنکھوں میں لال لال ڈورے صاف صاف دکھائی دیتے ہیں آنکھوں میں لالی شراب کی عادت۔ نزلہ۔ زکام۔ ہائی بلڈ پریشر۔ پاگل پن۔ آنکھیں دکھنا۔ اور بخار کی تیزی کی علامت ہیں۔

3۔ جسم میں خون بہت زیادہ کم ہو جانے سے آنکھیں نیلی ہو جاتی ہیں۔

4۔ موت کے وقت کے قریب اور بے ہوش ہو جانے پر آنکھیں دھندلی ہو جاتی ہیں۔

5۔ بہت زیادہ سردی لگ جانے سے۔ نزلہ۔ زکام۔ موتیا بند۔ ناک کے کیڑے اور ڈینگیو بخار ہونے پر آنکھوں سے آنسو آنے لگ جاتے ہیں۔

6۔ **بہت تیز دیکھنا**: مرگی اور پاگل پن کی نشانی ہے۔

7۔ **آنکھیں ابھر آنا**: جگر سکڑ جانے۔ گلا گھٹ جانے۔ مرض گھیگھا۔ آنکھوں میں رسولی۔ آنکھوں کا ناسور۔ خون بہنے اور گردے کی پرانی سوجن اور خون میں زہر کی علامت ہے۔

8۔ **آنکھیں اندر دھنس جانا**: بہت زیادہ منی خارج کر لینے۔ کثرت جماع۔ دق لیکوریا۔ حیض۔ کے دوران بہت زیادہ خون کا اخراج بہت کمزوری اور گردے کے اعصاب کی خرابی کی علامت ہیں۔

9۔ [illegible]رگی۔ سانپ کاٹنے۔ دھتورے کے زہر۔ دماغ کے پردوں میں پانی پڑ جانا۔ بے ہوشی

اور موتیابند کا مرض ہونے پر آنکھوں کی پتلیاں پھیل جاتی ہیں۔

10۔افیون زیادہ کھالینے۔دماغ کے ہل اور سوج جانے سے آنکھوں کی پتلیاں سکڑ جاتی ہیں۔

11۔مرگی اینٹھن اور بچوں کے جموگہ میں آنکھوں کے ڈھیلے اوپر کو گھوم جایا کرتے ہیں۔

12۔خون کی کمی۔بے ہوشی۔دل کا زیادہ دھڑکنا۔سر چکرانے۔وغیرہ امراض میں آنکھوں کے سامنے اندھیرا آجاتا ہے۔

13۔موروثی آتشک کے سبب آنکھوں کے قرنیہ پر دھاریاں پڑ جاتی ہیں۔

14۔انیمیا (خون کی کمی)۔وٹامنز کی کمی۔دماغ کے پردوں کا ورم۔اینٹھن۔وغیرہ امراض سے بھینگا پن کی مرض ہوجاتی ہے۔

15۔موتیا بند ہونے سے پہلے آنکھوں کے سامنے کالے کالے ترمرے اڑتے محسوس ہوتے ہیں۔

گلہڑ، گھیگا، غوطر

علامات: گلے کے باہر بیرونی جانب ایک گولہ نما نظر آتا ہے جو کہ شروع میں چھوٹا ہوتا ہے اور آہستہ آہستہ اس کا جسم بڑا ہوتا جاتا ہے۔اکثر یہ گلہڑ دبانے پر پتھر کی طرح سخت اور گاہے یہ گلہڑ دبانے پر نرم محسوس ہوتا۔سانس لینے اور کھانے پینے میں تکلیف محسوس ہوتی ہے۔

تشخیص طب یونانی اسلامی کے مطابق

اس کی دو اقسام اول قسم پتھر کی طرح سخت دوئم قسم نرم دبانے پر محسوس ہوتا ہے۔

قسم اول

انسانی بدن میں خلت سودا کی زیادتی سے بدن میں چونہ کی زیادتی ہوجاتی ہے۔حرارت

عزیزی کم ہوجاتی ہے۔جس کے نتیجہ میں بلغمی رطوبات کسی بھی مقام پر منجمند ہوکر گلہڑ یا گلٹی کی شکل اختیار کرلیتی ہے یا ایسا گلہڑ یا گلٹی دبانے پر سخت محسوس ہوتی ہے۔گاہے دبانے پر درد محسوس ہوتا ہے۔

قسم دوئم

انسانی بدن میں خلت بلغم کی زیادتی کی وجہ سے نرم نرم گلہڑ یا گلٹی بن جاتی ہے دبانے پر درد محسوس نہیں ہوتا۔

علاج

1۔پوست بیخ کنیر سو گرام اشق سو گرام مصبر پچیس گرام زراوند مدحرج سو گرام تخم مولی پچاس گرام تخم رائی پچاس گرام گوگل مصفی سو گرام۔

چنے کے برابر گولی بنائیں ایک ایک گولی صبح دوپہر شام قبل یا بعد غذا ایک گھنٹہ ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

2۔ریوند خطائی گندھک آملہ سار زنجبیل نوشادر ٹھیکری پودینہ جنگلی مگھاں (سوڈا خوردنی یعنی اشخار) سونف نمک خوردنی ہر ایک پچاس گرام سفوف بنائیں 3/4 چھوٹا چائے والا چمچ صبح دوپہر شام بعد غذا کھلائیں۔

3۔قبض ہرگز نہ ہونے دیں۔قبض کی صورت میں: سقمونیا تین تولہ ریوند خطائی ایک تولہ ست ملٹھی ایک تولہ سہاگہ ولائتی ایک تولہ چنے برابر گولیاں بنائیں ایک سے دو گولی سوتے وقت بعد غذا تین گھنٹہ ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

4۔ابتداء میں پانچ یوم یہ حلوہ گلہڑ پر رات کو باندھیں۔

ہو الشافی: آٹا گندم پچاس گرام تیل سرسوں بیس گرام اجوائن دیسی بارہ گرام سفوف تخم حلبہ بارہ گرام نمک خوردنی بارہ گرام پانی حسب ضرورت ملا کر معروف طریقہ سے حلوہ تیار کرکے قابل برداشت گرم ہوجانے پر گلہڑ پر باندھیں۔جب ٹھنڈا ہوجائے تو ریت نمک

گرم کر کے پوٹلی باندھ کر نصف گھنٹہ تک ٹکور کریں۔ چھٹے روز یہ مرہم شروع کریں۔
5۔ ہو الشافی: دار چکنہ ایک تولہ' مغز جمال گوٹہ ایک تولہ ملا کر کھرل کریں۔ پتلی باریک لئی تیار ہونے پر ویزلین پینتیس تولہ شامل کر کے خوب ملالیں۔

طریقہ استعمال

گلہڑ کے مقام پر مذکورہ مرہم لگا کر نہایت ہلکی مالش پانچ منٹ کر کے دیسی آگ کے پتے دیسی گھی لگا کر توے پر گرم کر کے قابل برداشت گرم ہونے پر باندھ دیں۔ یہ عمل روزانہ کریں۔ جب باریک دانے پت نما نکل آئیں تو مرہم لگانا چھوڑ کر ان دانوں پر دیسی گھی یا مکھن صبح دوپہر شام لگانا شروع کریں۔ زخم' دانے درست ہونے پر پھر مرہم لگائیں یہ عمل اسی ترتیب سے جاری رکھیں۔ جب گلہڑ ختم ہو جائے تو مرہم کا استعمال ختم کر دیں۔ البتہ کھانے والی دوا کم از کم چھ ماہ جاری رکھیں تا کہ بدن میں غیر طبعی وزاید از ضرورت بلغمی و سوداوی مادہ ختم ہو جائے۔

غذا: مرغ' بکرا' اونٹ کا گوشت میں مولی' شلغم' گاجر' مونگرے' کدو' دیسی ٹینڈا' کالی توری' پیٹھا' پالک' سرسوں کا ساگ' دال مونگ چھلکے دار' کالے چنے' انڈہ ابلا یا انڈے کا آملیٹ۔

مصالحہ جات: ذیرہ سفید خشک دھنیہ' سبز دھنیہ' سبز الائچی' الائچی موٹی' مرچ سیاہ' ادرک' لہسن' ہلدی' دار چینی' نمک ذرا زیادہ ڈالیں' دیسی کم ڈالیں۔ ایک چپاتی صبح و شام سبزی زیادہ کھائیں' دودھ میں سونف ابال کر پئیں۔

پھل: کھجور' آم' لوکاٹ' آڑو' پستہ' کھلائیں۔

مذکورہ علاج وغذا میرا کامیاب دستور مطب ہے معالج حضرات اس پر بھر پور عمل فرما کر خود مستفید ہوں اور مریضوں کا بھی بھلا کریں۔

وجع المفاصل

ھو الشافی

جادتری' لونگ' جائفل' فلفل دراز' مرچ سیاہ' سونٹھ' عقرقرا' ہر ایک پانچ تولہ' زعفران کشمیری خالص دو تولہ کچلہ مدبر' تین تولہ مٹھا تیلہ مدبر چار تولہ' کشتہ شنگرف چار تولہ سے افیون خالص چار تولہ' تمام ادویات کو تقریباً دو پاؤ آب حنظل میں کھرل کریں اور پھر آدھ کلو آب ادرک میں کھرل کریں۔ اور پھر گولیاں بقدر دورتی بنائیں ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ گرم دودھ وجع المفاصل' ریاح' گنٹھیا' رنگین رعشہ' لنگڑی کا درد' عرق النساء کے لیے اکسیر بے نظیر ہے ۔اعصاب کو مضبوط کرتی ہے۔

ترکیب کچلہ مدبر: کچلہ ایک پاؤ لے کر اس میں دس سیر دودھ بھینس کا' ڈال مٹی کے برتن میں ڈال آگ پر رکھیں جب دودھ خشک ہو جائے تو ذکال دودھ گڑھا کھود کر دفن کر دیں اور کچلہ نکال کر دوبارہ پانچ سیر گودہ کنوار گندل لے کر اس میں کچلہ ڈال کر آگ پر رکھیں جب خشک ہو جائے تو نکال اوپر سے چھیل کر درمیان والا پتہ کالا نکال کر پھینک دیں اور باریک پیس کر اس میں آب ادرک ڈال کر کھرل کریں جب ایک سیر جذب ہو جائے تو پھر دھوپ پر خشک میں کرلیں پھر شامل نسخہ کریں۔

2۔ میٹھا تیلیہ مدبر' پانچ تولہ' میٹھا تیلیہ لے کر بارہ سیر دودھ ڈال کر آگ پر رکھیں جب دودھ خشک ہو جائے تو نکال کر شامل نسخہ کریں۔

ترکیب کشتہ شنگرف: بھلاوہ ایک سیر مالکنگنی ایک سیر شہد ایک سیر' روغن زرد یا تلوں کا تیل ایک سیر تمام ادویات کو کوٹ کر درمیان میں شنگرف کی ڈلی چار تولہ رکھ کر نیچے آگ جلادیں جب تمام اشیاء جل تو شنگرف نکال کر پیس

مجربات ذکائی

حب پیچش شنگرفی

:شنگرف رومی دو تولہ۔ مصطگی رومی ایک تولہ۔افیون ایک تولہ۔جدوار دو تولہ۔اندر جو ایک تولہ سب کوسحق بلیغ کرکے آب برگ جامن کے ہمراہ ڈیڑھ رتی کی گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراك:ایک سے دو گولی ہمراہ آب۔

فوائد:زحیر صادق وکاذب کے لیے ازحد مفید ہے

نوٹ :زحیر صادق دکاذب میں سدد کو پہلے رفع کرنا ضروری ہے حکیم عبداللہ صاحب روہڑی والے کا معمولہ مطب ہے۔

سفوف فوفلی

سپاری ایک عدد۔لونگ آٹھ عدد۔الائچی کلاں آٹھ عدد۔الائچی خورد آٹھ عدد۔مصری پانچ تولہ۔

ترکیب تیاری:تمام ادویہ کو باریک کرکے مصری ملا کرنگاہ رکھیں۔

خوراک:دو سے چار ماشہ ہمراہ آب۔

فوائد:قے ہچکی اور اسہال کو روکتا ہے۔مفرح قلب ہے۔بچوں کے مذکورہ عوارض میں بہت مفید ثابت ہوا ہے۔

حبوب مقوی

: م الفار سفید ایک تولہ۔کتھا ایک تولہ دونوں کو آب برگ پان سو عدد میں خوب کھرل کرکے حبوب بقدر نصف رتی بنائیں۔

مقدار خوراک:ایک گولی سے دو گولی روزانہ۔

فوائد:جمیع امراض بلغمیہ بارده اور بارد مزاج اشخاص کے ضعف باہ میں نہایت قابل قدر چیز ہے۔

اکسیر سل

:پتھر کے کوئلہ کی سفید راکھ چار تولہ۔اصل السوس مقشر کوفتہ چار تولہ دونوں کو باہم ملا کر نگاہ رکھیں۔

مقدار خوراک:بقدر ایک ماشہ ہمراہ آب تازہ یا لعاب بہیدانہ تین ماشہ۔شیرہ عناب پانچ دانہ اور شیرہ بادیاں پانچ ماشہ صبح دیں انشاءاللہ مایوس العلاج مریض بھی شفایاب ہوگا۔

حابس

گیرو۔سنگ جراحت۔دم الاخوین۔کہربا شمعی ہموزن سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک:ایک ماشہ ہمراہ شربت بنفشہ دو تولہ یا شربت بزوری دو تولہ صبح و نہار منہ دیں۔

فوائد:نکسیر نفث الدم۔قے الدم۔کثرت طمث اور استحاضہ کے لیے ہمارے شفاخانہ کا بے نظیر تحفہ ہے

حب بواسیر خونی و بادی

رسوت ایک چھٹانک۔آب گندنا میں خوب تر کریں پھر کپڑا سے چھان کر کسی لوہے کے برتن میں ڈال کر ہلکی آنچ پر رکھیں جب قوام حبوبی ہو جائے تو حبوب نخودی بنا کر نگاہ رکھیں۔

مقدار خوراک:ایک گولی ہمراہ عرق کنول گٹہ پانچ تولہ انشاء اللہ چند روز میں خون بند ہو جائے گا۔

تپ نوبتی

شب یمانی سرخ بریاں ایک تولہ۔ مغز تخم لیموں ایک تولہ۔ ہر دوا ادویہ کو کریلا سبز کے پانی میں آٹھ پہر کھرل کریں جب سرمہ کی طرح باریک ہو جائے تو نگاہ رکھیں۔

فوائد: نوبتی تپوں میں باری سے قبل ایک ایک دو دو سلائی لگائیں۔

دھند غبار اور سرخی کو بھی دور کرتا ہے۔

مریض صرع کو بطور نسوار استعمال کرائیں۔

نزلہ وبائیہ میں بقدر ایک ماشہ چند خوراک سے بخار اتر جاتا ہے۔

بقدر دو رتی سرکہ انگوری میں ملا کر کان میں ڈالنے سے درد گوش کو نافع ہے۔

اکسیر پھولا

:مغز تخم کدوئے تلخ۔ روغن کنجد میں گھس کر آنکھ میں لگائیں اگر مرض کو زیادہ عرصہ نہیں گزرا تو ایک ہفتہ تک استعمال سے انشاء اللہ فائدہ ہوگا اگر پرانا ہے تو کم از کم چالیس روز تک استعمال کریں۔

تریاق سودا

: گندھک آملہ سار۔ الائچی سبز ہموزن ملا کر نگاہ رکھیں خارش۔ پھنسیوں اور دیگر امراض سوداویہ میں از حد مفید و مجرب ہے۔

مقدار خوراک: تین پڑیا روزانہ دوران استعمال ہر چوتھے روز حسب ضرورت مسہل دیں۔

سرعتی

:حکیم سراج الدین ذکائی مرحوم کا ایک بے نظیر نسخہ پیش ہے۔

گوند ببول۔ گوند کتیرا۔ تالمکھانہ۔ لک مغسول ہر ایک پانچ پانچ تولہ الائچی سبز ڈھائی تولہ باریک سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: تین ماشہ تا چھ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ تازہ صبح نہار منہ۔

فوائد: سرعت انزال۔ ذکاوت حس اور کثرت اسہال کے لیے لاجواب و مجرب تحفہ ہے دوران استعمال قبض نہ ہونے دیں اور محرکات سے پرہیز کرائیں۔

اکسیر سوزاک (راحت)

پیشاب کی جلن اور درد سے نجات ملتی ہے

نسخہ

کوڑیاں زرد سات عدد لے کر گھی میں بریاں کریں جب پھٹ جائیں تو گھی سے نکال کر خشک کر کے پیس کر سفوف بنالیں پھر کباب چینی اور دانہ الائچی خرد ایک ایک تولہ ملا کر پیس چھان لیں اس کی سات پڑیاں بنالیں،

ترکیب استعمال ۔ روزانہ صبح قبل غذا ایک پڑیا مکھن کے ساتھ چٹائیں مکھن کے وزن کی کوئی قید نہیں سات روز میں مرض نابود ہو جائے گا۔

سفوف ہاضم

زنجبیل، ریوند چینی، سوڈا بائیکارب ہر ایک ایک تولہ، بترتیب معروف پیس کر باہم ملالیں

ترکیب استعمال 5 سے 15 رتی قبل از غذا ہمراہ آب دیں۔

اکسیر فولادی

ایلوا 6 رتی، فیری سلفاس ہیرا کسیس 6 رتی دانہ الائچی خرد 3 ماشے شہد بقدر ضرورت لے کر سب کی بارہ گولیاں بنالیں دو دو گولیاں صبح دوپہر شام بعد از غذا ایک گھنٹہ دیں۔

کمئ خون کے لیے اکسیر الاثر ہے۔

پائیورین

پائیوریا کی ہر حالت میں مفید ہے۔

ٹنکچر آئیوڈین دس ملی لیٹر، ٹنکچر مر دس ملی لیٹر، گلیسرین دس ملی لیٹر لے کر ملا لیں پھر اس میں طوطیا سبز بریاں کر کے ایک گرام حل کر لیں اور دن کئی بار لگائیں لیکن پہلے ہائیڈروجن پر آکسائیڈ سے دانتوں کو اچھی طرح صاف کر لیں۔

حب مقوی خاص

مرکب کونین فولادی (فیری کونین سائٹراس) 3 گرام، مروارید 3 گرام، کافور 30 ملی گرام، جوہر پوست 30 ملی گرام، گولیاں بقدر نخود تیار کریں، ایک تا دو گولی ہمراہ دودھ نیم گرم رات کو کھائیں، مقوی بدن، مقوی دماغ، دافع تھکاوٹ اور ممسک بھی ہے۔

اکسیر رقت

گٹھلی جامن پچاس گرام، کشتہ کلی پارے والا چار گرام، کشتہ فولاد خاص تین گرام

ترکیب تیاری

گٹھلی جامن کو توے پر ڈال کر نیچے آگ جلا کر تمام گٹھلیاں بریاں کر لیں پھر ان کو باریک پیس کر کشتہ جات شامل کر لیں اور محفوظ رکھیں۔ ایک ایک رتی کے کیپسول بھر لیں صبح و شام ہمراہ دودھ یا مکھن دیں۔

جریان، احتلام، سرعت انزال، سیلان الرحم، اور ذیابیطس و سلسل البول، اسہال اور ضعف جگر کے لیے مفید ہے۔

اکسیر جگر

کشتہ فولاد ایک تولہ، دانہ الائچی خرد ایک تولہ، طباشیر نقرہ ایک تولہ، کوزہ مصری تین تولہ۔

مقدار خوراک

ایک تا تین ماشہ ہمراہ دہی بوقت صبح۔

جگر کے اکثر امراض میں خاص کر کے قلتِ دَم کے لیے اکسیر ہے۔

اکسیر جریان

موصلی سفید بریان در روغن زرد پانچ تولہ، کشنیز خشک پانچ تولہ، کوزہ مصری دس تولہ سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک

چھ تا نو ماشہ ایک دفعہ یومیہ ہمراہ شیر تازہ۔

جریان، احتلام میں مجربات خصوصی سے ہے۔ صفراوی سیلان الرحم میں بھی اکسیر ہے۔

اکسیر بدن

شنگرف رومی ایک تولہ، فلفل دراز دو تولہ، کوزہ مصری چار تولہ سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک

دو رتی تا ایک ماشہ۔

اکثر امراض بلغمی میں مفید ہے مقوی باہ و مقوی بدن ہے۔

اکسیر اسہال

لودھ پٹھانی، مروڑ پھلی ہم وزن سفوف تیار کریں۔ اسہال اور پیچش میں مفید ہے۔

مقدار خوراک

چار رتی تا ایک ماشہ، دو تین مرتبہ یومیہ ہمراہ آب تازہ۔

اکسیر فواق

ثمر مُغیل تازہ لے کر خشک کریں اور سایہ میں خشک کریں، اس کے ہموزن کوزہ مصری ملا کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک

نو ماشہ دو تین دفعہ یومیہ ہمراہ آب تازہ خصوصی مجرب ہے۔

اکسیر اٹھراء

عود صلیب ایک تولہ، دار چینی ایک تولہ، لونگ ایک تولہ، جلوتری ایک تولہ، جائفل ایک تولہ، کچلہ مدبر دو تولہ۔ نخودی گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک

ایک تا دو گولی دو سے تین بار یومیہ ہمراہ آب تازہ۔

اٹھرا میں خصوصی طور پر اور نزلہ بارد مزمن میں اکسیر ہے۔

برائے کثرت بول

خراطین مصفٰے دو تولہ، تخم ہرمل دو تولہ، افیون ایک ماشہ نخودی گولیاں تیار کریں۔

مقدار خوراک

ایک گولی تین دفعہ یومیہ ہمراہ آب تازہ۔

سانپ کے ڈسنے کا علاج

(۱) ہیرا کسیس باریک غبار کر کے زخم پر بطور دھوڑا لگائیں۔

(۲) خوراکی بیخ سوسن چھ ماشہ، ریوند عصادہ چھ ماشہ۔ یہ ایک خوراک ہے۔

آدھ سیر دودھ کے ساتھ دیں۔ اگر پیاس لگے یہی دوائی اور دودھ دیتے رہیں۔ دوائی کی مقدار خوراک یہی رکھیں۔ تین خوراک دے چکنے کے بعد محض دودھ ہی پلا سکتے ہیں۔ تاوقتیکہ مریض رو بہ صحت نہ ہو۔ دن میں ایک دو خوراک جاری رکھنی چاہیے۔

نوٹ : اگر اس دوائی کی تین خوراک بطور حفظ ماتقدم کھالی جائیں تو سانپ ڈنگ نہیں مارتا۔

درخت سرس کے پتے 10 تولہ گھوٹ کر مریض کو پلا دیں۔ درد وہیں کا وہیں رک جائے

گا۔ اس کے بعد علاج کریں۔

برائے نمونیا بچگان

تنکار بریاں ایک تولہ، قرنفل چھ ماشہ، مصبر تین ماشہ سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک

دو تا چار رتی ہمراہ آب نیم گرم یا شیر مادر سے دیں اور لحاف گرم میں بچے کو لپیٹیں۔ اول ایک خوراک ورنہ دوسری خوراک کافی ہوگی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

شربت مرکب بے نظیر

عناب ڈیڑھ تولہ، گل بنفشہ ڈیڑھ تولہ، سپستان ڈیڑھ تولہ، اصل السوس ڈیڑھ تولہ گاؤ زبان ڈیڑھ تولہ، ابریشم مقرض ڈیڑھ تولہ، تخم خیارین ڈیڑھ تولہ، پرسیاوشان ڈیڑھ تولہ، خطمی ڈیڑھ تولہ، خبازی ڈیڑھ تولہ، تخم کتان ڈیڑھ تولہ، بیخ سوسن ڈیڑھ تولہ، کوکنار ڈیڑھ تولہ، خشخاش ڈیڑھ تولہ، قند سفید سوا سیر۔ حسب ترکیب شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک:

دو بڑے چمچ دن تین بار۔

جریانول

کشتہ قلعی در بھنگ۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ نقرہ۔ کشتہ صدف۔ کشتہ فولاد ہموزن ملا کر بقدر دو رتی مکھن یا ملائی میں رکھ کر صبح نہار منہ کھائیں۔

فوائد: جریان سرعت انزال ذکاوت حس اور کثرت احتلام کے لیے بارہا کا آزمودہ اور بے خطر استعمال کیا جا سکتا ہے۔

شربت بخارین

اس سے پسینہ آ کر بخار اتر جاتا ہے ہر قسم کے بخاروں میں مفید ہے برگ بنفشہ، شاہترہ

پوست بیخ کاسنی بادیان ہر ایک چار گرام الائچی خرد بمعہ پوست سبز چائے کی پتی ہر ایک دو گرام پانچ سو ملی لیٹر پانی میں جوش دیں جب آدھا رہ جائے تو اتار کر چھان لیں اور آدھا کلو چینی ملا کر معروف طریقہ سے شربت تیار کریں۔

ترکیب استعمال

دو دو بڑے چمچ صبح دوپہر شام تھوڑا پانی ملا کر پلائیں۔

حب ذکائی

حب الثمرہ جدوار جند بدستر زعفران زہر مہرہ خطائی ہر ایک چھ گرام گلو چن نو گرام برگ عشق پیچاں سبز بیس گرام

ترکیب تیاری

تمام ادویات کو کھرل میں ڈال کر تین دن تک ہربل کے پانی کے ساتھ خوب رگڑیں بعد ازاں دو سو پچاس ملی گرام کی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال

ایک گولی بچہ کو پانی میں گھول کر پلائیں اور چار عدد گولیاں عرق گاؤزبان سو ملی لیٹر کے ساتھ بچہ کی والدہ کو کھلا دیں۔

مقوی خاص ٹوٹکا

سمل فار سفید دس گرام کو دو سو ملی لیٹر پیاز سفید کے پانی میں چھ سات دن تک کھرل کریں پھر دو سو ملی لیٹر ادرک کے پانی میں کھرل کریں پھر ایک مولی میں شگاف کر کے سنکھیا کو اس میں بھر دیں اور مولی کا اتنا ٹکڑا کہ جس میں دوائی موجود ہے مولی سے الگ کر لیں اور اس پر خام سوت لپیٹ کر اس کو آدھا کلو پھٹکڑی سرخ کے سفوف کے اندر رکھیں اور نیچے آگ جلا دیں جب پھٹکڑی کا تمام پانی خشک ہو جائے تو اندر سے مولی نکال کر

دوائی نکال لیں اور دانہ الائچی خرد ہم وزن ڈال کر رکھیں یہ دوائی ایک رتی صبح کو گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔

اکسیر جرب

ہڑتال ورقیہ دس گرام سوڈا بائی کارب سو گرام زرسک پور تین گرام۔

ترکیب تیاری

سوڈا بائی کارب کو کھرل میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا ہڑتال ورقیہ ڈالتے جائیں اور کھرل کریں کہ باریک سفوف ہو جائے بعد میں دوسرے کھرل میں رسکپور ڈال کر کھرل کرتے جائیں اور تھوڑا تھوڑا سوڈا بائی کارب والا سفوف ملاتے جائیں حتی کہ ایک ہفتہ مسلسل کھرل کرنے کے بعد سفوف ختم ہو جائے سیاہ رنگ کا سفوف تیار ہوگا۔

ترکیب استعمال

ایک رتی صبح و شام کسی کیپسول میں ڈال کر دیں۔ ہر قسم کی خارش تر و خشک کے لیے مفید ہے۔

سفوف اثمار

سنگ جراحت پاؤڈر ایک کلو برومائیڈ ایک کلو تخم کاسنی ایک کلو قلمی شورہ ایک کلو ایسنس اناس چالیس قطرے۔

ترکیب استعمال

صبح دوپہر شام تین تین گرام ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

ذہنی سکون بے چینی گھبراہٹ اختلاج قلب سیلان الرحم احتلام اور امراض معدی ہر قسم کے لیے مفید ہے۔

لیکونل

ماضو بیس گرام، مائیں بیس گرام، کشتہ یشب دس گرام، کشتہ کلی دس گرام، کشتہ سہ دھاتہ دس گرام، عبیدہ مرغ دس گرام، کشتہ سنگ جراحت دس گرام، سہاگہ بریاں دس گرام۔

ترکیب تیاری

تمام ادویات وکشتہ جات کو باریک پیس کر کیپسول پانچ سو ملی گرام بھر لیں۔

ترکیب استعمال

ایک کیپسول صبح اور ایک رات دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

سیلان الرحم جدید وقدیم دونوں کے لیے بے حد مفید ہے۔ دواخانہ دارالعلاج کا خاص نسخہ ہے۔

طلاء من موہن

برگ تھب تازہ سبز آدھا کلو، دودھ چار کلو، پانی ایک کلو۔

تمام اشیاء کو ایک دیگچہ میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب دودھ چار کلو رہ جائے تو برگ بھنگ نچوڑ کر نکال لیں اور جاگ لگا کر دہی جمالیں بعد ازاں بلو کر مکھن نکال کر گھی بنالیں طلاء من موہن تیار ہے۔

مجلوقین کے لیے خاص تحفہ ہے۔

تبخیر معدہ (گیس ٹربل)

ماہیت مرض وعلاج

اس مرض میں پیٹ میں ریاح پیدا ہو کر مریض کے لیے پریشانی کا باعث بنتی ہیں۔ بعض کے پیٹ میں گڑگڑاہٹ، بھوک نہ لگنا، بدبودار ہوا کا خارج ہونا یادداشت میں کمی آجانا، وہمی طبع ہو جانا، ڈکاروں کی کثرت، بعض کا پیٹ میں کوے، کبوتر گھوڑے ناچنے کا بتلانا، دردوں کا جسم میں جا بجا چلتے رہنا، ناف پڑنا اور نیند کی کمی ہونا، ایسی علامات سے گیس کے مریضوں کا عموماً واسطہ رہتا ہے۔ ریاح کا اخراج ہوتا رہے تو مریض چنداں پرواہ نہیں کرتا ہے لیکن اگر ریاح بند رہیں تو ساتھ ہی دل کی گھبراہٹ و بے چینی بڑھ جاتی ہے اور دائمی تبخیر کے مریض مراق، جنون، وسواس، ضعف معدہ، دائمی قبض اور نفخ کا شکار بنتے ہیں ایسے مریض نیند میں بڑبڑاتے بھی زیادہ ہیں۔ یاد رکھیں کہ تبخیر معدہ میں مبتلا 10% مریض عضلاتی اعصابی تحریک کے ہوتے ہیں۔ ان کی نبض حجم میں موٹی، رفتار میں تیز کسی ہوئی رسی کی مانند ہوتی ہے۔ ریاح سے پر دباؤ دینے سے انگلیوں کے پوروں کا مقابلہ کرتی ہے۔ ایسے لوگوں کا چہرہ سیاہی مائل پچکا ہوا جسم دبلا ہوتا ہے قارورہ سرخ سفیدی مائل ہوتا ہے اور 10% ہی مریض عضلاتی غدی تحریک سے تبخیر میں مبتلا ملتے ہیں۔ ایسے لوگوں کی نبض مقامی طور پر بالکل اوپر، حرکت میں بالکل تیز تنی ہوئی، جسمی طور پر پتلی، قارورہ سرخ زردی مائل تیل کی مانند مقدار میں کم ہوتا ہے۔ ایسے مریضوں کو تبخیر معدہ کے ساتھ اختلاج القلب کی شکایت کی ہوتی ہے جب کہ 80% مریض اعصابی عضلاتی تحریک سے تبخیر معدہ میں مبتلا ہوتے ہیں۔ ایسے مریضوں کی نبض حجم میں موٹی رفتار میں سست ڈھیلی رسی کی طرح ادھر ادھر حرکت کرتی محسوس ہوتی ہے۔ ایسے مریضوں کا شکم جسم پھولا ہوا منہ کا ذائقہ پھیکا بدمزہ، نیند کی

زیادتی' قارورہ سفید مقدار میں زیادہ آنا علامات ہوتی ہیں۔

گیس ٹربل کے اسباب

قانون مفرد اعضاء کے مطابق اس کے اسباب عضلاتی اعصابی

عضلاتی غدی اور اعصابی عضلاتی تحریکات ہیں لیکن اس کے اسباب فاصلہ واصلہ غذا کے استعمال میں بد اعتدالی یعنی بغیر بھوک کھاتے رہنا' ورزش نہ کرنا' ٹھنڈی چیزوں اور نفاخ مثلاً آلو' گوبھی' ٹینڈے توری' بینگن اور دال مسور کا بکثرت استعمال کیا جانا اس کے علاوہ کھانے کے تھوڑی دیر بعد جماع کرنا نیز نشہ آور اشیاء بھنگ' پوست وغیرہ کا استعمال اور بڑا گوشت زیادہ استعمال کرنا ہے۔

علاج

عضلاتی اعصابی گیس ٹربل کے مریض عموماً بھنگ' چرس' ہیروئن کے ہوتے ہیں اور عضلاتی غدی تبخیر کے مریض شراب اور تیز مرچ مصالحہ دار اشیاء کے رسیا ہوتے ہیں انہیں ایسی علت کے ہٹانے میں مدد دیں تو تبخیر ایسے لوگوں کا ختم ہو سکتا ہے اعصابی عضلاتی تبخیر کے مریضوں کے لیے بفضلہ تعالیٰ درج ذیل نسخہ انتہائی کارگر ہے۔

سفوف اذاراقی

اذاراقی مدبر ۲۰ گرام' بسفائج اجوائن دیسی' ہلیلہ سیاہ' سنا مکی' تخم . مداب' ہلیلہ کابلی' سوئے ہر ایک ۳۰ گرام' نمک سیاہ' نوشادر ٹھیکری ہر ایک ۱۰۰ گرام سفوف بنا لیں ۱۔۲ گرام پانی سے دیا کریں۔ (عضلاتی غدی)

اکسیر تبخیر

اذاراقی مدبر' دارچینی' لونگ' غاریقون' میٹھر ے' سرخ مرچ ہموزن لے کر حب نخودی بنا لیں اگولی لے کر ساتھ عضلاتی غدی مسہل نمبر ۲ یعنی حب صابر صاحب اعدد ایسی خوراک دن

میں دو تین بار دیں۔ اس کے استعمال سے عضلاتی اعصابی گیس کے مریضوں کا علاج بخوبی ہوتا ہے۔

عضلاتی غدی تبخیر کے لئے

بادیاں' سوڈا خوردنی' گل عشر' الائچی خورد' سہاگہ سفید بریاں' نوشادر ٹھیکری' نمک مولی خود ساختہ ہر ایک ۲۰ گرام' سقمونیا ۱۰ گرام ملا لیں اگرام دن میں ۲۔۲ بار عضلاتی غدی تبخیر کے لیے مثل تریاق اعصابی غدی نسخہ ہے۔

ذیابیطس شکری

پرہیز اور علاج

السلام وعلیکم ــــــ آج جس موضوع پر اظہار خیال کیا گیا ہے وہ آج کی وقوع الپز یر مرض ذیابیطس جس کو عرف عام میں ''شوگر'' کا نام دیا جاتا ہے۔ جس کے اسباب اس اجلاس میں اور گزشتہ اجلاس میں بھی اطباء کرام نے آپ کے سامنے پیش کئے۔ مجھے جو موضوع دیا گیا ہے وہ بہت اہم ہے کیونکہ اس پر مریض کی صحت کا دارومدار ہوتا ہے۔ میں اپنے ناقص علم اور چند ذاتی تجربات جناب کی خدمت میں پیش کرنے کی جسارت کر رہا ہوں۔

ذیابیطس موجودہ دور جدید طبی دور میں لاعلاج مرض نہیں البتہ اس کا علاج مشکل اور دقت طلب ضرور ہے۔ جو حکماء اور ڈاکٹر صاحبان یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ اس مرض کا خاتمہ چند ماہ میں ممکن ہے ان کے دعوے غلط ہیں۔ ایسے لوگ مجبور مریضوں کو دھوکہ دیتے ہیں۔ ''پرہیز علاج سے بہتر ہے'' یہ مثل شوگر کے مریضوں پر صادق آتی ہے۔ یہ ایک ایسا مرض ہے جس میں دواء تیس فیصد جبکہ غذا کا انتخاب اور پرہیز ستر فیصد تک لازم ہے۔ ورنہ افاقہ ممکن نہیں۔ یہاں دواء سے مراد خوردنی ادویات ہیں نہ کہ انجکشن۔ شوگر کے مریض کو سختی سے پرہیز پر عمل کرتے ہوئے ہمیشہ معالج کی تجویز کردہ خوراک ہی استعمال کرنی چاہئے۔

میرا ذاتی تجربہ شاہد ہے کہ غذا کے استعمال میں احتیاط اور باقاعدہ ورزش کے باوجود شوگر کے مریض بالاخر دل گردے یا جگر کے امراض میں مبتلا ہو ہت جاتے ہیں مگر یہ وہ لوگ ہیں جو یہ سمجھ لیتے ہیں کہ بد پرہیزی ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی۔ ذیابیطس کے ضمن میں یہ ممکن ہی نہیں کہ غذا کے متعلق بد پرہیزی اور بے اعتدالی کے غلط اثرات کو فوری طور پر کسی اضافی دواء سے دور کیا جا سکے۔

شوگر کے مریض جسم کے اندر شکر کا طبعی لیول قائم نہیں رکھ سکتے لہٰذا شکر یا نشاستہ دار کھانوں جیسے چپاتی، ڈبل روٹی، آلو، شکر قندی، چاول، اور مختلف پھلوں وغیرہ میں آپکو خاص احتاط ہونا پڑے گا۔ اس مقصد کیلئے کچھ کھانے ایسے ہوں گے جو بالکل چھوڑنا پڑیں گے جبکہ کچھ کی مقدار کم کرنا پڑے گی۔ کچھ اشیاء ایسی بھی ہوں گی جو ذیابیطس کا مریض بلا جھجک استعمال کر سکتا ہے۔ کہتے ہیں کہ شوگر کا مریض وقت کے ساتھ ساتھ بیماری سے کھیلتا ہوا آدھا شوگر سپیشلسٹ ہو جاتا ہے۔ لہٰذا اسے چاہئے کہ ہمیشہ اپنی خوراک میں کاربوہائیڈریٹ کے وہ مقدار ہی رکھے جو مقرر کی گئی ہے۔

میں نے اپنے عملی مطب میں سینکڑوں مریضوں کا علاج کیا ہے۔ بدقسمتی سے تمام کے تمام مریض آدھے شوگر اسپیشلسٹ ہو کر بھاگ گئے۔ چند نسخہ جات پیش کرنے کی جسارت کر رہا ہوں جو ہمارے مطب میں اکثر زیر استعمال رہتے ہیں۔

اکسیر ذیابیطس

کشمیر جھنگ) جو میرے دادا قبلہ حکیم محمد عبدالرحیم جمیلؒ کی بیاض خاص میں مفتی صاحبؒ نے اپنے دست مبارک سے لکھا ہوا ہے۔

ھوالشافی : چنے 250 گرام تمہ کا پانی 1 کلو میں بھگو دیں حتی کہ آ گئے لگیں تو خشک کر لیں اور پیس لیں۔ کیپسول 0 نمبر بھر لیں صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ استعمال کروائیں۔

اکسیر ذیابیطس

ھوالشافی : مغز تخم تمر ہندی 100 گرام۔ مغز خستہ جامن 100 گرام۔ گڑمار بوٹی 100 گرام۔ کشتہ فولاد جامن والا 25 گرام۔ کشتہ بیضہ مرغ 25 گرام۔ کشتہ زمرد 25 گرام۔

تمام ادویات پیس کر سفوف بنالیں۔ خوراک 4 رتی صبح شام دیں۔

اکسیر ذیابیطس

ھوالشافی : کریلے خشک 1 کلو۔گڑمار بوٹی 250 گرام۔برگ لوکاٹ 250 گرام۔سفوف بنالیں۔خوراک 1 چھوٹا چمچ صبح شام دیں۔

اکسیر ذیابیطس:ھوالشافی :

گٹھلی جامن 250 گرام۔جنگلی کریلا (ککوڑا) 250 گرام۔ہلدی عمدہ 150 گرام۔سفوف بنالیں اور کیپسول بھر لیں۔خوراک صبح دوپہر شام ہمراہ آب تازہ دیں۔

اکسیر ذیابیطس:ھوالشافی :

پھلی کیکر 100 گرام۔ہرل 100 گرام۔جواں (تارامیرا) 100 گرام۔سفوف بنا کر 3 گرام صبح شام استعمال کریں۔

اکسیر ذیابیطس:ھوالشافی :

بوٹی جس کی عام گھروں کے باہر میں باڑ لگائی جاتی ہے جسکو ہمارے ہاں روہیڑہ بوٹی کے نام سے پکارہ جاتا ہے۔اس کی دو اقسام گلابی اور سفید ہوتی ہیں۔اس کے 3 پتے اچھی طرح آدھا کپ پانی میں گھوٹ لیں۔صرف تین دن استعمال کروایں۔شوگر کیلئے اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔

امراض قلب (ہائی بلڈ پریشر یا ضغطۃ العروق)

ہائی بلڈ پریشر کو انگریزی میں ہائی پرٹنشن اور ہائی پر ہائی سیس کہا جاتا ہے اور طبی اصطلاح میں اس کو ضغطۃ الدم یا خون کے دباؤ کی زیادتی کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے چونکہ ضغطۃ الدم کے نام سے اس کا مفہوم صحیح طور پر ظاہر نہیں ہوتا اسلیئے اسکو ضغطۃ الدم کے بجائے اگر ضغطۃ العروق کے نام سے پکارا جائے تو بہت صحیح اور مناسب ہوگا کیونکہ عروق تو خون سے پر ہو کر دب سکتی ہے مگر خون بذات خود بھنچ نہیں سکتا لہذا ہائی بلڈ پریشر مرض نہیں جیسا کہ ڈاکٹر صاحبان کا خیال ہے بلکہ ہائی بلڈ پریشر عرض ہے کیونکہ عروق جب کسی خاص وجہ سے دب کر اور تنگ ہو کر بھنچتی ہیں تو ان میں ہائی بلڈ پریشر بطور عرض پیدا ہو جاتا ہے۔

ہائی بلڈ پریشر یا ضغطۃ العروق میں شرائین کے اندر خون کا دباؤ حالت تندرستی کے مقابلہ میں بہت زیادہ بڑھ جاتا ہے چنانچہ یہ حالت ضغطۃ العروق یعنی عروق کے تنگ ہو کر بھنچنے یا دروالعروق یعنی شرائین کے خون سے زیادہ پر ہو جانے سے پیدا ہو جاتی ہے بلڈ پریشر کیسے پیدا ہوتا ہے اس کو سمجھنے کے لیے یہ امر ذہن نشین کر لینا چاہیے کہ دل میں دو قسم کی حرکات پائی جاتی ہیں حرکت انبساطی اور حرکت انقباضی شریانوں اور وریدوں میں حرکت دل کی مشارکت کی وجہ سے پائی جاتی ہے اس وجہ سے اطباء نے کہا ہے کہ شریانوں کی حرکت انقباضی اور حرکت انبساطی دل کی حرکت انبساطی سے ہر وقت متاثر ہوتا رہتا ہے جس کی وجہ سے خون بدن میں بلا روک ٹوک یکساں طور پر چکر لگا تا رہتا ہے اور اس کی حرکت میں کسی قسم کی رکاوٹ پیش نہیں آتی بلکہ شرائین کی دیواریں اس کے بہنے میں اس کی امداد کرتی ہیں اگر شرائین لچک پن کسی وجہ سے کم یا ضائع ہو جائے تو اس صورت میں اس کے سکڑنے پھیلنے سے شریانوں میں سکڑنے اور پھیلنے کی کیفیت رونما نہیں ہوتی دل جب خون کو شریانوں میں

دھکیلتا ہے تو شریانیں خون کی آمد سے پوری طرح پھیل نہیں سکتیں اور نہ ہی شریانوں کی دیواریں اس کے سیلان میں کسی قسم کی امداد کرتی ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ دوران خون میں ایک طرح کی رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہے جس سے دل کو ایک قسم کی ٹھوکر لگتی ہے خون کافی مقدار میں رگوں سے گزر نہیں سکتا جسکی وجہ سے دل کو مشقت دہ کام کرنا پڑتا ہے پھر بعض اوقات پانی وغیرہ کے زیادہ پی لینے سے خون کی مقدار بڑھ جاتی ہے اور خون وزن اور مقدار کے لحاظ سے اس قدر بڑھ جاتا ہے کہ وہ شریانوں میں بخوبی طور پر کام نہیں کر سکتا جس سے متذکرہ بالا کیفیت پیدا ہو جاتی ہے اور دوران خون میں مزاحمت ہو کر دل پر دباؤ پڑ جاتا ہے بس اسی کیفیت کا نام ہائی بلڈ پریشر یا ضغطۃ العروق ہے۔

کیفیت: جب یہ عارضہ کسی شخص کو لاحق ہوتا ہے تو دل کو اپنے وظائف حیات کے انجام دینے میں صحت کی بہ نسبت زیادہ محنت اور مشقت سے کام کرنا پڑتا ہے جس سے افعال اعضاء میں نقص پیدا ہو جاتا ہے ہائی بلڈ پریشر عموماً چھوٹی چھوٹی شرائین اور بدن کی دیگر عروق شعریہ کے تنگ ہونے یا ان میں کسی قسم کا نقص رونما ہونے سے پیدا ہوتا ہے جس سے بدن کے عصبی انہضامی اور دموی نظام میں قصور یا فتور پیدا ہوتا ہے علاوہ بریں گردوں کے فعل میں بھی فرق آ جاتا ہے جس سے یہ حالت پیدا ہو جاتی ہے ہائی بلڈ پریشر کے متعدد مریضوں کے علاج کے دوران میں دیکھا گیا ہے کہ انہیں عظیم قلب کی شکایت ہو جاتی ہے۔

اسباب: ہائی بلڈ پریشر کی شکایت مردوں کی بہ نسبت عورتوں میں بہت کم پائی جاتی ہے مردوں میں یہ عارضہ آہستہ آہستہ ترقی پذیر ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ ہائی بلڈ پریشر کی شکایت پرانے مریضوں کے ساتھ گہرا لگاؤ رکھتی ہے چونکہ شریانوں کی صلابت ہائی بلڈ پریشر کے پیدا ہونے کا خاص سبب ہے لہذا ہم ذیل میں مختصر طور پر پہلے اسی کو بیان کرتے ہیں۔

تصلب الشرائین عروقی ساخت کی ایک مزمن تبدیلی کا نام ہے جو عوام طور پر بڑھاپے میں

پیدا ہوتی ہے اس میں شریانیں سخت ہو کر تن جاتی ہیں اور ان کا لچک پن جاتا رہتا ہے جس سے ان سے سکڑنے اور پھیلنے کی کیفیت جاتی رہتی ہے اور جو خون ان میں ہر وقت دورہ کرتا رہتا ہے اسکے دباؤ کی تاب نہیں لا سکتیں جب شریانوں کی یہ حالت ہو جائے تو خون حالت تندرستی کی طرح ان میں آسانی کے ساتھ کافی مقدار میں گزر نہیں سکتا اس صورت میں دل کو سخت صدمہ کا سامنا کرنا پڑتا ہے خون اعضاء رئیسہ دل دماغ اور جگر تک نہیں جاتا جس کا نتیجہ اخلال اور بے چینی ہوتا ہے ویسے تو خون کے کافی مقدار میں نہ پہنچنے سے تمام جسم پر بڑا اثر پڑتا ہے لیکن دل اور گردہ اس سے بہت زیادہ متاثر ہوتے ہیں شکم کی شریانیں عموماً خون سے پر رہتی ہیں آنتوں میں ریاح غلیظ کے جمع ہونے سے ہر وقت درد رہتا ہے پھر آہستہ آہستہ دماغ کی شریانوں میں صلابت یعنی سختی پیدا ہونی شروع ہو جاتی ہے۔

تصلب الشرائین کے علاوہ گردوں کا ورم۔ دماغی جریان خون۔ ضیق النفس۔ نقرس۔ وجع المفاصل۔ صرع۔ فالج۔ سکتہ۔ ذیابیطس۔ قرانیطس۔ مانیا۔ بے خوابی۔ آتشک۔ سوزاک۔ فکر فاقہ۔ ذہنی کوفت۔ چائے۔ سگریٹ۔ شراب اور کباب وغیرہ کا کثرت کے ساتھ استعمال اور دوران خون میں زہریلے مواد کی موجودگی معدہ اور امعاء میں ترش مادوں کا پایا جانا۔ کھانے کے دوران میں پانی کا زیادہ استعمال کرنا۔ مسوڑوں میں زخم یا پیپ کا پیدا ہونا۔ قولونامی رگ یا مرارہ یعنی پتہ کے مزاج کا بگڑ جانا اور دیگر امراض متعدیہ کے حملے وغیرہ بھی ہائی بلڈ پریشر یا ضغطۃ العروق کے اسباب میں سے ہیں۔

یہ بات خصوصیت کے ساتھ یاد رکھنے کے قابل ہے کہ ہائی بلڈ پریشر دل کی حرکت۔ شرائین اور اوردہ کا لچک پن عروق شعریہ کی صحت اور تندرستی پر منحصر ہے بدن کی یہ متذکرہ ساختیں حکومت عصبی کے ماتحت ہوا کرتی ہیں اور نظام عصبی غدوں کے افرازات اور جسم کے کیمیائی فعل وانفعال اور ان سمومات و تریاقات سے متاثر ہوتے رہتے ہیں جو ہمارے جسم میں ہر

وقت تیار ہوتے رہتے ہیں چنانچہ آپ نے دیکھا ہوگا کہ بعض اوقات محض ادنیٰ سی تحریک
سے ہائی بلڈ پریشر کا حملہ ہوجاتا ہے جیسے گاہے دل کی حرکت کے تیز ہوجانے سے سردیوں
کے موسم میں اندر سے بغیر کپڑا اوڑھے باہر آجانے سے یہ شکایت پیدا ہوجاتی ہے کیونکہ
سردی کے اثر سے عروق شعریہ میں احتباس ہوجاتا ہے اور یہ پہلے بتلایا جاچکا ہے کہ احتباس
عروق ہائی بلڈ پریشر کا ایک بہت بڑا سبب ہوا کرتا ہے پہلے تو یہ خیال کیا جاتا تھا کہ یہ مرض
صرف بڑھاپے ہی میں لاحق ہوتا ہے لیکن یہ امر اب پایہ تحقیق کو پہنچ چکا ہے کہ ادھیڑ عمر کے
آدمی بھی اس میں مبتلا ہوسکتے ہیں۔

علامات: ہائی بلڈ پریشر کے مریضوں کے جسم میں ابتدائی حالت میں کسی خاص علامت
کا مستقل طور پر ظہور تو ہوتا نہیں لیکن سر میں خفیف سا درد رہتا ہے سر بھاری رہتا اور چکراتا
ہے بے خوابی رہتی ہے کانوں میں غیر طبعی آوازیں سنائی دیتی ہیں گدی کے مقام پر درد رہتا
ہے آنکھوں کے سامنے مریض کو شرارے اڑتے ہوئے نظر آتے ہیں چلنے پھرنے سے
سانس پھول جاتا ہے خفقان یعنی دل کا دھڑکنا اختلاج یعنی دل کا پھڑکنا پیدا ہوجاتا ہے
ایسی صورت میں دل تھوڑی سی مشقت سے ہانپنے لگتا ہے عصبی اضطراب پیدا ہوجاتا ہے
مریض زود رنج ہوجاتا ہے طبیعت عام طور پر مضمحل رہتی ہے مریض اپنے معمولی کاروبار کو
بھی تسلی کے ساتھ پورا نہیں کرسکتا دیکھنے سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا عصبی ضعف کا مریض
ہے ایسے مریض عام طور پر دماغی اور بدنی مشقت کے ناقابل ہوا کرتے ہیں۔

ہائی بلڈ پریشر مزمن ہوجائے تو مریض کی نبض پر اور ممتلی ہوجاتی ہے شرائین اور اوردہ کی
دیواریں موٹی ہوکر کسی جاتی ہیں دل کی جگہ پر درد رہنے لگتا ہے صمام تاجی کے مقام پر غیر طبعی
آوازیں آنے لگتی ہیں جو سٹے تھس کوپ یعنی آلہ مساع الصدر لگانے سے صاف اور واضح
طور پر سنائی دیتی ہیں جس کی صورت یہ ہوا کرتی ہے کہ پہلی آواز تیز اور دوسری دھیمی سنائی

دیتی ہے مساع الصدر کے ساتھ اگر دل کو بغور دیکھا جائے تو مریض کے دل کا بایاں بطن
معمول سے زیادہ بڑھا ہوا ثابت ہوتا ہے۔

ہائی بلڈ پریشر کے عارضہ میں جبکہ اس کے ساتھ مریض کے گردے بھی کمزور ہوں تو اس
وقت اس کی علامات میں مندرجہ ذیل علامات بھی پائی جاتی ہیں۔

مزید علامات: مریض کو پیشاب زیادہ آتا ہے۔ کبھی پیشاب میں البیومن بھی پایا جاتا ہے۔
جس کے ساتھ گردوں کے باریک باریک چھلکے ہوا کرتے ہیں جب یہ کیفیت بڑھ جاتی ہے
تو جسم کے مختلف حصوں سے جریان خون وقتاً فوقتاً شروع ہوجاتا ہے ناک سے خون آنے
لگتا ہے دماغ کی اندرونی شریانیں پھٹ جاتی ہیں جس سے مریض بے ہوش ہوجاتا ہے
اور کچھ دیر کے بعد ہمیشہ کیلیے رخصت ہوجاتا ہے ہاں اگر اسکی دماغی شریانیں کم حالت میں
پھٹیں ہوں تو ایسی صورت میں مریض مرتا تو نہیں البتہ لقوہ۔ فالج۔ ٹانگ یا بازو وغیرہ کا
کمزور ہوجاتا وغیرہ وغیرہ امراض میں سے کسی ایک مرض میں مبتلا ہوکر بقیہ ایام زندگی اسی
حالت میں گزارتا ہے۔

اگر تصلب الشرائین زیادہ ہوجائے تو ایسی صورت میں مریض کی آنکھوں کے پردوں
خصوصاً پردہ شبکیہ میں سے کسی رگ کے پھٹ جانے سے جریان خون ہوکر مریض اپنی قوت
بصارت سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے۔

تشخیص: ایسے مریضوں کی صحیح تشخیص ایک تو نبض کے دیکھنے سے اور دوسرے آلہ مقیاس الدم
کے یعنی چوہے کی دم کے مشابہ چلتی ہے جو دیکھنے سے نباض کو ایک طرف انگلیوں کے پوٹوں
کے نیچے موٹی اور دوسری طرف باریک محسوس ہوتی ہے اور قرع یعنی نبض کی ٹھوکر بھی نباض کو
قوی محسوس ہوتی ہے

ہائی بلڈ پریشر کے مریضوں کے علاج یا امتحان کے دوران اس میں اس بات کو ہرگز فراموش

نہ کرنا چاہیے کہ خون کے دباؤ کی زیادتی عمر تصلب الشرائین قلب کے تعظم بازو کی شرائین میں امواج کی زیادتی یا موجودگی دن کے مختلف اوقات اور مریض کی ذہنی و دماغی کوفت پر ہر آن بڑھتی اور گھٹتی رہتی ہے علاوہ ان امور کے قبض اور انتڑیوں کے نقص سے بھی خون کا دباؤ بڑھ جاتا ہے اس لیے نہایت ضروری ہے کہ خون کے دباؤ کو معلوم کرنے کے لیے پہلے متذکرہ تمام حالتوں پر نہایت کوشش کے ساتھ غور کر لیا جائے اور پھر مریض کا امتحان کریں۔

یونانی علاج :اصل سبب مرض کو دور کریں اگر غذا کی خرابی یا مناسبت یا مریض کا غلط طرز زندگی موجب مرض ہو تو اس میں مناسب اصلاح کریں مریض کو ایک ایک ماشہ سفوف ابریشم تین تین تولہ شربت پیٹھہ کے ساتھ صبح و شام دیں ماء الجبن استعمال کرائیں کہ یہ اس مرض کی بہترین تدبیر ہے۔

سفوف ابریشم: ابریشم مقرض سوختہ ایک تولہ گل سیوتی چھوٹی چندن ہر ایک ڈیڑھ تولہ بادرنجبویہ۔ تخم تلسی۔ گل سرخ۔ رومی مصطگی۔ ہر ایک دو تولہ تمام ادویات کو باریک کر کے سفوف کریں اور ورق نقرہ تین ماشہ زعفران دو ماشہ کشتہ مروارید ایک ماشہ ورق طلاء چار رتی ست سلاجیت نو ماشہ کو باریک کر کے حفاظت سے رکھیں۔

شربت پیٹھہ: پیٹھہ ایک پاؤ۔ بنفشہ اک پاؤ۔ تخم تربوز نصف پاؤ۔ گل گاؤزبان۔ گل نیلوفر۔ گل سرخ۔ بادرنجبویہ۔ خطمی۔ خباری۔ تخم فرنجمشک۔ اسطوخودوس۔ گلو تازہ۔ سناء مکی۔ ہلیلہ سیاہ۔ بسفائج ہر ایک تین تولہ سپستان سو عدد مصری دو سیر بطریق معروف یعنی رات کو تمام ادویات کو چار سیر پانی میں بھگو دیں صبح کو جوش دیں جب دو سیر کے قریب رہ جائے تو اتار کر سرد کریں اور مل چھان کر مصری یا چینی ملا کر قوام کر لیں۔

اب ہم ذیل میں چند ایک نہایت ضروری اور اہم ہدایات سپرد قلم کرتے ہیں ہائی بلڈ پریشر

کے مریض ان پر ضرور عمل کریں۔

خاص ہدایات

1۔ مریض کو قبض ہرگز نہ ہونے دیں۔

2۔ غذا بالکل سادہ اور کم دیں مریض غذا آہستہ آہستہ کھائے۔

3۔ سبزیاں رس دار پھل تازہ دودھ چاول اور ڈبل روٹی وغیرہ استعمال کرائیں۔

4۔ شراب کباب چائے گوشت سگریٹ پیسٹری انڈا پلاؤ یخنی شوربا اور ثقیل اور دیگر محرکات وغیرہ سے مریض کو بچائیں۔

5۔ نمکین غذا بہت کم دیں۔

6۔ مریض کو جسمانی اور دماغی آرام پہنچائیں۔

7۔ دورہ کے وقت مریض کو آرام سے لٹا دیں۔

8۔ صبح کو مریض کو سیر و تفریح کرائیں کیونکہ باقاعدہ سیر اور ہلکی ورزش سے بلڈ پریشر دنبدن کم ہو کر اپنی اصلی حالت پر آجات ہے ورزش بلڈ پریشر میں صرف اتنی مفید ہے کہ ورزش سے جلدی رطوبت یعنی پسینہ خارج ہو جائے کیونکہ رطوبت کا اس عارضہ میں خارج ہونا ازبس ضروری ہے۔

9۔ اگر خون کا دباؤ بہت زیادہ بڑھ گیا ہو تو اس صورت میں فصد بھی بہت مفید ثابت ہوا ہے لہذا ضرورت کے مطابق مریض کی فصد بھی کر دینی چاہیے۔

10۔ مدرات کا قوت کے لحاظ سے وقتاً فوقتاً استعمال کرتے رہنا چاہیے۔

11۔ مریض کو پانی بہت کم دینا چاہیے۔

12۔ جن مریضوں کا دل کمزور ہو انہیں ابتدا ہی سے آرام و سکون میں رکھنا چاہیے۔

13۔ ہضم طوام کا خصوصاً خیال رکھیں۔

بانجھ پن

"بانجھ پن" کے معنی اولاد کا نہ ہونا ہے۔ بدقسمتی سے یہ مرض بھی پاکستان میں پھیلتا جارہا ہے۔ اس مرض کا عربی نام امام طب بوعلی سینا نے "عقم" رکھا ہے اور ذکریا رازی نے اسے "عقر" کے نام سے موسوم کیا ہے۔ ماہرین کے مطابق بانجھ پن پیدا ہونے کی کئی وجوہات ہیں۔ یہ مرض عموماً مردوں میں بھی پایا جاتا ہے جس کی تفصیلی وجوہات آئندہ میں بیان کی جائیں گی۔

ماہرین کے مطابق مندرجہ ذیل وجوہات بانجھ پن کا سبب بنتی ہیں۔

1: امراض متعدی رحم

2 امراض ورمیہ عضوے تناسل نسواں

3: خصیۃ الرحم کے امراض

4: عنق کے رحم کے امراض

5: خصیۃ الرحم کا مفقود ہونا

6: رحم کا مفقود ہونا

7: قاذف کا مفقود ہونا

8 عنق کے رحم کا آپریشن

9: کثرت مجامعت وغیرہ وغیرہ

اس بارے میں بڑے بڑے مشاہیر کے مشاہدات کا نچوڑ ملاحظہ فرمائیں۔

1: عقر کا سبب ورم "خصیۃ الرحم" ہے۔

2: عقم کا باعث ورم قاذف یعنی "sulphingitis" ہے۔

3: عقم کا باعث آپریشن کے ذریعے خصیۃ الرحم کا اخراج ہے۔

4: عقر کا باعث موٹاپا (Corpulency) ہے جسے ڈاکٹری میں (Obesity) کہتے ہیں۔

5: عقم قلت طمث یعنی (Amenorrhea) اور عسر الطمث یعنی (Dysmenorrhea) اور کثرت الطمث یعنی (Menorrhagia) کے باعث پیدا ہوتا ہے۔

6۔ عقم کا سبب استحاضہ (Metrorrhagia) ہے۔

7۔ عقم کا باعث مرض نزیف رحمی یعنی (Metritis) ہے۔

8۔ عقم کا باعث سلان الرحم یعنی (Levcorrhea) ہے۔

9۔ عقم کا باعث اختناق الرحم یعنی ہسٹریا (hysteria) ہے۔

10۔ عقم کا باعث عورتوں کے رحم کی تنگی ہے یعنی اس قدرتی مرض کو (infentile uters) کہتے ہیں۔ اس مرض میں عورت کے اندام نہانی اس قدر تنگ ہوتی ہے کہ اس میں صرف ایک چھوٹی انگلی داخل ہوسکتی ہے۔ عقم کا باعث سوزاک کے جراثیم ہیں جو مردوں سے منتقل ہوکر عورتوں کے رحم میں پرورش پاتے ہیں

عقم کا باعث سوزاک کے جراثیم ہیں جو مردوں سے منتقل ہوکر عورتوں کے رحم میں پرورش پاتے ہیں

اور نطفے کو قرار نہیں پانے دیتے ان کیڑوں کا نام جرثومہ سزاکیہ bacillus

gonococcus ہے۔

14۔ عقم کا باعث ورم عقم الرحم cervical endometritis استرخاء رحم sub involution of the uterus انقباض الرحم۔ اعوج الرحم displaceement of the uterus رحم کا چھوٹا پن atroply of uterus ورم الفرج مزمن chronic velvatis ورم مزمنہ نظام تناسل نسواں chronic inflamation of female ganito organs

ہمارے خیال میں حقیقت الامر یہ ہے کہ مرد بانجھ زیادہ ہوتے ہیں اسلیئے کہ یہی جراثیم مادہ منویہ جنہیں سپرم ٹوزوا (spermtozau) کہتے ہیں نطفہ قرار پانے میں معین ومددگار ہوتے ہیں اور جنین (ovum) بھی انہی مادہ منویہ کے خمیر پر استقرار پاتا ہے پس اگر مادہ منویہ میں مادہ حونیات نہ ہوگا تو کبھی نطفہ قرار ہی ہیں پاسکتا اگر مرد کی منی سے یہ جراثیم مفقود ہو جائیں تو مرد ضرور عقم ہوسکتا ہے۔ لیکن مرد کے عقم ہونے پر کسی کو بھی خیال نہیں ہوتا۔ بلکہ اس مرض کی موجب غریب عورت ہی قرار پاتی ہے حالانکہ اکثر عورتیں اس الزام سے بری بھی ہوسکتی ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ عورتوں میں بھی عقم اکثر سے ہوتا ہے لہذا اگر عقم کا باعث عورت ہے تو عورت کا اور اگر مرد عقیم ہے تو مرض کا معقول علاج کیا جائے۔

اگر عقم کا باعث عورت ہے تو عورت کا اور اگر مرد عقیم ہے تو مرد کا معقول علاج کیا جائے

جدید طبی تحقیقات کی رو سے یہ حقیقت سامنے آچکی ہے کہ اولاد پیدا نہ ہونے کی بنیاد بانجھ پن کو نہیں ٹھہرایا جاسکتا کیونکہ شادی شدہ جوڑوں میں چالیس فیصد مردوں کا قصور ہوتا ہے مردوں میں بانجھ پن عورتوں سے زیادہ ہوتا ہے اس کے اسباب اور وجوہات پر آئندہ

روشنی ڈالی جائے گی۔ آج ہم صرف عورت کے بانجھ پن پر تفصیلی روشنی ڈالنے کے علاوہ ان کے موثر علاج کے لیے اسراری نسخہ جات بھی پیش کریں گے کیونکہ جگہ کی کمی کے باعث ایسا ہی ممکن ہے اطباء کرام بانجھ پن کے اسباب اور ماہیت کے بارے میں پہلے ہی بہت کچھ پڑھ اور سن چکے ہونگے۔

حقیقت الامر یہ ہے کہ مرد بانجھ زیادہ ہوتے ہیں

ذیل میں ہم بانجھ عورت اور مرد کے لیے چند اسراری نسخہ جات پیش کررہے ہیں وظائف عملیات میں بھی بانجھ پن ختم کرنے کے بیشمار نسخے ہیں اس کے لیے تعویزات بھی ہیں

بانجھ پن کسی بیماری کی وجہ سے عارض ہوا ہے تو انشاء اللہ مندرجہ ذیل مکمل کورس کے استعمال سے اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت پیدا ہوجائے گی اس نسخہ کو کسی مستند طبیب یا معتبر دواخانہ سے تیار کرالیں اثنائے استعمال میں شوہر سے علیحدہ رہیں بے ضرر ہے اس لیے ہر موسم میں تیار اور استعمال کیا جاسکتا ہے۔

اکسیر بانجھ پن

نسخہ : پنیر مایہ خرگوش ایک تولہ۔ رحم خرگوش خشک کردہ ایک تولہ۔ برادہ دندان فیل اصلی تین تولہ۔ ناگ کیسر ایک تولہ۔ ریش پیپل تین تولہ۔ مشک خالص تین ماشہ۔ تخم شونگی نو ماشہ

ترکیب تیاری: تمام اشیاء کو اچھی طرح کھرل کر کے سفوف بنالیں دندان فیل کو پہلے کسی ریتی کے ساتھ رگڑ کر برادہ کرلیں۔

ترکیب استعمال: دو ماشہ صبح نہار منہ ہمراہ دودھ گائے بعد از فراغت حیض اور دوسرے دن رات کو سوتے وقت دو ماشہ پانی یا دودھ سے کھلائیں پھر سات دن متواتر

استعمال کریں۔

اکسیر اولاد نرینہ

قلب الحجر ایک تولہ۔ طباشیر ایک تولہ۔ جدوار خطائی ایک تولہ۔ صندل سفید ایک تولہ۔ دانہ الائچی خورد ایک تولہ۔ کہرباشمی ایک تولہ۔ زہر مہرہ خطائی ایک تولہ۔ ابریشم سفید ایک تولہ۔ عود صلیب ایک تولہ۔ نارجیل دریائی نو ماشہ۔ زنجبیل تین ماشہ کشتہ مرجان تین ماشہ یاقوت احمر مغسول تین ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو عرق گلاب ایک بوتل میں کھرل کریں۔

ترکیب استعمال: کیپسول چھوٹے سائز کے بھرلیں ایک کیپسول صبح اور ایک شام ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

اکسیر معین حمل

زعفران چھ گرام مشک خالص چھ گرام عنبر چھ گرام پنیر مایہ شتر اعرابی چھ گرام قرنفل چھ گرام جوز بوا چھ گرام بسباسہ چھ گرام کرم سنگ چھ گرام حجر القلب چھ گرام مروارید ایک گرام ورق نقرہ چھ گرام

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو باریک خوب چھان کر شہد میں ملا کر حبوب بقدر نخود بنالیں۔

ترکیب استعمال: بعد از فراغت حیض کے صبح شام ہمراہ شیر گاؤ بارہ دن تک مسلسل استعمال کریں اس نسخہ کے استعمال سے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ایک یا دو ماہ تک

حمل قرار پائے گا۔

دوائے اسقاط

برادہ دندان فیل ساٹھ گرام۔ گوند ڈھاک۔ سنگ جراحت۔ مائیں خورد۔ دانہ الائچی خورد طباشیر ہر ایک 24 گرام۔ کشتہ سرجان بارہ گرام

ترکیب تیاری: سب ادویات کو علیحدہ علیحدہ پیس کر چھان لیں اور ملالیں۔

مقدار خوراک: 500 ملی گرام صبح شام گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

یہ اسقاط کے لیے بہترین تحفہ ہے اسقاط شروع ہو چکا ہو یا خطرہ ہو تو اس کا استعمال کرالیں فوراً روک دیگا استحاضہ یعنی رحم سے خون آنے کا شرطیہ علاج ہے دوسرے تیسرے دن ہی خون بند ہو جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دمہ

اس مرض میں سانس مشکل سے آتا ہے پھیپھڑوں کی ہوائی نالیوں اور ڈایافرام کے عضلہ میں تشنج آ کر تنگ تنفس کے دورے شروع ہو جاتے ہیں یہ مرض اکثر موروثی ہوتا ہے گرد و غبار، سرد ہوا کا لگنا، نزلہ زکام، معدہ کی خرابی دل اور پھیپھڑوں کے امراض اور الرجی اس کے اسباب ہیں۔

اکسیر دمہ خاص

جنگلی خرگوش ایک عدد۔ نوشادر پچاس گرام۔ سہاگہ پچاس گرام۔ سمندر جھاگ پچاس گرام۔ سمندر جھاگ کو اچھی طرح شیر مدار میں تر کریں۔

راکھ پھکنڈا سو گرام۔ راکھ کیلہ دو سو گرام۔

ترکیب تیاری: خرگوش کو آلائش سے پاک کریں اور جملہ ادویہ کو پیٹ میں بھر کر سی دیں کوزہ میں بند گل حکمت کر کے تیس کلو کی آگ دیں کشتہ ہوگا پیس کر محفوظ کر لیں۔

خوراک: نصف سے ایک ماشہ ہمراہ دودھ پتی یا قہوہ لونگ دار چینی بادیان خطائی سے دیں۔

فوائد: دمہ کی خاص دوا ہے بلغم خارج کرتی ہے کھانسی میں از حد مفید ہے عام نزلہ زکام کو ایک خوراک میں ٹھیک کرتی ہے ایک خاص اثر مزید دیکھا گیا ہے کہ دو ماشہ ہمراہ گرم دودھ استعمال کرنے سے **انتشار** بھی خوب پیدا کرتی ہے معمول مطب ہے۔

دوا اکسیری: برگ دھتورا پچاس گرام۔ برگ مدار پچاس عدد۔ نوشادر دو سو گرام۔ سہاگہ دو سو گرام۔ دیسی تمباکو کڑوا دو سو گرام۔

ترکیب تیاری: ادویہ کو سفوف کر لیں اور ہر دو برگ کے درمیان رکھتے جائیں اور پتوں کی تہہ لگاتے جائیں کوزہ میں بند گل حکمت کر کے بیس کلو کی آگ دیں دوا تیار ہے۔

ترکیب استعمال: نصف سے ایک ماشہ تک ہمراہ آب تازہ یا عرق بانسہ بلغمی کھانسی دمہ نزلہ زکام میں مفید بلکہ اکسیر ہے۔

شربت دمہ : تمباکو دیسی بیس گرام۔ نوشادر پچاس گرام۔ برگ بانسہ پچاس گرام۔ سوم کلپا ایک سو پچاس گرام۔ ملٹھی پچاس گرام۔ جوکھار اصلی بیس گرام۔

ترکیب تیاری: جوکھار کے علاوہ تمام ادویہ کو مناسب پانی میں بھگو دیں اور بارہ گھنٹے بعد شربت تیار کریں چینی ایک کلو ڈال کر جوکھار میں پیس کر ڈال دیں جب شربت پکنے کے قریب ہو۔

فوائد: منجمد بلغم کو اکھاڑتا ہے دمہ شدید کھانسی میں اکسیر کا کام کرتا ہے۔

اکسیر تریاقی: شیر مدار آدھا کلو۔ افیون آدھا تولہ۔ کچی ہلدی پچاس گرام۔ کوزہ میں بند کر کے پندرہ کلو آگ دیں دوا تیار ہے۔

خوراک: ایک رتی تا دو رتی ہمراہ بالائی استعمال کرائیں اس اکسیر سے ایک دس سالہ پرانی مریضہ بالکل تندرست ہوگئی ہے ایک ماہ دوائی دی گئی۔

نوٹ: یہ دوا الرجی والے مریض کو نہ دیں۔

اکسیر مچھلی: مچھلی کے بچے حسب ضرورت لیکر اتنا شیر مدار ڈالیں کہ بچے ڈوب جائیں پھر اسے نرم آگ پر چڑھائیں جب سب جل جائیں تو پیس کر محفوظ رکھیں۔

خوراک: ایک رتی تا دو رتی دمہ میں بہت مفید و مجرب ہے۔

شربت ببول: سک ببول ایک کلو۔ گوشت بکرا بغیر ہڈی ایک کلو۔ پانی دس کلو۔ زعفران ایک ماشہ۔

گوشت و سک کو پانی میں بھگو دیں پھر آگ پر چڑھائیں جب پانی ایک کلو رہ جائے تو شہد ایک کلو اور زعفران شامل کر کے قوام پر لائیں۔

خوراک: ایک تا دو چمچ دن میں دو یا تین دفعہ استعمال کرائیں اس دوا سے کئی مریض بالکل ٹھیک ہو چکے ہیں۔

بلاٹا ڈراپس: بلاٹا Q دو ملی لیٹر۔ کریٹیگس Q ایک ملی لیٹر کیکٹس ایک ملی لیٹر سپونجیا 30 ایک ملی لیٹر اپی کاک 1X ایک ملی لیٹر ایکونائیٹ 30 ایک ملی لیٹر سب کو ملا لیں دس تا پندرہ قطرے دن میں چار دفعہ استعمال کرائیں۔

فوائد: دل کے امراض کی وجہ سے تنگی تنفس اور عام دمہ کے لیے اکسیر ہے۔

جوش خون دل کی کمزوری کی وجہ سے دمہ کے لیے مجرب ہے ایک عمر رسیدہ مریضہ کو دل کی وجہ سے تنگی تنفس تھا ڈاکٹر اسے ماریکس اور ڈیکسا میتھاسون کی گولیاں استعمال کرا رہے

تھے اور کئی قسم کے انجکشن بھی آزمائے جا چکے تھے۔ لیکن کچھ فائدہ نہیں بعد تشخیص یہی شربت اور قطرے استعمال کرائے گئے اللہ تعالیٰ نے شفا دی۔

دوائے جدید: تخم خربوزہ کا کوہلو سے تیل کشید کرائیں یہی دوا ہے۔

اس کا تجربہ ایسے شخص نے کیا جو خود مریض تھا اور کوہلو چلاتا تھا کوئی شخص تیل نکلوانے کے لیے آیا تو اس نے تھوڑا سا تیل رکھ لیا اور ایک چمچ پی لیا اسے کافی فرق محسوس ہوا دوسرا تیل استعمال کرنے سے بہت افاقہ ہو گیا لہذا مزید تیل نکالا گیا اور استعمال کیا گیا وہ بالکل ٹھیک ہو گیا حالانکہ معمولی دھول سے بھی اس کا سانس بند ہو جاتا تھا اور دو قدم بھی نہیں چل سکتا تھا پھر کئی مریضوں پر تجربہ کیا گیا تسلی بخش نتائج برآمد ہوئے ہیں۔

معجون قسط: قسط شیریں سو گرام۔ روغن زیتون پچاس گرام۔ شہد خالص پچاس گرام معجون تیار کریں

ایک بڑا چمچ صبح ایک شام استعمال کرائیں اکثر مریضوں کے حالات دیکھیں تو مرض کا سبب کوئی نہ کوئی جراثیمی مرض ہوتی ہے اکثر کے خاندان میں دق کی ہسٹری ہوتی ہے ایسے مریضوں کو معجون قسط ضرور استعمال کرانی چاہیے بلکہ ہر مریض کو استعمال کرائیں کیونکہ یہ ہر قسم کے دمہ میں اکسیر ہے۔

صرف سفوف قسط بھی دمہ میں اکسیر ہے اسے ایک چمچ کی مقدار میں ہمراہ گرم پانی میں شہد ڈال کر استعمال کرائیں یہ ایک بہترین انٹی بایوٹک دوا ہے اور اور بارگاہ رسالت سے اسے سند بھی حاصل ہے اور رسول اکرم ﷺ نے اسے لوزتین نمونیا کا علاج قرار دیا ہے۔ اس لیئے یہ بے خطا ہے لیکن قسط شیریں خالص ہونی چاہیے کیونکہ بعض پنساری حضرات قسط کی بجائے بدھاری قند دے دیتے ہیں جس کے خواص قسط سے نہیں ملتے البتہ شکل کچھ کچھ ملتی ہے۔ لیکن پھر بھی فرق واضح ہے کہ قسط ہلکی خوشبودار اور کم موٹی ہوتی ہے اور ایک جڑ کو

درمیان سے چیر کر خشک کر لیا جاتا ہے جبکہ بدھاری قند موٹی وزنی اور بدبو جڑ ہوتی ہے اور ایک جڑ کے کئی ٹکڑے ہوتے ہیں اس لیے پہچان رکھیں۔

دواء دمہ مختصر: سہاگہ سفید حسب ضرورت سہاگہ کو ذرا دیر کوٹ کر شیر مدار میں تر کریں اور اکیس دن متواتر تر رکھیں ہر خشک کر کے اچھی طرح کھرل کر لیں دوا تیار ہے۔

مقدار خوراک: ایک رتی ہمراہ قہوہ لونگ دار چینی یا چائے پئیں۔

کفرنل سیرپ: برگ بانسہ آدھا کلو عناب بیس گرام۔ ملٹھی پچاس گرام۔ سوم کلپا دو سو گرام۔ گل بنفشہ بیس گرام۔ گل نیلوفر بیس گرام۔ تخم خیاری بیس گرام۔ سکہ ببول آدھا کلو گر کیرا تا ایک کلو۔ گاؤزبان بیس گرام۔

ترکیب تیاری: ادویہ کو چار کلو پانی میں بھگو دیں گھڑے میں ڈال کر دھوپ میں رکھ دیں روانہ ہلاتے رہیں ہفتہ بعد مل چھان کر بوتلوں میں بھر لیں۔

ترکیب استعمال: ایک یا دو چمچ تک متذکرہ بالا دوا کے ساتھ دیں شربت کا استعمال مفید و موثر ثابت ہوا ہے۔

قلب الحجر

مفردات کی کتابوں میں "قلب الحجر" یا جگر سنگ کا بہت کم ذکر ملتا ہے البتہ رموز الاطباء جلد اول کے بعض بعض مقامات پر ضمناً اس کا تذکرہ پایا جاتا ہے چنانچہ کتاب مذکورہ کے صفحہ 199 پر اس کی ماہیت ان الفاظ میں بتائی گئی ہے کہ "پتھر کی کانوں میں ایک چیز چمکدار ملائم بے مزہ سفید براق نکلتی ہے جس کو پتھر کا جیو کہتے ہیں۔ اندور میں جس قدر کالے پتھر کی چٹانیں توڑنے والے ہیں سب جانتے ہیں اگرچہ قلب الحجر کی مزید چھان بین کے لیے ہم نے مفردات کی کئی کتابوں کی ورق گردانی کی لیکن نگہ تلاش اس کے ڈھونڈنے میں کامیاب نہ ہوئی بہر حال تجربہ بتاتا ہے کہ اسقاط حمل وغیرہ کے لیے قلب الحجر سے بہتر کوئی دوسری دوا نہیں یہی وجہ ہے کہ کئی اصحاب اس کی تلاش میں رہتے ہیں چنانچہ دہلی سے شائع ہونے والے طبی میگزین میں بھی اکثر اس کے بارے میں لکھا جایا رہتا ہے۔ توقع ہے کہ دیگر واقف کار حضرات بھی سنگ جگر کی ماہیت وخواص پر مزید روشنی ڈال کر ہمیں شکر گزاری کا موقع دیں گے۔ تاکہ مزحد تحقیق کو آگے بڑھایا جاے

سنگ جگر کی کوئی خاص دوکان یا کارخانہ نہیں ہے پہاڑی مقامات پر جہاں سے پتھر نکالے جاتے ہیں کوہ کنوں سے مل جاتا ہے۔ بظاہر اس کی کوئی خاص شناخت نہیں صرف اطمینان پر لے لیا جاتا ہے البتہ اس کی حقیقت اس کے عمل پر کھلتی ہے۔

"جگر سنگ" مختلف شکل وشباہت کا ہوتا ہے یعنی جس رنگ کا پتھر ہوتا ہے اس رنگ کا جگر بھی اس میں سے نکلتا ہے جس وقت نکلتا ہے تو اس وقت اس میں جان ہوتی ہے ہوا لگنے سے فوراً بے جان اور سخت ہو جاتا ہے مگر پھر بھی پتھر سے زیادہ ملائم اور کھانے میں سوندھا ہوتا ہے عمدہ وہ ہوتا ہے جو سخت پتھر میں سے نکلتا ہے اس کے جو خواص آج تک ہمارے تجربہ میں آ چکے ہیں درج ذیل ہیں۔ اس کا ایک نسخہ عقر کے بیان میں بھی موجود ہے۔

برائے طاعون: طاعون کی حالت میں دو دو گھنٹہ کے وقفہ سے ایک ایک ماشہ سفوف عرق شاہترہ یا پانی کے ساتھ دیں اور تھوڑا سا سفوف عرق کو سبز اگر کو سبز نہ ملے تو کو خشک کر کے اس کے پانی سے گلٹیوں پر دن میں دو چار بار گرم کر کے لیپ کریں اسی روز نفع نمایاں ہوتا ہے سرسامی حالت میں تو جادو کا سا اثر دکھلاتا ہے۔

برائے ہیضہ: ہیضہ والے مریض کو ایک ایک ماشہ عرق گلاب تند میں شامل کر کے دو دو گھنٹہ پر دیا جائے۔

اختلاج قلب واختناق الرحم

اختلاج قلب والے مریض کو ایک ایک ماشہ صبح شام ہمراہ عرق بید مشک یا بید سادہ یا گاؤ زبان کے دیا جائے اختناق الرحم کی مریضہ کو بھی اسی طرح دینے سے نفع ہوتا ہے۔

برائے اسقاط حمل واولاد نرینہ

جس عورت کا گل ساقط ہو جاتا ہو اسے بحالت استقرار حمل اول مہینہ میں ایک ہفتہ دوسرے اور تیسرے مہینہ میں چھ چھ یوم اور پانچویں چھٹے اور ساتویں مہینہ میں تین تین یوم آٹھویں اور نویں مہینہ میں صرف ایک ایک یوم آدھا ماشہ جگر سنگ آدھ ماشہ بنسلوچن شامل کر کے پانی سے کھلاتے رہیں تو بجائے نویں مہینہ ولادت کے دسویں مہینہ ولادت ہوگی اگر قاعدہ بالا کے مطابق عمل درآمد ہوتا رہے گا تو بجائے لڑکی کے لڑکا پیدا ہوگا ہمیشہ زمانہ حمل میں ابتدائی مہینہ سے استعمال کرانا ہوگا۔

برائے عقم: عقیمہ عورت اگر روزانہ دو تین ماہ تک نصف ماشہ صبح شام پانی سے استعمال جاری رکھیں بشرطیکہ ایام ماہواری کی کوئی خرابی نہ ہو تو

ضرور ثمرہ اولاد سے بارآور ہوگی چاہیے کہ جس وقت عورت اس کا استعمال شروع کرے جو نقص بھی جن میں ہوگا سب دفع ہو کر حمل قرار پا جاتا ہے اگر عورت کو ایام کی خرابی شکایت

ہوتو اول اس کی اصلاح کر لی جائے۔

بثور فم: منہ کے چھالوں کے لیے طباشیر شامل کر کے منہ میں چھڑکیں اور رال گراتے رہیں، بہت جلد نفع ہوتا ہے۔

لسع مار: سانپ کے کاٹنے پر قدرے پیس کر سیاہ مرچ شامل کر کے لگانا اور دو تین مرتبہ ایک ایک دو دو گھنٹہ کے فرق سے پانی سے کھلانا بہت نفع کرتا ہے۔

نیش عقرب: بچھو یا بھڑ کے ڈنک پر شراب یا اسپرٹ یا پانی میں گھس کر لگانے سے دومنٹ میں زہر زائل ہو جاتا ہے مگر چاہیے کہ تھوڑا سا کھلا بھی دیں۔

برائے زھر: اگر کسی نے زہر کسی قسم کا کھایا ہو یا سنکھیا تو ایک ایک گھنٹہ پر ایک ماشہ دو تین مرتبہ دیا جائے تو تمام زہریلا اثر دور ہو جاتا ہے آزمائش کی ضرورت ہو تو کسی مرغی کو قدرے سنکھیا کھلا دیا جائے اس کے بعد نصف یا ایک ماشہ آٹے میں اس کا سفوف شامل کر کے دیدیا جائے مرغی کبھی نہ مرے گی۔

برائے بثور: اگر کسی کے جسم میں دانے پڑتے ہوں پانی میں شامل کر کے جسم پر ملیں بہت نفع ہوتا ہے۔

شدید کھانسی کا آسان علاج

نسخہ: مغز بادام شیریں دس گرام۔ مغز بادام تلخ دس گرام۔ تخم السی بریاں دس گرام۔ مغز چلغوزہ دس گرام۔ کتیرا تین گرام۔ انیسوں تین گرام۔ گوندبول تین گرام۔ ملٹھی تین گرام۔ رب السوس تین گرام۔ قند سفید چار گرام

ترکیب تیاری: آب تازہ اور قدرے شہد میں گولیاں بنائیں

خوراک: بوقت ضرورت ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسا کریں کثیر فائدہ دیگا۔

مجربات ذکائی

برائے نمونیا: افیون تین ماشہ۔ کافور تین ماشہ۔ زعفران تین ماشہ۔ اشق مرکی رب السوس منمع عربی مصطگی ہر ایک دو ماشہ کشتہ سنگا ایک ماشہ سب کو باریک پیس کر بنفشہ کے کاڑھے سے چنے برابر گولیاں بنالیں اور دو دو گولی دن میں تین بار گرم پانی سے کھلائیں۔

سفوف برائے ملیریا

مغز تخم کرنجوہ ایک تولہ۔ طباشیر۔ ست گلو۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک چار ماشہ فلفل سیاہ۔ زنجبیل ہر ایک دو ماشہ شکر سفید تین تولہ باریک پیس کر سفوف بنائیں اور نوبت سے دو گھنٹے بیشتر ایک ماشہ تازہ پانی سے کھلائیں۔

پرانے اور بگڑے ہوئے ملیریا کیلیے: پھٹکری بریاں چار ماشہ ہیرا کیسس ایک ماشہ ریوند چینی۔ اردگلو ہر ایک چھ ماشہ۔ طباشیر۔ الائچی خرد۔ فلفل دراز۔ ہر ایک ایک ماشہ کوٹ چھان کر عرق گلاب میں چنے کے برابر گولیاں بنالیں اور دو گولیاں صبح دوپہر اور شام کو کھلائیں۔

برائے طحال: بڑھتی ہوئی تلی کو چند روز میں گھلا دیتی ہے لوٹا بجی۔ سہاگہ سفید۔ پھٹکری۔ ہیرا کیسس۔ نمک سانبھر۔ نمک شیشہ۔ نمک سیندھا۔ نوشادر۔ قلمی شورہ۔ جوکھار اصلی۔ ہر ایک تین تین ماشہ رائی ایک تولہ مصبر۔ مرکی۔ سونٹھ۔ کالی مرچ۔ ریوند۔ مصطگی۔ انیسوں۔ ہر ایک دو ماشہ سب کو عرق بادیاں میں پیس کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں باندھیں مریض طحال کو صبح سویرے چند قدم دوڑا کر دو گولیاں شربت سکنجبین شربت دینار یا صرف سادہ پانی سے کھلائیں ایک گھنٹہ بعد دودھ کے ساتھ روٹی یا موٹے آٹے کا حلوہ جو قند سیاہ سے تیار کیا ہوا ہو کھلائیں پھر ایک گولی شام کو کھلا دیں اور تلی کے مقام پر لیپ لگائیں۔

سداب ۔ مصبر ۔ گندھک ۔ صمغ عربی ۔ مرکی ۔ اکیل الملک ۔ ہر ایک برابر وزن لیکر سرمہ میں پیس کر لیپ کریں۔

سفوف جریان: بیج بندگی میں بھونا ہوا پانچ تولہ مائیں خرد ۔ دانہ الائچی خرد ۔ طباشیر ہر ایک چار ماشہ سمندر سوکھ تین تولہ دم الاخوائن ایک تولہ مصطگی نو ماشہ صمغ عربی تین ماشہ کوٹ چھان کر رکھیں اور تین ماشہ صبح شام کو دودھ سے کھایا کریں۔

سفوف برائے بول بستری: کنجد سفید اجوائین دیسی بریاں زنجبیل بریاں ہر ایک دو تولہ مغز بلوط ڈیڑھ تولہ شکر سرخ دس تولہ سفوف بنا کر ایک تولہ رات کو سوتے وقت تازہ پانی کے گھونٹ سے کھائیں۔

برائے اطفال: ناگر موتھا طباشیر دانہ الائچی کاکڑا سنگی اتیس زہر مہرہ خطائی کتھا سفید رزدرد مغز کنول گھٹہ ریوند خطائی ہلیلہ زرد ہر ایک ایک تولہ ریوند چینی تین تولہ تمام ادویہ کو روح کیوڑہ میں کھرل کر کے باریک کرلیں بچوں کی تمام امراض کے لیے مثلاً قے' دست' بخار' پیچش' کھانسی' سوکھا' مسان ڈبہ' بدہضمی' اور جملہ عوارضات متعلقہ بوقت دانت نکلنے کے مفید ہے اور بچوں کی تمام امراض کا مفید علاج ہے۔

سفوف کہربا: زعفران کافور ہر ایک سات رتی بالچھڑ تین ماشہ اگر چھ ماشہ آملہ بنسلوچن ہر ایک نو ماشہ کھربا گل سرخ اڑھائی تولہ سب ادویات حسب طریق کوٹ چھان کر سفوف بنالیں خوراک تین ماشہ ہمراہ عرق سونف معدہ کو تقویت دینے کے لیے نہایت مفید ہے تیز متلی قے وغیرہ کو رفع کرتا ہے۔

برائے سیلان الرحم: گل نیم پانچ تولہ پھٹکری پانچ تولہ صمغ عربی پانچ تولہ خون سیاوشاں پانچ تولہ آرد سنگھاڑا پانچ تولہ آرد غنود بریاں پانچ تولہ گل سپاری اڑھائی تولہ کشتہ قلعی دو تولہ سب کو ملا کر سفوف بنالیں۔

سر درد کا فوری علاج

نسخہ: صندل ۔ کافور ۔ سونٹھ ۔ بادام ۔ بدھارا ۔ ہر ایک دوا 5 گرام

ترکیب تیاری: کوٹ چھان کر رکھیں جب درد سر شروع ہو تو تھوڑا سا لیکر پانی میں گاڑھا گاڑھا حل کر کے درد والی جگہ لیپ کریں چند منٹ میں درد رفع ہوگا مجرب ہے۔

سرسام کا مجرب علاج

نسخہ: صندل برادہ 7 گرام ۔ کافور 3 گرام ۔ سرکہ 15 گرام۔

ترکیب تیاری: سب کو عرق گلاب 60 ملی لیٹر میں ڈال دیں اور ایک شیشی میں رکھ دیں جب ضرورت ہو تو اسی شیشی سے سنگھا دیں فوراً آرام ہو جائے گا۔

درد سر اور شقیقہ کا علاج

نسخہ: تربد موصوف 1 گرام ۔ سورنجاں 500 ملی گرام ۔ ہرزرد 500 ملی گرام۔ گلسرخ 500 ملی گرام ۔ بنفشہ 500 ملی گرام ۔ میتھوں 3 گرام ۔ نمک ہندی 3 گرام ۔ بوزیدان 3 گرام ۔ انیسوں 3 گرام ۔ سقونیا مشد 3 گرام ۔ گوگل 3 گرام ۔ فاریقون 3 گرام ۔ سکبینج 3 گرام۔

ترکیب تیاری: سب ادویات کو پیس چھان کر سفوف بنالیں

خوراک: 7 گرام ہمراہ تازہ پانی کے کھلادیں فوراً آرام ہو جائے گا۔

شقیقہ کے درد کے واسطے

نسخہ: نوشادر 3 گرام ۔ کیری 1 گرام۔

ترکیب تیاری: دونوں کو کوٹ چھان کر نسوار بنالیں

خوراک: دونوں نتھنوں میں لیں فائدہ ہوا گر اوپر کی داڑھ میں درد ہو تو جس طرف درد ہو اس کے مخالف نتھنے میں سنگھا دیں بہت جلد فائدہ ہوگا

درد شقیقہ اور سوزش چشم کے لیے

نسخہ: پھٹکری 1 گرام۔ رسونت 3 گرام۔ ہلیلہ زرد 3 گرام۔ افیون 1 گرام۔ کافور 2 گرام۔

ترکیب تیاری: ان سب کو کوٹ کر پانی میں حل کر کے درد والی جگہ پر لگا دیں فوراً آرام ہوگا اگر سوزش چشم ہے تو کافوری کے علاوہ سب چیزیں لیکر ان کو پوست کے پانی میں حل کر کے ٹکیاں بنالیں

خوراک: بوقت ضرورت پوست کے پانی میں گھس کر آنکھ میں لگا دیں مفید ہے۔

نسخہ برائے گرہ چشم

نسخہ: کشتہ جست 10 گرام۔ پھٹکری 6 گرام۔ سمندر جھگ 6 گرام۔ شیشہ نمک 6 گرام۔ سفید کاشغری 6 گرام۔

ترکیب تیاری:

ان سب کو باریک اور کپڑ چھان کر کے سرمہ بنالیں یعنی کانسی کے برتن میں ڈال کر اس ڈنڈے سے جس پر سیسہ لگا ہو باریک کر کے سرمہ بنالیں اور دونوں آنکھوں کے چھپروں پر چھڑکائیں اوپر سے مٹی کی ٹکیہ باندھ دیں بہت ہی مجرب اور مفید ہے۔ دواخانہ دار العلاج میں یہ نسخہ ہر وقت تیار ملتا ہے

پلک گر جانے کا علاج

جس آدمی کے پلک گر گئے ہوں اس کو چاہیے کہ گیرو باریک پیس کر کڑوے تیل میں ملا کر اس قدر کھرل کریں کہ مرہم بن جائے یہ مرہم پلکوں پر لگا دیں پھر پیدا ہو جائیں گے۔

سرمہ

نسخہ: سہاگہ بریاں۔ نوشادر مصفی۔ سمندر جھاگ۔ سنگ بصری۔ قلمی شورہ۔ پھٹکری بریان۔ مغز پلاس۔ مغز تخم سرس۔ چینی کچی ہر ایک پانچ گرام سرمہ سیاہ دس گرام

ترکیب تیاری:

سب ادویات کو کوٹ کر عرق لیموں میں تین گھنٹہ تک خوب کھرل کریں اور سایہ میں خشک کر کے باریک کپڑے سے چھان کر شیشے کی بوتل میں رکھ لیں

خوراک: بوقت ضرورت سلائی سے آنکھوں میں لگا دیں اس سے ضعف بصارت۔ تاریکی چشم۔ دھند۔ غبار جالا۔ پھولا۔ ککری۔ پڑوال۔ سرخی چشم۔ خارش چشم سب کو فائدہ دیتا ہے مجرب ہے۔

یاقوتی سرمہ بنانے کا طریقہ

نسخہ: پھٹکری سات گرام۔ قلمی شورہ تین گرام۔ فلفلدراز آدھا گرام۔ برگ نیم آدھا گرام۔ ہرڑ زنگی آدھا گرام۔ چاکسو آدھا گرام۔ سرمہ اصفہانی سات گرام آب مقطر پچاس گرام

ترکیب تیاری:

ان سب ادویات کو سات دن تک کھرل کریں اور کپڑ چھان کر کے شیشے کی بوتل میں رکھ چھوڑیں

اور **خوراک:** رات کو سوتے وقت دونوں طرف آنکھوں میں دو دو سلائیاں ڈال کر سو رہیں آنکھوں کی روشنی تیز ہوگی اجالا دھند غبار سرخی چشم اور عینک کی عادت کو چھڑا دے گا بہت مفید ہے بچے سے بوڑھے تک اکسیر کا حکم رکھتا ہے مجرب ہے۔

آنکھ سے پانی بہنے کا علاج

نسخہ وترکیب تیاری : ایک چاندی کی سلائی بنوا کر موافق ضرورت اس پر افیون کا لیپ کریں جس آنکھ سے پانی بہتا ہو اسمیں روزانہ پھیرنی شروع کریں سلائی پھیرتے وقت پانی بھی جاری ہوگا اور جلن بھی ہوگی لیکن جلن کے بعد آرام ہوگا جب تک استعمال کریں گڑ۔ ترشی ۔بیگن۔ مچھلی اور تیل سے پرہیز کریں مجرب ہے۔

آنکھوں کے جملہ امراض کا علاج

نسخہ: مرچ سیاہ۔ نیلہ تھوتھا۔ بیول کے درخت کا کوئلہ ہموزن

ترکیب تیاری: سرمہ بنالیں نیلہ تھوتھا کو سولہ پہر اور کوئلہ کو چوبیس پہر خوب کھرل کریں اور کپڑے میں چھان کر ملادیں اور شیشے والی بوتل میں رکھ دیں

خوراک: ایک سلائی آنکھوں میں پھیر لی جائے تو اس سے آنکھوں کی سرخی۔ خارش۔ تاریکی ۔پھولا۔ جالا۔ آشوب چشم اور آنکھوں میں نزلہ کی شکایت کو دور کرتا ہے اور دھند کے لیے بھی اکسیر ہے مجرب ہے۔

آنکھوں کے جملہ امراض کا علاج

نسخہ: سنگ بصری دس گرام کو پانی میں چالیس دن تک رکھیں یا پانی کے گھڑے میں ڈال دیں چالیس دن کے بعد اس کو کھرل کریں اور انڈے میں بھر کر گوشت میں بھون لیں اور پھر اس کو کھرل کر کے اور سرمہ بنا کر آنکھوں میں لگا دیں مجرب ہے۔

ڈاڑھ درد کا علاج

نسخہ: نیلہ تھوتھا دس گرام۔ پھٹکڑی بیس گرام۔ نمک لاہوری بیس گرام

ترکیب تیاری: سب کو کوٹ چھان کر منجن بنالیں اور دانت پر ملیں ہر قسم کے درد کے واسطے مفید ہے مجرب ہے۔

درد دانت کا علاج

ترکیب تیاری:

نمک کو کوزہ مٹی میں پیس کر ڈال دیں اور اس کے اوپر آک کا دودھ تر بتر کر کے کوزہ کا منہ بند کر کے آگ دیدو نمک جلد سیاہ ہو جائے گا

خوراک: تھوڑا سا لیکر دانتوں پر ملو اور منہ ڈھیلا چھوڑ دو تاکہ پانی نکل جائے اور بالکل آرام آجائے مجرب ہے۔

درد دنداں کا مجرب علاج

نسخہ: پانچوں نمک دس گرام۔ سونٹھ دس گرام۔ مرچ سیاہ دس گرام۔ پلپل دس گرام۔ نیلہ تھوتھا بریاں دس گرام۔ ماجو دس گرام۔ بابڑنگ دس گرام۔ سفوف چھال موصلی چالیس گرام

ترکیب تیاری:

ان سب ادویات کو خشک کر کے کوٹ چھان لیں اور مثل منجن کے استعمال کریں یہ منجن دانتوں کی میل کو دور کرتا ہے چند ہی دنوں میں دانت مثل موتیوں کے چمکا دیتا ہے اور تمام امراض دنداں کو مفید ہے ہلتے دانتوں کو محکم کرنے میں لاثانی ہے۔

سرخی چشم اور دھند کا علاج

نسخہ: پھٹکری بیس گرام۔ نوشادر بیس گرام۔ قلمی شورا بیس گرام۔ توتیا سبز ایک گرام

Scanned by CamScanner

ترکیب تیاری: سب کو پیس کر مثل سرمہ بنالیں اور سوتے وقت آنکھوں میں لگادیں آرام جلدی ہوگا مجرب ہے۔

چٹا اور پھولا کا شرطیہ علاج

نسخہ: زنگار دس گرام۔ سفیدہ کاشغری دس گرام۔ کشتہ جست دس گرام۔ کتیرا گوند ایک گرام
ترکیب تیاری: سب کو پیس کر کھرل کر کے کپڑ چھان کر کے مثل سرمہ بنالیں اور اس کو سوتی دفعہ سلائی سے آنکھوں میں لگادیں کامل فائدہ ہوگا اور مجرب ہے اور شرطیہ ہے۔

پھولا چشم کا شرطیہ علاج

نسخہ: نیلہ تھوتھا دس گرام۔ سرمہ سفید دس گرام۔ سرمہ سیاہ دس گرام۔ مصری کالپی دس گرام ۔نوشادر دس گرام۔ سمندر جھاگ دس گرام۔ پھٹکڑی دس گرام
ترکیب تیاری: نیلہ تھوتھا۔ پھٹکڑی کا پھلا بنالیں اور گائے کے دودھ میں چودا دن تک کھرل کریں اور بعد میں گولیاں بنا کر شیشے کی بوتل میں رکھ دیں
خوراک: حسب ضرورت شہد میں رگڑ کر آنکھ میں لگادیں مفید ہے بلکہ تریاق ہے۔

خشک کھانسی کا علاج

نسخہ:
نیلوفر بیس گرام۔ بنفشہ بیس گرام۔ خطمی دس گرام۔ جنازی دس گرام۔ عناب ساٹھ عدد۔ لسوڑیاں ساٹھ عدد ملٹھی بیس گرام مصری 3/4 سیر
ترکیب تیاری: ان سب اشیاء کا شربت بنا کر استعمال کریں خشک کھانسی فوراً دفع ہوجائے گی۔

کان سے پیپ آنا

کان سے پیپ آنے کا تیل عرصہ پندرہ بیس سال سے استعمال کیا جارہا ہے جو بہت مفید ثابت ہو چکا ہے آج سے 52 سال پہلے ایک مسلمان درویش سے حاصل ہوا تھا اس وقت بھی دوسرے تیسرے روز فائدہ ہونا شروع ہوجاتا ہے واقعی بہت زوراثر اور فائدہ مند ہے آزمائش شرط ہے
نسخہ: تخم حرمل پانچ گرام۔ کالی زیری پانچ گرام۔ روغن کنجد ساٹھ ملی لیٹر
ترکیب تیاری: ادویات کو تیل میں آگ میں جلالیں جب دھواں نکلنے لگے تو اتار لیں اور بغیر ہلائے تیل کو نتار لیں
خوراک: رات کو کان صاف کر کے دو دو تین قطرے کان میں ڈالیں معمولی چیز سمجھ کر نظر انداز نہ کریں۔

دمہ کا مجرب علاج

ترکیب تیاری: ہڑتال طبقی تین گرام کھانے کے چونے کی ڈبی تین گرام پہلی دوا کو اتنا پیس کہ چمک نہ رہے پھر چونہ ملا کر پیس لیں جب خوب حل ہوجائے قدرے پانی ڈال کر مسور کے برابر گولیاں بنالیں
خوراک: دمہ کے وقت ایک گولی کھالو اور اوپر سے چھٹانک بھر بالائی کھالیں سات روز استعمال کرو فائدہ کثیر دیگا
پرہیز: گھی اور تیل اور ترش اشیاء سے۔

کھانسی کا مجرب علاج

نسخہ: حرمل۔ سمندر جھاگ ہموزن
ترکیب تیاری: ہر دو کو عرق سونف میں کھرل کر کے مونگ کے برابر گولیاں بنادیں رات

کوسوتے وقت ایک گولی کھالیں آرام ہوگا۔

دمہ کا مجرب علاج

نسخہ: آک کے لونگ اور مگاں ہموزن

ترکیب تیاری: باریک کوٹ کرایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں

خوراک: سوتے دفعہ ایک گولی کھالیں بہت جلد آرام ہوگا۔

پرہیز: کھٹی میٹھی۔ترش اشیاء اور تیل سے پرہیز کریں۔

اکسیر دمہ

نسخہ و ترکیب تیاری: ایک کلو خالص دیسی تمبا کو لیکر سفوف بنالیں اور اس پر شیرمدار اس حد تک ڈالیں کہ تر ہو جائے سات مرتبہ اسی طرح تر وخشک کریں اور بعد از اں خشک ہونے پر بطریق معروف جوہر اڑالیں بس دوائی تیار ہے۔

استعمال: ایک رتی دوائی بالائی میں ملفوف کر کے استعمال کرائیں تین دن کے استعمال سے دمہ کی ربو جیسی سخت چھلی نکل جائے گی اور اس موذی مرض سے مکمل شفا ہو جائے گی بارہا کا آزمودہ اور مجرب واکسیری نسخہ ہے۔

کھانسی کا علاج

نسخہ: ملٹھی مغشہ۔کتیرا گوند۔کتھ سفید۔ببول کا گوند۔نشاستہ معری سب ہموزن

ترکیب تیاری: پیس چھان کرادرک کے پانی میں بیر کے موافق گولیاں بنالیں اور منہ میں رکھ کر چوسا کریں ہر قسم کی کھانسی کے لیے یہی گولیاں اکسیر ہیں۔

کھانسی کا علاج

نسخہ: صمغ عربی۔نشاستہ۔رب السوس۔تخم خشخاش۔کتیرا مویز منقی۔ ملٹھی ہر ایک نوگرام۔مغز

کدو۔مغز تخم خیارین ہر ایک سات گرام شہد بقدر حاجت

ترکیب تیاری: سب چیزوں کو باریک کر کے اور چھان کر شہد میں گولی بقدر بیر کے بنادیں

خوراک: سوتے وقت ایک گولی منہ میں رکھیں فائدہ ہوگا۔

بلغمی کھانسی کا شافی علاج

نسخہ: پھول مدار تازہ جنکا منہ بند ہو ساٹھ گرام۔اجوائن دیسی تیس گرام۔نمک سیاہ تیس گرام سکہ

ترکیب تیاری: باہم پیس کر سایہ میں خشک کر کے محفوظ رکھیں

خوراک: تین ماشہ سے چھ ماشہ تک سردی کے موسم میں گرم پانی سے صبح وشام کھلائیں اور موسم گرما میں تازہ پانی سے کھلائیں۔

فوائد: کھانسی بلغمی۔دمہ بلغمی۔محلل ریاح۔قبض کشا۔باؤ گولہ۔درد شکم ومعدہ سستی وغیرہ ہمہ امراض شکم کو مفید و مجرب ہے۔

دمہ کا آسان علاج

نسخہ وترکیب تیاری: ایک کلو تمبا کو پینے والے کو راکھ کرلیں پھر اس راکھ کو باریک پیس کر پانی میں حل کر کے رکھ دیں دو دن کے بعد اسی پانی کو ہلا کر کسی کپڑے سے چھانکر رکھیں اس چھانے ہوئے پانی کو کسی برتن میں ڈال کر نرم آگ پر پکا دیں جب پانی بالکل جم جائے تو اس میں سے تھوڑا سا نمک نکلے گا

خوراک: اس نمک کو ایک رتی روز کھانے سے ہر قسم کی کھانی اور دمہ کو شرطیہ دور کرتا ہے۔
دوا اندکور کو پانی کے ہمراہ کھانا چاہیے۔

پرہیز: تیل۔کھٹی۔مٹھی اور ریزش پیدا کرنے والی چیز ہے۔

پچیس تیس لالہ دمہ کے واسطے مجرب دوا

ترکیب تیاری: تمباکو پینے والا دیسی درجہ اول کڑوا ایک کلو۔ پھٹکڑی دس گرام تمباکو میں چار لیٹر پانی ڈال کر شام کو بھگو دیں اور صبح کو ایک کڑاہی میں پھٹکری کا پھلہ بنا دیں اور آگ دیئے کی لائٹ کی طرح جلا دیں اس پانی کا نتار لیکر کپاس کے ساتھ اس پھٹکری کے پھلے میں ڈالتے جائیں جس سے وہ تمام پانی خشک ہو جائے تو اس کو اتار کر ڈھانک دیں جب سرد ہو جائے تو پیس کر بوتل مصفی میں ڈال کر رکھیں ایک تنکا بھر مکھن یا بالائی میں لپیٹ کر 41 روز کھائیں اور گھی کا بھی استعمال کریں کھٹی میٹھی تیل اور ترش اشیاء سے پرہیز لازمی ہے مکھن یا بالائی ایک چھٹانک تک ہونی چاہیے بالکل مجرب اور ہزاروں دفعہ آزمایا ہوا نسخہ ہے اس سے کئی ہزار مریض شفا پا چکے ہیں مگر سنیاسی صاحب کا حکم ہے کہ اس دوائی کو خدا کی راہ میں مفت تقسیم کیا کرو اس لیے عوام سے عرض ہے کہ اس دوائی کو خدا کے واسطے ہی مفت تقسیم کریں لالچ ہرگز نہ کریں ورنہ فائدہ مشکل ہوگا۔

شربت برائے ضیق النفس

جس کی پہلی خوراک اپنا اثر دکھا دیتی ہے شربت پیتے ہی دوا کا اثر شروع ہو جاتا ہے

نسخہ: گل زوفا پچیس گرام۔ شہد خالص پانچ ملی لیٹر۔ نبات سفید 1/4 کلو

ترکیب تیاری: بطریق معروف شربت تیار کرلیں۔

بقدر دو چمچہ گرم پانی لیکر حل کر کے پلا دیں صبح دوپہر شام کئی ہزار مریضوں کو استعمال کرایا جا چکا ہے مگر کبھی بھی ناکامی کا منہ نہیں دیکھا انتہا درجہ کا فائدہ مند ہے شربت ہے بنائیں اور خلق خدا کو فائدہ پہنچائیں۔

دمہ کا حیرت انگیز جادو اثر علاج

اطباء کرام نے طب کی بہت سی کتابیں پڑھی ہوں گی اور دمہ کے نسخے بہت دیکھے اور آزمائے ہوں

گے چونکہ مشہور ہے دمہ دم کے ساتھ جاتا ہے اور لوگوں نے بہت ساری دوائیں بھی کھائی ہوں گی آج کل بہت سی نئی نئی دوائیں تیار ہو کر مارکیٹ میں بک رہی ہیں لیکن دمہ کے مریض فائدہ حاصل نہ کر سکے ایک ایسا بیش قیمت نسخہ خاص لکھا جا رہا ہے جو کہ بہت زود اثر اور بہت فائدہ مند ہے اس نسخہ کی بدولت مطب میں چار چاند لگ جائیں گے اس نسخہ کا اظہار کرنا تو نہ تھا لیکن مخلوق خدا کے فائدہ کے واسطے اس کتاب میں درج کیا جاتا ہے۔

نسخہ : کسٹر آئل یعنی روغن ارنڈ۔ شہد خالص ہموزن تقریباً تین تولہ دو بڑے چمچ صبح نہار منہ کھلائیں پہلے روز چھ دست آئیں گے دوسرے روز پانچ دست آئیں گے تیسرے روز چار دست آئیں گے چوتھے روز تین دست آئیں گے پانچویں روز دو دو پھر دو دست روزانہ آیا کریں گے چھ دن کے اندر کافی نمایاں فائدہ ہوگا اگر دمہ نیا ہوگا تو انشاءاللہ چھ دن میں ختم ہو جائے گا اس نسخہ کو دمہ کے چار سو مریضوں پر تجربہ کیا جا چکا ہے۔

اکسیر جگر کا خاص نسخہ

نسخہ: افسنتین دس گرام۔ نوشادر پانچ گرام۔ فیری ایٹ ایمونیا سائٹراس یعنی کشتہ فولاد نوشادر

ترکیب تیاری: سب کو ملا کر کو کے پانی میں تر کر کے سکھا لیں اسے سفوف رہنے دیں یا گولی بنالیں۔

خوراک: دو سو ملی گرام سے پانچ سو ملی گرام تک ہمراہ آب یا شربت سادہ سے دیں۔

دواخانہ دار العلاج میں یہ نسخہ ہر وقت تیار ملتا ہے

نسخہ برائے دمہ مجرب ہے

نسخہ: کبوتر جنگلی ایک عدد۔ تریاق سات گرام۔

ترکیب تیاری: کبوتر کو صاف کر کے اس میں تریاق بھر دیں اور اس کو ایک بڑی ننڈ کوئیں

والی میں بند کر کے گل حکمت کریں سات آٹھ بار بیر کی لکڑی کی آنچ دیں جس وقت وہ خاک ہو جائے **خوراک**: سولی گرام سے دو رتی تک ہمراہ مکھن کے استعمال کریں سات دن تک استعمال کریں بعد میں بند کر دیں انشاء اللہ تعالیٰ خداوند کریم اپنا فضل و کرم کر دے گا سینکڑوں دفعہ تجربہ کیا ہے مفید اور تیر بہدف پایا گیا ہے۔

ہر قسم کی کھانسی کا علاج

نسخہ : مرچ سیاہ دس گرام۔ پلپل دس گرام۔ جوکھار پانچ گرام۔ انار کی چھال دس گرام۔ ان
ترکیب تیاری: چاروں ادویہ کا سفوف بنا کر آٹھ پہر گڑ میں کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔
خوراک گولی کو منہ میں رکھ کر چوسنے سے ہر قسم کی کھانسی بلاشبہ دور ہو جاتی ہے پہلے روز ہی فائدہ معلوم ہوتا ہے اس سے بڑھ کر اور اچھا نسخہ ملنا محال ہے مجرب ہے۔

خنازیر کا مجرب نسخہ

نسخہ : تین تعویذ خالص سونے کے بنوا کر ان میں نہایت باریک سوئی کی نوک کے برابر سوراخ کیے جائیں اور پھر ان میں سم الفارنی تعویذ سولی گرام ڈال کر خوب بند کر کے گلے میں ڈال دیں تاکہ حلق کے ساتھ چمٹے رہیں بہت جلد فائدہ ہوگا ترش اشیاء سے پرہیز۔

مرگی کا مجرب علاج

نسخہ : برگ عشق پیچہ نچوڑ کر ناک میں ٹپکا دیں بہت جلد مریض کو آرام ہوگا مفید ہے۔

مرگی کا علاج

نسخہ : سنکھ پشپی۔ بچ۔ برہمی۔ کٹھ۔ الائچی خورد۔ عقرقرحا ہموزن
ترکیب تیاری: سبکو باریک پیس کر سفوف کر لیں
خوراک: دو چاول پارے کا کشتہ ڈال کر ہر صبح ہمراہ شہد خالص تین گرام استعمال کریں ہر قسم کی مرگی کے لیے اکسیر ہے مجرب ہے۔

مرگی کا علاج

نسخہ : ورچ پچاس گرام۔ سہد خالص ساٹھ ملی لیٹر میں ملا کر بقدر تین گرام ہر روز کھائیں اس سے قے ہوگی اور بلغم خارج ہو کر مرگی سے شفا حاصل ہوگی مجرب ہے۔

آواز کے بیٹھ جانے کا علاج

نسخہ : برگ امرود دس گرام۔ پوست ہلیلہ دس گرام۔ بچ تیس گرام۔ پلپل دس گرام۔ براہمی دس گرام۔ بہدانہ دس گرام۔ شہد خالص دس گرام۔
ترکیب تیاری: کوٹ چھانکر اور شہد میں ملا کر قوام کر لیں
خوراک: بقدر دس یا پندرہ گرام کے دو ہفتہ تک کھائیں مجرب ہے۔

حافظہ کا کم خرچ اور لاجواب نسخہ

نسخہ : بچ کا سفوف تین گرام ہر روز شیر گائے تازہ کے ہمراہ تین ہفتہ تک کھائیں حافظہ بہت تیز ہوگا اور دماغی محنت کرنیکی طاقت از بسر نو پیدا ہوتی ہے طالبعلموں وکیلوں واعظوں اور دماغی محنت کرنیوالوں کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہے اس سے کم خرچ اور اعلیٰ نسخہ ملنا محال ہے مجرب ہے۔

ضعف جگر (جگر کی کمزوری اور دھڑکن) کیلئے مجرب علاج

نسخہ وترکیب تیاری :

کول ڈوڈے گیارہ عدد جوکوب کر کے پانی میں بھگو رکھیں سارے رات بھیگے رہیں اور صبح کو گریاں نکال کر کوزے کی مصری دس گرام اور مکھن گائے پچاس گرام اور گیارہ عدد الائچی خورد سب کو کوٹ کر اور ملا کر انگلی کے ساتھ کھائیں مفید ہے۔

دھڑکے کے لئے مجرب علاج

نسخہ :

اطریفل کشنیزی عمدہ آٹھ گرام سوتے وقت عرق گاؤزبان عمدہ ساٹھ ملی لیٹر کیساتھ کھالیا کریں کم از کم اسی روز کھائیں شام کا کھانا صبح سے کم کھائیں اور آفتاب غروب ہونے سے پیشتر کھالیں تاکہ تب تک ہضم ہو جائے بہت فائدہ دیتا ہے۔

کمزوری جگر کے واسطے علاج

نسخہ :

قلعی پانچ گرام پارہ تین گرام

ترکیب تیاری: قلعی کو خوب گرم کرکے جب کہ پانی ہو جائے تب زمین میں ایک چھید کریں اور اس میں پارہ ڈال دیں اور بعد ازاں گرم گرم قلعی بھی اس میں ڈال دیں اور وہ ایک دلا سا ہو جائے گا اس ڈلے کو نیم کی نگدے میں لپیٹ کر پھر کپڑے میں لپیٹ کر اور مٹی لگا کر اور پھر کپڑا لگا اور مٹی لگا کر پھر کپڑا لگا کر پھر مٹی لگا کر دس سیر اوپلوں میں جو ہراڑا کیں یہ ہر قسم کی کمزوری اور ضعف جگر کے لیے مفید ہے

خوراک: تین رتی ہمراہ مکھن یا بالائی بوقت صبح استعمال کریں کمال درجہ مفید ہے مجرب ہے۔

کمزوری اور ضعف کے لیے علاج

نسخہ وترکیب تیاری:

ابرق دس گرام کو پیسکر گدہی کے آدھ لیٹر دودھ میں کھرل رہیں جب دودھ سوکھ جائے گا تو ابرق مانند کھیل کے ہو جائے گا

خوراک: اسکو تین رتی ہمراہ بالائی یا مکھن استعمال کریں ہر قسم کی کمزوری اور ضعف کے واسطے لاثانی ہے۔

پھلبھری کا لاثانی علاج

نسخہ :

نیلہ تھوتھا آدھا گرام۔ سم الفار آدھا گرام۔ سوہاگہ آدھا گرام۔ زرنیخ آدھا گرام۔ تخم مولی ایک گرام۔ بابچی ایک گرام۔

ترکیب تیاری: کاغذی لیموں کے رس میں دو دن تک کھرل کریں اور گولیاں بنالیں

خوراک: ہر روز کئی دفعہ لیموں کے رس کے تیز سرکہ میں پیس کر سفید داغوں پر لگا دیں بہت مفید ثابت ہو گی مجرب المجرب ہے۔

ہاتھ پاؤں کے پھٹ جانے کا علاج

نسخہ :

روغن کمجد ۶ گرام۔ رال ۳ گرام۔ موم ۴ گرام۔ روغن زرد یا چربی ۳ گرام

ترکیب تیاری: ان جملہ اجزاء کو خوب گرم کر کے رکھ چھوڑیں

خوراک: رات کو سونے سے پہلے ہاتھ پاؤں کو مالش کریں فوراً تندرست ہو جائیں گے۔

ہاتھ پاؤں کے پھٹنے کا علاج

نسخہ : نمک لاہوری سوگرام نیم پاؤ۔ تیل کنجد سوگرام

ترکیب تیاری: دونوں کو یک لیٹر بھر پانی میں ملا کر کڑاہی میں ڈال دیں اور جوش دیں جب پانی بالکل حل ہو جائے اور تیل صرف رہ جائے اتار لیں۔

خوراک: روزرات کو ہاتھ پاؤں کی مالش کیا کریں بالکل تندرست ہو جائیں گے مجرب ہے۔

دھدری کے واسطے مجرب ہے

نسخہ : گاچنی سوگرام۔ صابون چارگرام۔ نیلہ تھوتھا دس گرام۔ دھنیاں سوختہ بیس گرام۔ روغن زرد پچاس گرام

ترکیب تیاری: ان سب ادویات کو باریک پیس کر اور روغن زرد میں ملا کر مثل مرہم کے تیار کر کے ہر روز کاغذوں پر لگا کر لگائی جائے بہت جلد آرام ہوگا اگر کوئی اور زخم ہو گیا ہو اور اس پر بھی لگا دینے سے آرام ہو جاتا ہے مجرب ہے۔

ہر قسم کے زخم کے لیے مرہم

نسخہ :

سفیدہ کاشغری تیس گرام۔ سندور تیس گرام۔ میٹھا تیل تیس ملی لیٹر موم آٹھ گرام۔ اور رال آٹھ گرام۔

ترکیب تیاری:

پہلے میٹھے تیل کو جوش دیں جب جوش آ جائے تو اس میں پہلے سندور ڈال دیں بعد ازاں سفیدہ کاشغری ڈال دیں جس وقت قوام کا رنگ بھوسلا ہو جائے بعد ازاں موم ڈال دیں جس وقت ہر دو حل ہو جائیں یک لخت قوام کو اتار لیں۔

ترکیب استعمال: پھائیہ بنا کر ایک زخم پر لگا دیں فوراً زخم بھر جائے گا اور بالکل آرام ہو جائے گا مجرب اور آزمودہ ہے۔

مرہم برائے چنبل

نسخہ :

مہندی دس گرام موم دیسی حسب ضرورت نیلا تھوتھا چھ گرام۔

ترکیب تیاری: پہلے نیلہ تھوتھا کا پھلہ بنا لیں پھر پیس کر کپڑ چھان کر کے سندور میٹھا تیل ساٹھ ملی لیٹر آٹا گندم نصف وزن مہندی کا لیں پہلے موم کو کڑاہی میں ڈالیں جب پگھل جائے تو تیل بھی ڈال دیں اور پھر تمام چیزیں ڈال دیں۔ بس وقت تھوڑا سا سینک لگ جائے اس وقت اتار لیں مرہم تیار ہے کسی چینی کے برتن میں ڈال کر رکھ دیں اور بوقت ضرورت استعمال کریں نہایت اکسیر ہے۔

مرہم خاص

نسخہ :

رال ایک گرام۔ کیلہ دو گرام۔ شنگرف تین گرام۔ نیلہ تھوتھا پانچ سو ملی گرام۔ موم کچا پچاس گرام۔ ہڑتال تین گرام۔ روغن گاؤ پچاس گرام

ترکیب تیاری:

ان سب کو ملا دیں یعنی پہلے موم کو گرم کریں اور روغن زرد ڈال دیں بعد ازاں سب ادویات کو ملا کر جب قوام ہو جائے اتار لیں مرہم تیار ہے

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت استعمال کریں بالکل مفید اور اکسیر ہے۔

نسخہ وترکیب تیاری:
گھیکوار کا گودا ایک لیٹر مٹی کے صاف برتن میں ڈال کر قلمی شورہ ایک پاؤ دوسو پچاس گرام سہاگہ خام ایک پاؤ دوسو پچاس گرام نوشادر ایک پاؤ دوسو پچاس گرام پیس کر برتن مذکور میں ڈال کر بجن کو گل حکمت کر کے کھاد ڈھیر یعنی ارڑدی میں پندرہ دن تک دبا رکھیں بعدہ نکال کر مل کر چھان چھان کر صاف کر کے رکھیں سیال مرکب تیار ہوگا

خوراک: سات سے دس قطرہ تک

فوائد: کثیرالمباشرت حضرات کے معدہ کو بیحد قوت دیتا ہے عام طور سے قوت معدہ کو بہت حد تک درست رکھتا ہے طحال کو دور کرتا ہے جگر کی بہت اصلاح کرتا ہے ہیضہ میں مفید ہے سو ہیضہ کی وجہ سے پیدا ہونے والے امراض دردسر شقیقہ بخار اور نظر کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

قبض کا آسان علاج

نسخہ:

سونف دس گرام۔ سنوف ہرڑ دس گرام۔ ہلیلہ کلاں دس گرام۔ سہاگہ بریاں پانچ گرام۔ مرچ سیاہ پانچ گرام۔ بدھارا تین گرام

ترکیب تیاری: سب کو لعاب گھیکوار میں کھرل کریں اور چنے برابر گولیاں بنا رکھیں رات کو دو گولی ہمراہ شیر گرم کھائیں قبض دور ہوگا بھوک خوب لگے گی مجرب ہے۔

ہاضمہ کی گولیاں

نسخہ:

نمک سانبھری۔ نمک اندرانی۔ نمک سیاہ۔ نمک نفطی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ آملہ مقشر۔ الائچی دانہ۔ سونف۔ اجوائن۔ پودینہ۔ ہر ایک تولہ۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ زنجبیل۔ فلفل گرد۔ للفلدراز۔ گلسرخ۔ شیطرج۔ نوشادر۔ سنا مکی دارچینی ہر ایک بیس گرام ہینگ بریاں دو گرام

ترکیب تیاری:
چوبیس عدد لیموں کے پانی میں کھرل کر کے بیر کے موافق گولیاں بنا کر ایک گولی ہر روز ہمراہ پانی کھایا کریں ہاضمہ کو درست کر کے تندرستی لاتا ہے مجرب ہے۔

بدہضمی، درد شکم، ہیضہ، جی کا متلانا وغیرہ

نسخہ:
زنجبیل پندرہ گرام۔ فلفل گرد تین گرام۔ فلفلدراز پندرہ گرام۔ سونچل نمک پندرہ گرام۔ لاہوری نمک تیس گرام۔ خشک پودینہ دس گرام۔ جوکھار نو گرام۔ اہل بید نو گرام۔ سوڈا بچی نو گرام۔ دانہ الائچی دس گرام۔ زیرہ سیاہ چار گرام۔ پوست زرد اترج دس گرام۔ کشنیز خشک نو گرام۔ بسباسہ سات گرام۔ زیرہ سفید نو گرام۔ انار دانہ بریاں پندرہ گرام۔ سہاگہ بریاں نو گرام۔ دارچینی چھ گرام۔ سنبل الطیب چھ گرام۔ زرنب چھ گرام۔ جائفل چار گرام۔ جوہر بادیاں ڈیڑھ گرام۔ عرق لیموں اسی ملی لیٹر۔ سرکہ جامن اسی ملی لیٹر

ترکیب تیاری:
ان سب چیزوں کو کھرل کر کے چار رتی کی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: حسب ضرورت ایک گولی ہمراہ پانی دیں جادو کا اثر رکھتی ہیں اور کئی دفعہ آزما کر سریع التاثیر پائی گئی ہے کوئی گھر ان گولیوں سے خالی نہ رہنا چاہیے۔

نمک سلیمانی

نسخہ:

نمک سانبھر بیس گرام۔ نمک سیاہ بیس گرام۔ پودینہ خشک سو گرام۔ مولی کھار سو گرام۔ پھٹکری دس گرام۔

ترکیب تیاری: سب اشیاء کو کوٹ چھان کر پاؤ بھر پانی میں ملا کر ایک ہانڈی میں ڈال کر گل حکمت کریں اور چار یوم کے بعد بوتل میں ڈال دیں یہ نمک سلیمانی بن جائے گا خوراک ایک چٹکی بھر ہے یہ نمک سلیمانی دائمی قبض بدہضمی شکم درد کھٹے ڈکار آنا تاپ تلی ضعف معدہ اسہال پیچش بواسیر درد گردہ دمہ ضعف دماغ نامردی جریان دھانت کا پتلا ہونا بھوک زیادہ کرتا ہے اور غذا فوراً ہضم کرتا ہے مجرب ہے۔

بدہضمی کا آسان نسخہ

نسخہ :

چیکن کا پیٹ چاک کر کے اس میں نوشادر بھر دیں اور چینی کے برتن میں رکھ دیں اس کا عرق نکل آئے گا

ترکیب استعمال: اس کی ایک یا دو بوند تپاشہ یا مصری پر ڈال کر کھانے سے بدہضمی دور ہو جاتی ہے۔

نمک مسیحائی

نسخہ :

نمک لاہوری پچاس گرام ۔نمک سانبر پچاس گرام ۔نمک سیاہ دس گرام ۔نمک سمندری چالیس گرام ۔جوکھاڑ چالیس گرام ۔کیلکی چالیس گرام ۔سجی کھار چالیس گرام ۔اجوائن چالیس گرام تمام نمکوں کو عرق لیموں 120 ملی لیٹر

ترکیب تیاری: کھرل کر کے سایہ میں خشک کر لیں اور باقی ادویات بمعہ مفصلہ ذیل ادویات اس میں ملا دیں۔

نوشادر مصفٰی نوے گرام ۔مولی کھار سو گرام ۔کالی مرچ چالیس گرام ۔کالا زیرہ چالیس گرام ۔دار چینی دس گرام ۔سہاگہ بریان بیس گرام پلپل تیس گرام ۔سونٹھ چالیس گرام ۔ان تمام ادویات کو

کوٹ چھان کر ملا رکھیں

خوراک :125 ملی لیٹر سے ایک گرام تک ہے

معدہ کو رطوبت سے صاف کرتا ہے اور قوت مردانگی بڑھاتا ہے بھوک خوب لگاتا ہے اور خوراک ہضم کرتا ہے نہایت خوش ذائقہ اور مفید ہے ہاضم بھی ہے جی متلانے درد پیٹ درد گردہ کو دور کرتا ہے مثانہ کو گرم رکھتا ہے۔ سلسل البول کو بھی مفید ہے بیضہ مثمر شت کے ساتھ کھانے سے قوت مردانگی کو بڑھاتا ہے قبض کو دور کرتا ہے اور ترش ڈکاروں کو روکتا ہے بھوک خوب لگاتا ہے سب امراض کا قلع قمع کرتا ہے ہزاروں دفعہ آزما کر اور مفید بلکہ مجرب المجرب پا کر عوام کے فائدہ کی خاطر لکھا ہے۔

بخار خواہ کسی قسم کا ہو اکسیر ہے

نسخہ : چرائیتے کے پتے ۔سندور ۔مرچ سیاہ

ترکیب تیاری:

تینوں ہموزن لیکر کھوٹ کر یکجان کر لیں اور گولیاں برابر نخود کے بنا دیں

ترکیب استعمال: دو گولی ہمراہ عرق ادرک بیمار کو دیں دو گولی صبح اور دو گولی شام دیں جس وقت پسینہ آئے فوراً کپڑے اتار دیں فوراً آرام آ جائے گا خوراک ساگودانہ ۔ڈبل روٹی ۔دودہ چاول ہے مجرب ہے۔

بخار کا علاج

نسخہ :

ہر قسم کے بخار کے لیے دس گرام تلسی کے پتوں کا عرق یا کیز کے پتوں کا عرق نکال کر پی لیں اور اوپر سے شہد کھا لیں اور ساتھ ہی پانچ عدد فلفدراز کھا لیں اور کپڑا اوڑھ کر لیٹ جائیں پسینہ آ کر فوراً بخار اتر جائے گا۔

بخار کا علاج

نسخہ :

مغز کرنجوہ دس گرام فلفلدراز ایک عدد ببول کی پتی پانچ گرام

ترکیب تیاری: ان سب چیزوں کو کوٹ چھان کر آب تازہ میں بیر کے موافق گولیاں بنالیں **ترکیب استعمال:** مریض کو ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ پانی کھلا دیں تو باری چوتھیہ کا بخار بھی انشاء اللہ تعالیٰ دور ہوگا بہت دفعہ کا مجرب نسخہ ہے۔

بخار کا علاج

نسخہ : تربد سفید دس گرام۔ زنجبیل ایک گرام۔ مصطگی آدھا گرام

ترکیب تیاری:

روغن بادام میں کھرل کر کے گرم پانی کے ہمراہ دیں دست لائے گا طبیعت کو صاف کرے گا۔

مسہل

نسخہ : برگ سنا مکی۔ گلسرخ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ تربد سفید۔ حب النیل۔ سورنجاں شیریں۔ تخم خطل۔ سقمونیا مشوی۔ نمک سنگ۔ ایارج فیقرا۔ مقل ازرق۔ زنجبیل۔ مساوی الوزن

ترکیب تیاری: سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: دس گرام پانی کے ہمراہ کھلا دیں بہت جلد دست لاتا ہے مجرب ہے۔

تپ دق کا آسان علاج

نسخہ :

صندل گلاب میں رگڑا ہوا زہر مہرہ گلاب میں رگڑا ہوا کتھ سفید کتیرا تخم کاہو بنفشہ تخم خشخاش ہر ایک پانچ گرام زعفران تین گرام مغز کدو شیریں مغز بہدانہ دس گرام

ترکیب تیاری: سب کو پیس کر چھان کر لعاب اسبغول میں چنے کے برابر گولیاں بنالیں

ترکیب استعمال: دو گولیاں صبح اور دو گولی شام ہمراہ پانی تین ہفتہ تک کھائیں اور کھٹی میٹھی تیل والی اور ترش اشیاء سے پرہیز کریں آرام آجائے گا خداوند کریم کے فضل سے بالکل شفا ہوگی۔

حب تریاق

نسخہ :

پارہ دس گرام۔ گندھک آملہ سار دس گرام۔ شنگرف رومی دس گرام۔ تریاق دس گرام۔

سب ہموزن

ترکیب تیاری: اول پارہ اور گندھک کو خوب زوردار ہاتھوں سے کھرل کیا جائے بالکل چمک باقی نہ رہے دوسرے روز شنگرف اور تریاق شامل کر کے اور کھرل کریں چمک جاتی رہنی چاہیے تیسرے روز شنگرف اور تریاق کو ملا کر عرق برگ دھتورہ دس ملی لیٹر میں بے حد کھرل کریں یہ خوب سمجھ لیں کہ جس قدر زیادہ کھرل ہوگی تاثیر اچھی ہوگی جب دوا گولی بنانے کے قابل ہو جائے تو کالی مرچ کے برابر گولیاں بنالی جائیں۔

فوائد و ترکیب استعمال: ہیضہ کے لیے اکسیر اعظم ہے نازک سے نازک حالت میں صرف ایک گولی سبز چار کے ہمراہ دینا کافی ہے قے اور دست بند ہو جائیں گے پیاس جاتی رہے گی اگر پیشاب بھی بند ہو گیا تو وہ بھی جاری ہو جائے گا درد شکم وغیرہ شکایات جاتی رہیں گی ایک گولی سے زیادہ دینے کی ضرورت نہیں پڑتی نمونیہ میں سبز چائے کے ساتھ ایک گولی صرف ایک مرتبہ دینا کافی ہے بخار درد وغیرہ سب دور ہو جاتا ہے تقویت کے لیے اور مرض لوٹ آئے تو ایک دو گولی اور دے سکتے ہیں مقوی باہ بیحد ہے سات یوم تک سات گولیاں کھلائی جائیں سبز چائے میں خوب دودھ گھی ملا کر ایک گولی دے سکتے ہیں سات روز کے بعد برداشت مشکل ہو جائے گی برائے امساک ہمراہ سبز چار دودھ بلائی ڈالکر ایک گولی کھلائیں اور دو گھنٹہ مشغول ہوں اور قدرت خدا کا تماشہ دیکھیں ایک گولی اور کافور آدھا گرام روغن لونگ ایک گرام روغن دارچینی

ایک گرام ہمراہ کھرل کر کے عضو مخصوص پر طلا کر کے مشغول ہوں بیحد ملذذ ہے بجائے روغن لونگ ودار چینی کباب چینی باریک پیس کر استعمال کریں ایک گولی روغن بادام تین گرام وروغن لونگ ایک گرام۔ بیر بہوٹی ایک گرام فرالحین ایک گرام میں پیس کر طلا کریں تو سختی بیحد ہوگی کجی دفعہ ہوگی رگ و پٹھہ کی کمزوری دور ہوگی سات روز تک استعمال کریں۔

پیچش سنگرہنی کے لئے

نسخہ :

پارہ مصفٰی۔ گندھک ۔آملہ سار مصفٰی ۔اندرجو شیریں ۔ناگر موتھہ۔ گل دھاوا۔ موچرس ۔افیون۔ ہرایک دس گرام

ترکیب تیاری: اول پارہ اور گندھک کو اس قدر کھرل کریں کہ پارہ بالکل نابود ہو جائے پھر دیگر ادویات ملا کر کھرل کریں اور دوائی بطور سفوف بنا کر بوتل میں رکھ دیں

ترکیب استعمال: 450 گرام دوائی انار کے پانی کے ہمراہ کھائیں دو تین دن تک بیماری دور ہو جائے گی ایک دفعہ صبح ہی کھانی چاہیے لڑکوں کی پیچس اسہال سنگرہنی وغیرہ ایک خوراک سے دور ہو جاتی ہے۔50 ملی گرام سے 150 ملی گرام رتی تک ہے ہیضہ دست اور قے میں بھی تین دفعہ شاذ و نادر ہی دینے کا اتفاق ہوتا ہے۔ بہت ہی مجرب اور سریع التاثیر ہے۔

اسہال اور پیچش کی مجرب دوا

نسخہ :

کتیرا گوند پانچ گرام۔ موچرس پانچ گرام

ترکیب تیاری: دونوں کو پانی میں رات کو بھگو رکھیں

ترکیب استعمال: صبح اٹھ کر 250 گرام دہی لیکر اس میں دونوں چیزیں ملا کر اور قند سفید ڈال کر نہار منہ کھائیں تین دن کے استعمال سے بالکل تندرست ہو جاتا ہے۔ بہت دفعہ تجربہ کر چکے ہیں۔

طحال تاپ تلی کا علاج

نسخہ

:مگنیشیا دس گرام۔ ٹائٹریٹ آف آئرن کونین پانچ گرام

ترکیب تیاری: دونوں کو ملا کر پیس لیں

یہ خوراک بنالیں اور ایک خوراک شام کو پی لیا کریں بڑھتی تلی ایک ماہ کے اندر ختم ہو جائے گی

مجرب ومفید ہے۔

طحال کا آسان علاج

نسخہ : ایلوا۔ ہینگ۔ سہاگہ۔ نوشادر مصفٰی۔ بچ سفید

ترکیب تیاری: سب ہموزن لیکر گھیکوار کے لعاب میں کھرل کر کے گولیاں بنالیں اور ایک گولی روز ہمراہ پانی کے کھائیں تلی کے لیے مجرب ہے۔

قوت باہ کا نسخہ

نسخہ : گوند ڈھاک۔ گوند کیکر۔ پھلی کیکر۔ چھال کیکر۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ سنبل کی جڑ۔ تال مکھانہ۔ اندرجو شیریں۔ بہمن سرخ ہرایک بیس گرام

ترکیب تیاری: سب ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف مذکور کے ہموزن مصری ملا کر رکھ چھوڑیں

ترکیب استعمال: دس گرام ہر روز بوقت صبح ہمراہ دودھ گاؤ نیم گرم کر کے کھایا کریں تین ہفتہ میں منی کثرت سے بڑھے گی اور قوت مردانگی کا تماشا دیکھیں بہت دفعہ آزمایا ہوا ہے۔

قوت باہ کا عجیب نسخہ

نسخہ :

مغز بادام چہار مغز۔ حب البلطم۔ مغز حب الصنوبر۔ مغز حب العظم۔ مغز فندق۔ مغز پستہ۔ مغز ناجل

تازہ۔ مغز حب القلقل۔ تخم خشخاش سفید۔ تودرین۔ کنجد مقشر۔ تخم جرجیر۔ تخم گندز۔ تخم پیاز۔ تخم شلغم۔ تخم طبہ۔ بہمنین۔ زنجبیل دار فلفل۔ کباب۔ خرفہ۔ دارچینی۔ شقاقل۔ تخم حالیون۔ خولنجاں

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو ہموزن لیکر کوٹ چھان کر سہ چند شہد میں معجون بنادیں

خوراک: بیس گرام ہر روز بوقت صبح کھایا کریں اور تین ہفتہ کے بعد تماشہ قدرت کا دیکھیں مجرب ہے۔

معجون برائے قوت باہ

نسخہ :

زردی اور سفیدی بیضہ مرغ۔ روغن گاؤ۔ آب پیاز اور شہد

ترکیب تیاری: مساوی توازن پکا کر معجون بنادیں

خوراک: ایک یا دو تولہ بوقت صبح چالیس روز تک کھائیں پھر اسکا اثر دیکھیں مجرب ہے۔

قوت باہ کے واسطے مجرب ہے

نسخہ :

ثعلب مصری دس گرام۔ شقاقل چالیس گرام۔ موصلی سفید چالیس گرام۔ پوست اسبغول چالیس گرام۔ بہمن سفید چالیس گرام۔ کتیرا چالیس گرام۔ تخم کونچ چالیس گرام۔ مغز بادام چالیس گرام۔ مغز نارجیل چالیس گرام۔ مغز پستہ چالیس گرام۔ چہا مغز چالیس گرام۔ روغن زرد تین سو گرام۔ دال ماش چالیس گرام۔ مصری آدھا کلو۔

ترکیب تیاری: سب سے اول دال کو مقشر کریں اور روغن میں بریاں کریں اور سب چیزیں کو کر چھان کر اور مصری کا اقوام بنا کر یہ سب چیزیں قوام میں ملا لیں۔

ترکیب استعمال: چار تولہ روز بوقت صبح کھائیں اور پھر قدرت کا تماشا دیکھیں مجرب ہے۔

قوت باہ کا نسخہ برائے طاقت مردانگی

نسخہ :

سونٹھ فلفل دراز۔ فلفل سیاہ۔ دارچینی آملہ۔ بھیڑ کا دودھ۔ چرائتہ۔ زراوند مدحرج۔ خصیۃ الثعلب۔ مغز چلغوزہ۔ بیخ بابونہ۔ نارجیل تازہ ہر ایک دس تولہ تخم بابونہ پچاس گرام مویز منقے تیس گرام شہد خالص تین گناہ زیادہ

ترکیب تیاری: سب اشیا کو کوٹ کر قوام کر کے معجون بنادیں

ترکیب استعمال: اکتالیس دن کے بعد کھانا شروع کریں چھ گرام روز ہمراہ دودھ استعمال کریں از حد مفید اور قوت کو بڑھاتا ہے۔

اطریفل شاہی برائے قوت باہ

نسخہ :

پوست ہریڑ کابلی۔ بوہڑ زرد۔ پوست بہیڑہ۔ آملہ مقشر

ترکیب تیاری: سب کو ہموزن کوٹ چھان کر تین گنا روغن بادام میں یا گائے کے گھی میں جذب کر کے شہد کے ساتھ قند یا معقہ یا کشمش کوٹی ہوئی کے ساتھ گوند لیں اور گرمی میں شہد کے عوض قند بہتر ہے اور سردیوں میں جس قدر شہد زیادہ ہوگا اسی قدر حرارت اور لطافت زیادہ ہوگی

ترکیب استعمال: دو گرام سے بیس گرام تک ہمراہ دودھ بوقت صبح استعمال کریں دماغ کو قوت دیتا ہے رنگ سرخ کر دیتا ہے۔ ذہن کو تیز اور کند ذہن طالبعلم کو فائدہ دیتا ہے بواسیر والے کو بھی از حد مفید ہے کئی دفعہ آزمایا ہوا ہے نہایت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔

حلوہ بیضہ مرغ

جب تک سب اسباب عیش مہیا نہ ہوں اس کا استعمال نہ کریں مقوی باہ اور حرارت غریزی کو بڑھانے کی انتہائی چیز ہے زیادہ تعریف خلاف تہذیب ہے چالیس سے کم عمر کے انسان استعمال

نہ کریں منہ سے رال بہنے کو روکتا ہے۔

نسخہ :سنکھیا سفید دس گرام۔ بیضہ مرغ دیسی چالیس عدد۔ مغز بادام آدھا کلو۔ کھویا آدھا کلو ۔زعفران کشمیری تین گرام۔روغن زرد آدھا کلو۔ شکر سفید حسب ضرورت

ترکیب تیاری: ایک دیگچہ جس میں نو دس لیٹر پانی آجائے اس برتن میں نصف پانی بھر کر اس میں سنکھیا خوب باریک پیس کر ڈال دیا جائے اور اس برتن کے منہ پر ایک رومال باندھ کر بیضہ مرغ رکھ دیے جائیں اور ایک سرپوش اوپر ڈھانک کر ماش کے آٹے سے خوب اچھی طرح سرپوش کے کنارے دیگچہ سے وصل کردیے جائیں تاکہ کہیں سے بھاپ نہ نکلنے پائے اور چولہے پر سوار کرکے معتدل آگ دی جائے تقریباً دو گھنٹہ کی ہلکی آنچ میں بیضہ مرغ ابل جائیں گے برتن کو چولہے سے اتار کر ٹھنڈا ہونے دیں اور بیضہ کا چھلکا دور کردیں سفیدی و زردی کو باریک کھرل کریں مغز بادام کو چھیل کر باریک پیس لیں کھویا مغز بادام و بیضہ مرغ حل شدہ کو گھی میں بریاں کرلیں بعدہٗ شکر شامل کریں اور زعفران عرق کیوڑہ میں حل کرکے شامل کرلیں اور اتار لیں

ترکیب استعمال: چھ گرام سے نو گرام تک بوقت صبح ہمراہ شیر گرم استعمال کیا کریں۔

نوٹ :بیضہ مرغ ابالتے وقت اس کے دھوئیں سے بچیں اور کہیں سے بھاپ نکلتی ہو تو احتیاط سے بند کردیں کیونکہ بخارات میں سنکھیا ہوتا ہے۔

اطریفل مقوی باہ

نسخہ

:ہرڑ سیاہ ۔پوست بہیڑہ ۔آملہ مقشر۔ ہر ایک پچاس گرام سفید بالچھڑ کندر بچہ ۔فلفل ۔سونٹھ۔ بھلانواں کا شہد ہر ایک پچیس گرام

ترکیب تیاری: سب کو کوٹ کر چھان کر روغن اخروٹ میں چرب کرکے بر چند شہد میں گوندھیں اور چھ ماہ کے بعد استعمال کریں

ترکیب استعمال: چھ گرام سے دس گرام تک ہمراہ دودھ کے کھائیں بوقت صبح مرگی کو بھی مفید ہے رنگ کو سرخ کرتا ہے۔ طاقت زیادہ کرتا ہے جسم کو لوہے کی لاٹھ بنا دیتا ہے کئی بار آزمایا ہوا ہے اور مجرب ثابت ہوا ہے۔

قوت باہ کا علاج

نسخہ ترکیب تیاری:

ماش کی دال بھگو کر رات کو رکھ دیں صبح کو پیس کر گھی خوب لال کرکے اس میں دال مقشر پسی ہوئی ڈال دیں اور خوب چمچہ پھیریں اور مصری ملالیں۔

ترکیب استعمال: سات یوم تک باپرہیز استعمال کریں اور بعد ازاں قدرت کا تماشا دیکھیں بالکل طاقت کے لیے بے نظیر ہے کم خرچ بالانشین نسخہ اس طرح کا ملنا محال ہے۔

اکسیر اعظم

نسخہ: شنگرف رومی کی ایک ڈلی دس گرام۔ قرنفل پچاس گرام۔ گندھک آملہ سار تین گرام۔ زعفران کشمیری تین گرام۔ سنکھیا سفید تین گرام

ترکیب تیاری :پہلے شنگرف ڈلی کے اوپر زعفران گندھک اور سنکھیا کو کھرل میں ڈال کر گھیکوار کا رس ڈال کر کھرل کریں صرف آدھ گھنٹہ اس کے بعد شنگرف کی ڈلی کے اوپر لیپ کردیں اور دھوپ میں رکھ دیں جب خشک ہوجائے تو پھر دوسرا لیپ کریں پھر دھوپ میں رکھ دیں جب خشک ہوجائے پھر تیسرا لیپ کردیں اس طرح تین لیپ نو گرام کے ہوجائیں گے بعدہٗ ایک کوزہ گلی میں لونگ پچاس گرام نصف نیچے اور نصف اوپر اور پھر شیر مدار سے بھر کر اچھی طرح دبا کر گل حکمت کردیں یعنی شیر مدار کم از کم دس گرام ہو گل حکمت کرنے کے بعد گلی کو دھوپ میں رکھ کر اچھی طرح خشک کرلیں اور آگ دھان یعنی منجی کا پھک یعنی چھلکا تین کلو زمین میں گڑھا کھود کر نصف نیچے اور نصف اوپر درمیان میں کوزہ گلی ہو بس اوپر ایک کوئلہ آگ کا رکھ دیں دوسرے یا تیسرے روز آگ ٹھنڈی ہوگی اس میں سے شنگرف تہہ نشین نکلے گا۔

امساک کے واسطے مجرب

یہ ہے اکسیر اعظم سستی نامردی والے کو ایک تنکہ مکھن میں رکھ کر دیں اوپر سے دودھ جتنا پی سکیں پلادیں

نسخہ : ۔ایک گرام تیار شدہ شنگرف اور پچاس گرام فیری ایٹ ایمونیا سائٹر اس میں خوب کھرل کریں جب مانند غبار ہو جائے دوائی تیار ہے کسی صاف شیشی میں محفوظ کرلیں اور کام میں لائیں **ترکیب استعمال**: طبیب اپنی عقل کے مطابق مناسب بدرقہ کے ساتھ ہر بیماری کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ 120 ملی گرام تقریباً دورتی معقہ میں رکھ کر کھلادیں اور دہی کی لسی پلادیں

جگر کی تمام بیماریوں کے لیے اکسیر ہے جب جگر کی بیماریوں کے لیے دیا جائے تو نوشادر ٹھیکری ساتھ شامل کرلیں دس گرام دوا میں چھ گرام نوشادر ملالیں یہ ایک راز ہے جو افشا کر دیا ہے

ترش اشیاء گرم بڑا گوشت تیل وغیرہ سے پرہیز کریں۔

لیپ لذت کے واسطے

نسخہ: کافور اور سہاگہ ہموزن

ترکیب تیاری: شہد خالص میں اس قدر کھرل کریں کہ اس میں مکس ہو جائے اور کنگر مشک کافوری کی بالکل نہ رہے اس کو انگلی سے قضیب پر ملکر اور سکھا کر عورت سے صحبت کرے پھر لذت کا تماشا دیکھیں۔ عورت مطیع ہو جائے گی دونوں کو بہت مزہ آئے گا۔

امساک کے واسطے

نسخہ: ایک عدد چھوہارا کلاں لیکر اس کی گٹھلی کر اس میں 125 ملی گرام عقرقرحا 125 ملی گرام افیون 125 ملی گرام کالے دھتو کا بیج

ترکیب تیاری ۔کوٹ کر اس میں بھر دیں اور تین بار کپڑے میں لپیٹ کر اور اوپر سے مٹی لگا

کر آدھ سیر اوپلوں میں پھونک دیں اور بعدۂ نکال کر کھرل کر کے مسور کے برابر گولیاں بنالیں

ترکیب استعمال: ایک گولی کھا کر دودھ پئیں اور ایک گھنٹہ بعد صحبت کریں جب تک نمک نہ کھائیں انزال نہ ہوگا سینکڑوں بار آزمایا ہوا ہے اور بہت مجرب ہے۔

مردانگی و طاقت کی دوا

نسخہ: گوند ببول ۔الائچی دانہ خورد۔ جائفل ۔دار چینی ۔صندل سفید۔ سپاری۔ گجراتی گل سرخ کابلی ہر ایک پانچ گرام کستوری اصلی ایک گرام ورق نقرہ پانچ عدد

ترکیب تیاری: سب کو پہلے عرق گلاب میں کھرل کریں اور نخود کے برابر گولیاں بنائیں

ترکیب استعمال: فراغت کے بعد ایک گولی کھالینے سے اداسی دور سستی چکنا چور ہو جاتی ہے۔ گولی کھا کر شیر گاؤ قدرے پینا چاہیے کئی دفعہ آزمایا ہوا ہے مجرب ہے۔

امساک کا نسخہ مجرب

نسخہ: کافور۔ مشک۔ جائفل۔ جلوتری۔ افیون۔ سب اشیاء ہموزن

ترکیب تیاری: پان کے رس میں کھرل کریں اور 250 گرام کی گولیاں بنادیں

ترکیب استعمال: -------- کرنے سے ڈیڑھ گھنٹہ بیشتر دودھ جس قدر پیا جائے پیکر ایک گولی کھائیں اور پھر قوت کا ملاحظہ خود بخود ہوگا مجرب ہے۔

امساک کا بارہا آزمودہ نسخہ

نسخہ: سنگجراحت ۔تال مہانہ۔ گلوچن۔ موچرس سب چیزیں ہموزن

ترکیب تیاری

خوب کھرل کریں اور مسور کی دال کے برابر گولیاں بنالیں

ترکیب استعمال: ایک گولی جماع سے بیشتر ایک گھنٹہ کھا کر اوپر سے ایک سیر دودھ پئیں اور بعدازاں جماع شروع کریں جب تک نمک نہ کھائیں انزال نہ ہوگا کئی دفعہ تجربہ کیا گیا ہے مفید ثابت ہوا ہے۔

امساک کے واسطے مجرب نسخہ

نسخہ و ترکیب استعمال: :ایک دانہ معقہ لیکر اس کا پیٹ چاک کر کے اس میں کدو کے دانے کے موافق چرس ڈال کر اس کا منہ بند کر کے کوئلہ کی آگ پر خوب پکا کر کھائیں اور ایک سیر دودھ گائے کا اوپر سے پی کر ایک گھنٹہ جماع کریں جب تک نمک نہ کھائیں انزال نہ ہوگا کئی دفعہ کا آزمایا ہوا ہے اور مفید و مجرب ہے۔

نسخہ برائے امساک مجرب

نسخہ:

اسپند بیس گرام۔جلوتری بیس گرام۔جوز بویہ بیس گرام۔

دارچینی بیس گرام۔افیون تین گرام کجد سیاہ پچیس گرام

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک رگڑ کر قدرے شہد ڈال کر گولیاں دو درم کی بنادیں

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت ایک گولی کھائیں اور اوپر سے دودھ پئیں امساک کا اثر دیکھیں اگر کسی کا گھر آباد نہ ہو تو اس کو چاہیے کہ ان گولیوں کو نہار منہ ہمراہ دودھ کے کھائے ایک بوقت صبح اور ایک بوقت شام اور دودھ گھی کا استعمال کرے چار یوم میں مطلب حل ہو اور تیس روز عورت کے نزدیک نہ جائے اگر نامرد بھی ہو خدا کے فضل سے مرد ہو جائے گا کئی دفعہ کا مجرب المجرب ہے جو کہ ہزاروں روپے خرچ کرنے پر بھی ملنا محال ہے۔

نسخہ امساک مجرب ہے

نسخہ:

اجوائن خراسانی تین گرام۔جائفل تین گرام۔جلوتری تین گرام۔

افیون دس گرام۔لونگ ایک گرام۔مال کنگنی تین گرام

ترکیب تیاری: سب کو خوب باریک پیس کر بیضہ مرغ کلاں کی سفیدی دور کر کے اس میں بھر دیں اور آٹے میں لپیٹ کر نرم آنچ پر سرخ کریں پھر ادویہ نکال کر تولہ بھر شہد میں برابر نخود گولیاں بنالیں

ترکیب استعمال: ایک گھنٹہ بیشتر صحبت استعمال کریں اور اوپر سے دودھ آدھ سیر گائے کا پئیں اور کھانا بالکل کم کر دیں جب تک ترشی کا استعمال نہ کریں فراغت نہ ہوگی اور مخاطب بمعہ زر و مال اپنی جائے گی اور ہمیشہ کے لیے مرید ہو جائے گی آزمودہ اور مجرب ہے۔

نسخہ ملذذ واسطے امساک کے

نسخہ: کبابہ۔دارچینی۔عقرقرحا۔مویز سرخ

ترکیب استعمال: باریک پیس کر شہد میں ملا کر جماع سے ایک گھنٹہ بیشتر قضیب پر ملیں اور جب صحبت کا ارادہ ہو تو کپڑا سے صاف کر کے صحبت کریں کمال لذت آئے گی عورت فریفتہ اور شیدا ہو جائے گی دونوں کو لذت ہوگی مجرب ہے۔

امساک کے واسطے مجرب

نسخہ:

شنگرف۔کافور۔قرنفل۔افیون۔تخم اوٹنگن

ترکیب تیاری: سب ادویات کو ہموزن کاغذی لیموں کے عرق میں کھرل کریں اور مونگ کے برابر گولیاں بنائیں

ترکیب استعمال: وقت حاجت ایک کھا کر آدھا لیٹر دودھ پئیں بہت لطف دکھاتا ہے آزمودہ ہے۔

امساک کا مجرب المجرب نسخہ

نسخہ:

جائفل ایک عدد۔ تخم دھتورہ۔ اجوائن خراسانی ہموزن

ترکیب استعمال: ہر ایک کو جدا جدا کوٹ کر ایک پوٹلی میں باندھیں ایک سیر دودھ مادہ گاؤ میں جوش دیں اور پوٹلی میں اس دودھ میں ڈال کر جب دودھ نصف رہ جائے تو پوٹلی کو نچوڑ کر پھینک دیں اور دودھ میں میٹھا ڈال کر پی لیں جب سرور معلوم ہو تو صحبت کریں اور اگر ساری رات منزل نہ ہونا چاہیں تو بھی نہ ہوں جب تک کہ لیموں نہ کھائیں انزال ہرگز نہ ہوگا سینکڑوں دفعہ کا مجرب اور آزمایا ہوا نسخہ ہے۔

نسخہ ملذذ برائے امساک

نسخہ: دودھ بھینس۔ دودھ بکری۔ دودھ آک

ترکیب استعمال: سب کو ملا کر دونوں ہاتھوں پر ملیں بعد نصف گھنٹہ کے صحبت کریں نہایت اعلیٰ درجہ کا امساک اور لذت دیتا ہے کئی دفعہ کا آزمایا ہوا ہے مجرب اور آزمودہ ہے۔

سختی اور فربہی کا نسخہ

نسخہ: آک کی جڑھ؟ کیکر کی جڑھ۔ بھنگ۔ دھتورہ عرق

ترکیب استعمال: سب کو ہموزن لیکر خوب پیس کر گولیاں بنا دیں اور سایہ میں خشک کریں

بوقت ضرورت اپنے پیشاب میں گھسکر عضو تناسل پر حشفہ اور سیون چھوڑ کر طلا کریں حد درجہ کی دائمی فربہی اور سختی لاتا ہے چند مرتبہ اس امر کو کرنا چاہیے یہ طلاء نامردی کھوتا ہے اور انسان کو مرد بنا دیتا ہے مجرب ہے۔

نسخہ امساک مجرب ہے

نسخہ: ثعلب دانہ۔ افیون۔ زعفران۔ دودھ برگد ہموزن

ترکیب تیاری: چھوہارا میں ڈال کر اوپر سے لپیٹ کر آگ پر پکائیں اور نخود کے برابر گولیاں بنا دیں

ترکیب استعمال: صحبت سے دو گھنٹہ پیشتر کھا کر دودھ پی لیں اور پھر قدرت کا تماشا دیکھیں مجرب ہے۔

جلق زدہ کا علاج

نسخہ: آک کا دودھ آدھا تولہ روغن گاؤ ایک تولہ

ترکیب تیاری: دو گھنٹہ تک آہنی دستہ سے گھوٹ کر مانند مرہم بنا لیں

ترکیب استعمال: حشفہ اور سیون چھوڑ کر اعضاء تناسل پر چند ہفتہ تک ہر روز بلا ناغہ مالش کریں تو اعضائے تناسل کی کجی۔ دبلا پن۔ سستی خواہ بذریعہ جلق ہو یا کثرت عیاشی سے ہو سب اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے مگر سرد پانی سے نہلانے اور جماع سے بالکل پرہیز کریں مجرب ہے۔

جریان احتلام اور سرعت کی بہترین دوا

نسخہ: گوند ڈھاک۔ گوند کیکر۔ پھی کیکر۔ چھال کیکر۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ سنبھل کی جڑ۔ تال مکھانہ۔ اندر جو شیریں۔ بہمن سرخ ہر ایک بیس گرام

ترکیب تیاری: سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں اور ان سب کے ہموزن مصری ملا کر

رکھ دیں

ترکیب استعمال: دس گرام صبح ہمراہ دودھ گائے شیر گرم کے کھائیں

فوائد: تین ہفتہ میں احتلام جریان رقت اور سرعت ضعف دماغ دور ہوتے ہیں طاقت مردی بڑھتی ہے کمزوری دور ہوتی ہے منی کثرت سے بڑھتی ہے جلق زدہ کے لیے منی کو گاڑھا کرنے اور بڑھانے والا کم خرچ بالانشین نسخہ ملنا محال ہے۔

یہ نسخہ صحیح اوزان کے مطابق دارالعلاج میں "حب خاص جمیلی" کے نام سے ہر وقت تیار ملتا ہے:

اعلیٰ درجہ کی ممسک اور بے ضرر دوا

نسخہ و ترکیب تیاری: چھوہارا کی گٹھلی نکال کر اس میں دودھ آک بھر دیں اور تھوڑی دیر دھوپ میں خشک کر کے اس کے شگاف کو بند کر کے بالائی لپیٹ کر اور پھر گوندے ہوئے آٹے سے لپیٹ کر گرم راکھ میں پکائیں جب پک جائے تو چھوہارے کو نکال کر پیس کر رکھ لیں اور اس کی دو گولیاں شہد میں بنالیں

ترکیب استعمال: ایک گولی قبل دو گھنٹہ ہمراہ دودھ کھائیں اور صحبت میں مشغول ہوں حد درجہ کا امساک ہوگا سرعت کی شکایت جاتی رہے گی اگر جلدی کرنا چاہیں تو قدرے گرم پانی چکھیں ورنہ پورا امساک رکھیں سرعت کے شاکی جن کے ہاں اولاد پیدا نہیں ہوتی اس کو جب عورت حیض سے پاک ہو کھا کر اس کا اثر دیکھیں۔

امساک گولیاں

نسخہ: سیماب نو ماشہ۔ افیون نو ماشہ۔ عقرقرحا تین ماشہ۔ اجوائن خراسانی تین ماشہ۔ جوزبویہ تین ماشہ۔ خولنجان، قرنفل تین ماشہ۔ پان پچیس عدد

ترکیب تیاری: اول سیماب کو سات مرتبہ کپڑے میں صاف کرلیں بعدۂ پان کا عرق نکال کر افیون اور سیماب کو عرق پان میں کھرل کر کے سایہ میں خشک کریں باقی ادویات کو کوٹ

چھان کر اس میں شامل کردیں اور خوب کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنادیں شب کو کھانا کھانے کے بعد اور **ترکیب استعمال:** جماع سے تین گھنٹہ پیشتر نصف سیر دودھ کے ہمراہ ایک گولی کھائیں جب تک ترشی استعمال نہ کریں انزال نہ ہوگا سینکڑوں دفعہ کا مجرب ہے حکم اکسیر کا ہے۔

طلاء اکسیر اعظم

نسخہ: ایک عدد مارو بیگن جو درخت کے ساتھ ہی پک کر زرد ہو گیا ہو اس کو لیں اس میں سات عدد فلفل دراز چبھو کر لٹکا دیں جب بیگن خشک ہو جائے آدھا لیٹر میٹھے تیل میں اس کو جوش دیں جب تیل جوش میں آئے تو دس گرام خراطین خشک کو تیل میں ملادیں جب خراطین حل ہو جائیں تو دو گنڈی لہسن چھیل کر اس میں ملادیں پھر کھرل کر کے اور چھان کر ایک شیشی میں رکھ دیں

ترکیب استعمال: پندرہ بیس روز تک عضو پر سیون اور حشفہ کو چھوڑ کر طلا کر کے اوپر لسوڑہ کی کونپل باندھیں سرد پانی اور جماع سے پرہیز کریں یہ طلاء اعضائے تناسل کی خرابی کجی کمزوری و بلا پن چھوٹا پن وغیرہ سب کے لیے آزمودہ اور تیر بہدف نسخہ ہے۔ دواخانہ دارالعلاج میں یہ نسخہ ہر وقت تیار ملتا ہے۔

جریان کی خاص دوا

نسخہ: بہوپھلی بوٹی تقریباً پانچ گرام لیکر ایک کورے کوزے میں شام کو بھگو صبح کو کھرل کر کے مصری یا نمک ملا کر جس قدر پیاس ہو پئیں دہانت بند ہو جائے گی پانی جس میں بہوپھلی بھگوئی جائے 1/4 لیٹر ہونا چاہیے مجرب اور زود اثر ہے۔

نسخہ نامردی مجرب

نسخہ: پارہ اور جست ان دونوں کو ہموزن لیکر رکھیں

ترکیب تیاری: پہلے جست کو گرم کریں اور جس برتن میں پارہ ہو اس برتن میں وہ جست

گرم کیا ہوا ڈال دیں دونوں کی ڈلی ایک ذات ہو جائے گی بعدۃ دو سیر لوٹہ بجی دو سیر پانی میں پیس چھان کر رکھیں وقت صبح ایک کڑاہی چولہے پر رکھیں اور پانی بجی کا ڈالیں اور وہ ڈلی اس کڑاہی میں ڈالدیں اور ڈھاک کی لکڑی سے آگ دیں جب تمام پانی حل ہو جائے اور بالکل خشک ہو جائے تو وہ ڈلی مانند کھیل کے ہو گئی ہو گی اس کو پیس کر احتیاط سے رکھیں۔

ترکیب استعمال: جاڑے کے موسم میں اگر نامرد ہو تو بھی ایک رتی پان میں رکھ کر کھائے حکم خدا سے مرد ہو جائے گا کئی بار کا آزمایا ہوا ہے مفید اور مجرب ہے۔

طلاء خاص

نسخہ

سنکھیا سفید پانچ گرام۔ عقرقرحا پانچ گرام۔ جائفل پانچ گرام۔ لونگ پانچ گرام۔ جلوتری پانچ گرام۔ دارچینی پانچ گرام

ترکیب استعمال: علیحدہ علیحدہ پیس کر پچاس ملی لیٹر تکوں کے تیل میں ملا کر تین روز تک رہنے دیں چوتھے روز تناسل پر مالش کریں سات روز تک یہ عمل اس طرح کریں کہ ذرا سا انگلی کے ساتھ لگا کر سیون اور حشفہ چھوڑ عضو تناسل پر مالش کریں اور بعد سات روز کے مکھن لگا دیں انشاءاللہ تعالٰی جلد آرام ہو گا مجرب ہے۔

روغن دافع سستی اور مجلوق مجرب ہے

نسخہ

جائفل تیلیے سولہ عدد۔ لونگ پندرہ تولہ۔ بیر بہوٹی چار تولہ

سب کو لیں اور جائفل کو کوٹ کر چھوٹا چھوٹا کر لیں اور تینوں چیزوں کو تیل تپال جنتر کے ذریعہ سے نکالیں اور پندرہ روز گندگی والی جگہ دفن کریں

ترکیب استعمال: حشفہ اور سیون چھوڑ کر اعضائے تناسل پر بطور طلاء مالش کریں اور بھوج پتر باندھیں پندرہ روز مالش کریں آرام ہو گا ترش اور بادی چیز سے قطعی پرہیز ہے مجرب المجرب ہے۔

داد کا مجرب علاج

نسخہ

گوندھک پانچ تولہ۔ چوکیا سہاگہ پانچ تولہ۔ سیپ کا چونا پانچ تولہ۔ رال پانچ تولہ۔ نیلہ تھوتھا آدھا چھٹانک

ترکیب استعمال: ان پانچوں چیزوں کو پیس کر بھینس کے تازہ گھی میں ملا کر لگا دیں بہت جلد آرام ہو جائے گا مجرب ہے۔

داد کا مجرب علاج

نسخہ:

نوشادر ایک تولہ۔ گوگل ایک تولہ۔ گندھک ایک تولہ۔ پارہ ایک تولہ۔ نیلہ تھوتھا ایک ماشہ سب کی عرق لیموں میں گولیاں بنا دیں

ترکیب استعمال: وقت ضرورت پانی میں گھس کر لگا دیں بہت جلد آرام ہو گا مجرب ہے۔

داد کا مجرب علاج

نسخہ روغن تارپین دو تولہ۔ مشک کافور ایک تولہ.

ان دونوں کو شیشی میں ڈال کر تھوڑی دیر میں کافور روغن تارپین میں حل ہو کر دوا تیار ہے

ترکیب استعمال: اس دوائی کو روئی کے ذریعہ ادچیل خارش خشک وغیرہ پر چند بار لگانے سے گھنٹوں میں آرام آجاتا ہے اس سے آسان اور کم خرچ نسخہ ملنا محال ہے۔

فوطہ میں پانی پڑنے کا نسخہ

نسخہ:

دال گھونگچی سفید۔ افیون خالص۔ تخم دھتورہ۔ کچلہ سیاہ۔ انگوزہ خالص۔ سیماب ہر ایک دس گرام

ترکیب تیاری: ان سب کو باریک پیس کر زردی بیضہ مرغ گیارہ عدد ملا کر کھرل کریں اور بعدہٗ بذریعہ تپال جنتر۔ کے روغن نکالیں اس روغن کو با احتیاط تمام شیشی میں ڈال کر رکھیں

ترکیب استعمال: بطور طلاء کے عضو تناسل پر سیون اور حشفہ چھوڑ کر مالش کریں اور اوپر سے بنگلہ پان باندھیں

سرد پانی سے پرہیز کریں کم از کم ایک ہفتہ کرنا چاہیے اس سے مجرب نسخہ ملنا دشوار ہے۔

جریان کے لئے

نسخہ

: برگد کے دودھ میں تخم ڈھاک تین بار بھگو کر سایہ میں خشک کریں

ترکیب تیاری: اس کو پیس کر ہموزن اس کے تخم املی بریاں کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں اور دونوں کے ہموزن شکر سفید ملا کر رکھیں

ترکیب استعمال: پانچ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں اگر قبض معلوم ہو تو ہلیلہ سیاہ کو روغن زرد میں بریاں کر کے نوش کریں مجرب بلکہ لاثانی ہے۔

داد کا مجرب علاج

نسخہ:

گوگل۔ رال۔ سوہاگہ۔ چوکیا۔ گندھک ہر چہار اشیاء ہموزن

ترکیب تیاری: بکری کے دودھ میں کھرل کر کے گولیاں بنا دیں

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت پانی میں گھس کر داد کی جگہ پر لگا دیں چند روز میں آرام ہوگا مجرب المجرب ہے۔

پرانے جریان کے لئے

نسخہ:

مغز تخم سرس۔ مغز تخم املی ہموزن

لیکر بڑھ کے دودھ میں کھرل کریں اور بیر کے برابر گولیاں بنائیں

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ شیر گاؤ کریں ترشی بادی اشیاء سے پرہیز کریں جریان اگرچہ پرانا بھی ہو تو جڑھ سے چلا جائے گا مجرب ہے۔

نسخہ نامردی بے نظیر اور لاثانی

اگر فوطہ میں پانی پڑ جائے تو کشتہ ہڑتال ورقی ایک رتی روزانہ ہمراہ عرق گل صد برگ کھائیں تو کچھ دنوں میں آرام ہو جائے گا مجرب ہے۔

فوطہ میں پانی پڑنا

بزرانج اور بکری کے سینگوں کی راکھ پانی میں ملا کر پیس کر فوطہ پر لیپ کریں اور جوارش کمونی دس گرام روز کھائیں جلد آرام ہوگا مجرب ہے۔

فوطے کی درد کے لئے

مال کنگنی۔ افیون۔ زعفران۔ انڈا کی زردی ہموزن لیں اول زعفران کو کھرل کریں اور پھر افیون کو شامل کریں پھر مال کنگنی اور پھر انڈے کی زردی شامل کریں اور فل کے اوپر ضماد کریں تین دن میں صحت کامل ہوگی مجرب ہے۔

سوزاک کا مجرب علاج

گندہ بروزہ کا تیل مکھن یا بتاشہ میں کھانا مفید ہے۔

ترکیب: ایک ہانڈی میں گندہ بروزہ ڈال دیں اور دوسری کو چھید کر کے اس کے ساتھ بوتل اور نلکی لگا کر تیل نکالیں استعمال یہ ہے کہ شام کے وقت آدھ کلو گوشت بکری کا لا کر خوب گھی نمک مرچ ڈال کر پکائیں اور ایک گھنٹہ قبل کھالیں بعد اس کے تین گرام کوڑیا لوبان اور چھ گرام روغن صندل ان دونوں کو ملا کر سوتے وقت کھالیں اور لنگوٹا باندھ کر سو جائیں صبح کو جلد کافور ہو گی اور بعد میں گندہ بروزہ کا تیل واسطے سوزاک کے استعمال کریں تیل نکالتے دفعہ اوپر والی ہانڈی پر مٹی اور کپڑا ضرور چسپاں کر دیں مجرب ہے۔

سوزاک کا علاج

ایک کورا گھڑا لیکر پانی سے بھر کر اس میں دو لیٹر دودھ ڈال کر لسی بنالیں اور چھ گرام سرمہ سیاہ پیسا ہوا ڈال کر ہلا دیں اور سارا دن پیتے رہیں ایک ہی دن میں زخم مل جائے گا اور اچھا ہو جائے گا مفید ہے۔

سوزاک اور قرحہ کا علاج

بروزہ نصف کلو برگ آم نصف کلو پہنے برگ آم پیس کر بروزہ کے ساتھ حل کریں اور پھر تپال جنتر کے ذریعہ تیل نکالیں

ترکیب استعمال: اس تیل کے خواہ دو خواہ تین قطرے بتاشہ پر ڈال کر دودھ کی لسی کے ہمراہ کھائیں پرانے سے پرانا سوزاک وقرحہ ہمیشہ کیلیے جڑھ سے اکھڑ جاتا ہے لیکن دو چار ہفتہ تک استعمال کریں۔

سوزاک کا حکمی علاج

کبابہ الائچی خورد۔ طباشیر۔ نشادر۔ شورہ قلمی ہموزن لیکر اس کے ہموزن کوری کھانڈ میں ملا دیں پیس اور کپڑ چھان کر لیں۔

ترکیب استعمال: دس گرام کی پڑیا بنادیں اور ایک پڑی ہمراہ تازہ پانی کے صبح اور شام کھائیں اور دن بھر میں ایک لیٹر دودھ گائے کا تازہ دو دفعہ پی لیا کریں سات دن میں آرام ہوگا مجرب ہے۔

سوزاک اور قرحہ کا علاج

ہلدی دس گرام۔ کچور تیس گرام۔ قند سفید چالیس گرام۔

سب کو کوٹ چھان کر نو گرام کی پڑیاں بنا کر مریض کو کھلائیں خواہ کیسی حالت ہو بحکم خدا جلدی آرام ہوگا مجرب ہے۔

سوزاک کا مجرب علاج

ست گندہ بروزہ چھ گرام۔ کیرہ چھ گرام۔

ان کی گولیاں بیر کے برابر بنالیں

ترکیب استعمال: صبح ایک گولی استعمال کرنے سے اور معمولی پرہیز سے سوزاک فوراً دفعہ ہو جاتا ہے مجرب ہے کئی دفعہ کا آزمایا ہوا ہے اور مفید ہے۔

آتشک کا مجرب علاج

سنکھیا سیاہ دس گرام اصلی برانڈی شراب پانچ ملی لیٹر خوب کھرل کر کے دو پیالوں میں رکھ کر گاچنی سے منہ بند کر کے مٹی لگا کر پانچ کلو بیر کی لکڑی کی آنچ سے آہستہ آہستہ صبح سے شام تک دیکر جوہر

اڑائیں اور محفوظ رکھیں

ترکیب استعمال: ایک تنکا بھر حلوے میں یا مکھن میں یا آم کے اچار میں رکھ کر کھائیں گھی پچاس گرام بھر اوپر سے پئیں اور سب سے پہلے جلاب جمال گوٹہ کا لیں دست بند کرنے کے لیے مصری کا شربت پلائیں۔

پرہیز: کھٹا میٹھا مرچ سرخ اور ترش اشیاء سے پرہیز کریں نہایت مجرب ہے۔

نسخہ آتشک مجرب ہے

کوڑیاں زرد چالیس گرام طوطیا سبز بریاں دس گرام پوست ہلیلہ زرد دس گرام پوست ہلیلہ سیاہ دس گرام چہار ادویہ کو چار یوم تک برابر آب لیموں کھرل کریں اور بقدر نخود گولیاں بنادیں

ترکیب استعمال: ایک گولی روز کھائیں پانی چند دنوں میں سرخی آتشک کی دور ہوگی مجرب ہے۔

آتشک کا شرطیہ علاج

رس کپور سم الفار مصفیٰ شنگرف رومی مصفا ہر ایک دس گرام ان کو علیحدہ علیحدہ پیس لیں اور بعد میں ایک بکرے کی نلی لیکر اس کو چیریں اور پہلے سم الفار پھر شنگرف اور پھر رسکپور ڈالیں اور نلی کا منہ ارد کے گندے ہوئے آٹے سے خوب بند کردیں اور خشک کر کے اس کو گھڑے میں اس طرح ڈالیں کہ دو قیمہ بکرے کا آدھا نیچے اور آدھا اوپر رکھ دیں اور گھڑے کا منہ بند کردیں اور نیچے نرم نرم آنچ جلادیں جب اوپر کا گوشت جل جائے تب اس دوائی کو نلی سے نکال کر رکھ دیں اور شیشے کی بوتل میں ڈال رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک چاول سے دو چاول بھر منقے میں بند کر کے کھائیں زبان پر نہ لگنے دیں اکیس دن میں آتشک بالکل غائب ہوجائے گا اور بدن خوبصورت نکل آئے گا اور یہ نسخہ نامردوں کے لیے بھی حکم اکسیر ہے مجرب ہے۔

آتشک کے زخموں کے لیے مرہم مسیحائی

پارہ مصفا۔ زنگار۔ شنگرف۔ ہڑتال۔ مردا سنگ۔ رال۔ پیاز۔ برگ نیم۔ صدف سوختہ۔ موم سفید ہر ایک چار گرام گھی 150 گرام ملا کر مرہم بنالیں

آتشک کا زخم کیسا ہی سڑا ہوا کیوں نہ ہو زخموں سے بدبو کیوں نہ آتی ہو اس کے لگانے سے فوراً صحت کا یا ہوتی ہے آتشک کے سوا ہر ایک زخم کو بھی فائدہ دیتا ہے مجرب ہے۔

نسخہ آتشک

رس کپور۔ دار چکنا۔ شنگرف۔ سم الفار۔ نمک ملا کر کھرل کر کے رکھ لیں

ترکیب استعمال: نصف رتی ہمراہ بالائی یا حلوے کے کھائیں چودہ دن تک کھائیں آتشک بالکل دور ہوجائے گا مجرب ہے۔

نسخہ آتشک

سکپور گیری سنیاریوں والی ہموزن لیکر کوٹ چھان کر 125 ملی گرام کی پڑیاں بنالیں

ترکیب استعمال: بالائی میں سات روز تک کھائیں مجرب ہے اور زخموں پر بھی چھڑکیں بہت فائدہ دیتی ہے۔

آتشک کا مجرب علاج

اجوائن ہر چہار قسم ایک ایک دس گرام پرانا گڑ دس گرام کالا نمک دس گرام گودا کوار گندل میں کھرل کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں

ترکیب استعمال: مریض کو سات یوم تک ہمراہ پانی کے دیں اور زخموں پر سفید

کاشغری لگائیں، بہت جلد فائدہ ہوگا مجرب ہے۔

خونی بادی بواسیر کا علاج

پوست ہریڑ 50 گرام ایلوا دس گرام دونوں ادویہ کو کوٹ چھان کر گولیاں بقدر نخود بنالیں

ترکیب استعمال: پانی کے ہمراہ ایک گولی شام کو کھانے سے بواسیر خونی اور بادی دور ہوجاتی ہے طرفہ یہ ہے کہ پرہیز کچھ نہیں ہے چوداں دن میں آرام ہوگا مجرب ہوگا۔

خونی بادی بواسیر کا علاج

پانی کیلے کا ہر روز تازہ لگائے اور اس میں تازہ گل صدر برگ یعنی پانچ عدد گیندے کے پھول کھرل کر کے بوقت صبح پیئیں سات روز تک یہ عمل کریں اکسیر ہے، بہت جلدی شفا ہوگی مجرب ہے۔

پرہیز: کھٹی مٹھی ترش اور تیل والی چیز سے پرہیز کریں۔

خونی بادی بواسیر کا علاج

مغز تخم دہریک ایک تولہ۔رس ایک تولہ۔قند کہنہ ایک تولہ۔الائچی خورد ایک تولہ۔کتھ چھ ماشہ سب کو کوٹ چھان کے برابر ہمراہ پانی گولیاں بنادیں

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ پانی کے کھائیں صحت کامل ہو مجرب ہو پرہیز کھٹی مٹھی ترشی اور تیل کی بنی ہوئی چیزوں سے ہے۔

خونی بادی بواسیر کا مجرب علاج

مغز نمولی ۔ پوست ہلیلہ زرد۔رسوت۔مغز بنولہ۔کافور۔ایلوا سب ادویہ کو ہموزن باریک کوٹ

چھان کر نخود کے برابر گولیاں ہمراہ پانی بنادیں

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ پانی کے کھائیں جلدی فائدہ ہوگا۔

پرہیز: کھٹی میٹھی ترش اشیاء سے پرہیز کریں۔

خونی بواسیر کے لئے مجرب ہے

آدھ سیر بکائن کا تخم لیکر اس کو ایک پاؤ گھی میں بھون لیں جب راکھ ہوجائے تو پاودر بنالیں۔

ترکیب استعمال: تین ماشہ کی پھکی ہمراہ پانی کے استعمال کریں بفضل خدا مطلق چوداں دن میں آرام ہوگا بکائن اس دہریک کو کہتے ہیں جو زمین پر نہ جھکی ہوئی اور نہ بچھی ہوئی ہوتی ہے انشاء اللہ بہت جلد شفا ہوگی مجرب ہے۔

بواسیر کیلئے مجرب مسوں کو جڑ سے اکھیڑنے والا مجرب نسخہ

پوست بیضہ مرغ بیس گرام کو توا آہنی پر رکھ کر جلالیں یعنی سیاہی مائل کشتہ ہوگا بغیر تکلیف کے کوئی مغز ماری نہ ہوگی

ترکیب استعمال: باریک پیس کر مسہ پر خالص تیل سرسوں لگا کر اوپر سفوف مذکورہ چھیڑ کر اوپر لنگوٹ باندھ دیں صبح شام دو دفعہ دن میں لگائیں صرف چھ سات دفعہ کافی ہے مسہ جڑ سے اکھڑ جائے گا۔

بواسیر خونی

تخم سرس یعنی شیریں تیس گرام دانہ الائچی خورد پندرہ گرام باریک پیس کر محفوظ کرلیں خوراک جو ہمراہ باس پانی صرف ایک ہفتہ میں مرض کافور ہوگا۔

خونی بواسیر کا مجرب علاج

نیم کی نمولیاں ۔تخم دہریک ۔رسوت ۔چاسکو ہموزن لیکر کھرل کر بیر کے برابر گولیاں پانی میں بنادیں

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ پانی کے کھائیں دودھ اور گھی کا استعمال کثرت سے کریں چودہ روز میں بالکل آرام ہوگا مجرب ہے۔

لیپ برائے مسے بواسیر

کتھ سفید ایک تولہ ۔مرداسنگ ایک تولہ ۔نیلہ تھوتھا دو ماشہ ۔گائے کے پتے میں حل کرکے گولیاں بقدر نخود بنالیں

ترکیب استعمال: عرق گلاب میں شامل کرکے مسوں پر لگادیں سات روز لگانے سے مسے غائب ہوجاتے ہیں مجرب ہے۔

نسخہ بواسیر مجرب ہے

سیاہ الائچی کلاں دس گرام ۔لونگ دس گرام ۔رسکپور دس گرام تینوں کو کھرل کرکے رکھ لیں ۔

ترکیب استعمال: ایک رتی روز مٹھی یا بالائی میں ڈال کر کھائیں جلد شفاء ہوگی؟

پرہیز: کھٹے میٹھے اور لال مرچ تیل والی اور گرم اشیاء سے پرہیز کریں مجرب ہے۔

بواسیر کے مسے دور کرنے والی دوا

مکھن پانی میں دھلا ہوا دودھ آک ان دونوں کو ہموزن لیکر مسوں کے اوپر دو دفعہ صبح اور دو دفعہ شام کو لگائیں اور ایک ہفتہ تک آرام ہوگا مسے دور ہوجائیں گے مگر جب تک دوائی استعمال کریں نمک مت کھائیں۔

بواسیر کے مسے دور کرنے والی دوا

نیلہ تھوتھا تین تولہ ۔کاہی تین تولہ ۔چونہ تین تولہ ۔کونج تین تولہ ۔پھٹکری تین تولہ ۔سنکھیا سفید دو تولہ ۔گائے یا انسان کے پیشاب میں کھرل کریں

ترکیب استعمال: چوداں دن تک مسوں پر لگائیں مسے غائب ہوجائیں گے حکم خدا سے مجرب اور لاجواب ہے۔

بواسیر کا علاج

بواسیر والے کو چاہیے کہ پانچ تولہ کالی زیری اور ڈیڑھ تولہ سہاگہ بریاں خوب باریک پیس کر سفوف بنالیں

ترکیب استعمال: صبح اور شام چار ماشہ ہمراہ پانی کے کھائیں اور گکر دندے کی چھال باریک پیس کر مسوں پر باندھیں انشاءاللہ پندرہ روز میں شفاء ہوگی ترشی اور بادی اشیاء کھانے سے پرہیز کریں۔

لیپ برائے بواسیر مجرب

نیلہ تھوتھا ۔ایک پاؤ لیکر ایک کوری ہانڈی میں رکھ کر 48 گھنٹے تک دوبتی کی مانند آگ جلائیں اور پھر اس کو نکال کر رکھ لیں

ترکیب استعمال: پاخانہ کے بعد مسوں پر لیپ کریں یا چھڑکیں مسے ختم ہوجائیں گے بفضل خداداد و مجرب المجرب اور لاثانی ہے۔

ہیضہ کا علاج

مدار کی جڑ ۔مرچ سیاہ ہموزن لیکر ادرک کے عرق میں دو روز کھرل کریں سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنالیں

ترکیب استعمال: دو دو گھنٹہ کے بعد پانی کے ساتھ ہیضہ کے مریض کو دیں اگر نجالرۃ مرگ ہو مفید ہے مجرب ہے۔

ہیضہ کے لیے مجرب گولیاں

آک کی جڑ۔ادرک کا پانی۔پودینہ۔مرچ سرخ۔ہموزن لیکر پیس کر بقدر ماش کے گولیاں بنالیں

ترکیب استعمال: ایک ایک گھنٹہ کے بعد مریض کو ایک ایک گولی ہمراہ پانی دیں۔

ہیضہ کھانسی اور لقوہ کا علاج

شنگرف مصلے۔بچھناگ۔مرچ سیاہ۔فلفلدراز۔سہاگہ ہر ایک نصف تولہ لیکر کھرل کریں اور خوب چھان کر سفوف کریں۔

ترکیب استعمال:: ایک رتی سے دو رتی تک حسب طاقت مریض کو دیں ہیضہ والے کو پان کے پانی کے ہمراہ دیں اور جب تک صحت نہ ہو تین تین گھنٹہ بعد دیں پیچش والے کو شکر کے ساتھ دو بار دیں کھانسی والے کو ہمراہ خشخاش دیں اور لقوہ والے کو تلوں کے تیل میں ملا کر لگائیں ہیضہ کے لیے بڑھ کر اس سے کوئی دوائی ملنی محال ہے حالت کیسی ہی ابتر کیوں نہ ہو دوائی دینے سے فوراً فائدہ ہوتا ہے مجرب اور مفید ہے۔

پلیگ کا علاج

سنکھیا سفید لیکر رگڑ کر گلٹی پر لیپ کریں گولیاں بخار والی جس نسخہ پر نشان ہے بنا کر ہمراہ ادرک کے پانی کے استعمال کریں چھوٹے مرغ کا شوربہ اور ڈیڑھ تولہ شراب برانڈی ملا کر کھائیں فوراً آرام ہوتا ہے۔

پلیگ کا مجرب علاج

ست پودینہ ڈیڑھ ماشہ۔خشک ست اجوائن تین تولہ۔خشک کافور بھیم سینی تین ماشہ سب کو ملا کر ایک شیشی میں بند کر لیں چند منٹ میں عرق بنجائے گا جب مریض کو پیاس لگے تو دو قطرے عرق گاؤزبان میں اور رب انار میں ملا کر دو گھنٹے کے بعد دیتے رہیں اور گلٹی پر بھی یہی عرق لگا کر گرم اینٹ سے سینک کریں بہت ہی مجرب اور لاثانی ہے۔

وجع المفاصل یا درد جوڑوں کا علاج

افیون میٹھا تیلیہ شنگرف مرچ سیاہ ہر ایک نیم درم لیکر کوٹ کر باریک کریں اور ادرک کے پانی میں کھرل کر کے موٹھ کے برابر گولیاں بنالیں ایک گولی ہمراہ آب گرم کھائیں بہت مجرب ہے۔

درد جوڑوں کا علاج

برگ آک کا پانی ایک پاؤ لیکر دس تولہ تیل تل میں ڈال کر گرم کریں جب پانی جل جائے اور تیل ہی رہ جائے تو اتار لیں اور درد والی جگہ پر مالش کریں چند روز میں آرام ہوگا مجرب ہے۔

درد جوڑوں کا علاج

لونگ چار ماشہ۔عقر قرحا چار ماشہ۔پیپلا مول چار ماشہ۔دارچینی چار ماشہ۔مرچ سیاہ چار ماشہ۔سونٹھ چار ماشہ۔الائچی دانہ خورد چار ماشہ۔برادہ صندل پانچ ماشہ۔دار ہلدی دس تولہ سب کو کوٹ چھان کر چودہ پڑیاں بنالیں جس کو درد ہو پوٹلی میں پاؤ پانی میں جوشاندہ بنا کر اس میں دو تولہ شہد بھی آمیز کر کے پئیں بہت جلد آرام ہوگا۔

درد جوڑوں اور گنٹھیاں کا علاج

جلوتری چھ ماشہ۔لونگ ایک تولہ۔جائفل ایک تولہ۔عقرقرحا ایک تولہ۔جمال گوٹہ ایک تولہ۔تخم ارنڈی ایک تولہ۔رتن جوت ایک تولہ۔بابونہ ایک تولہ۔برگ حنا ایک تولہ۔لوبان تین ماشہ۔افیون تین ماشہ۔تیل تل ایک تولہ۔بیر بہوٹی ایک تولہ۔کیسر ایک تولہ۔سب کو کوٹ چھان کر تیل میں ملا کر گرم کریں جب سب چیزوں کا تیل نکل آئے تو درد والی جگہ پر مالش کیا کریں چند روز میں آرام ہوگا مجرب ہے۔

جذام یعنی کوڑھ کا علاج

اجمود ڈیڑھ تولہ۔شاہترہ ساڑھے چار تولہ۔زرنب نو ماشہ۔عقرقرحا تین تولہ۔طباشیر تین تولہ۔سب کو کوٹ چھان کر رکھیں دوسرے روز ڈیڑھ ماشہ ہر روز آدھ ماشہ بڑھاتے جائیں جب چار ماشہ تک پہنچ جائیں بعد اس کے عرصہ آٹھ سات روز تک معمولی پرہیز سے کھاتے رہیں غذا آب نخود اور برنج ساٹھی و نان گندم کھائیں نمک کم اور گھی زیادہ کھائیں تمام جسم بھی کیوں نہ جل سڑ گیا ہو اور سارا جسم سفید ہو گیا ہو تو بھی بفضل شافی صحت ہوگی اور داد چنبل اور سیاہ داغوں کے لیے بہت ہی مفید ہے۔

بچھو کے کاٹے کا علاج

جہاں بچھو ڈنگ مارے اس جگہ نمک اور پیاز مل دو فوراً بچھو کا زہر اتر جائے گا اور درد جاتا رہے گا مجرب ہے۔

سانپ کے کاٹے کا علاج

اگر کسی کو سانپ کاٹ جائے اور وہ بالکل مردہ سا ہو جائے تو چاہیے کہ تھوڑا سا نوشادر مردہ کی آنکھوں میں ڈالیں اور تھوڑی دیر کے بعد پھر لگا دیں انشاء اللہ دو مرتبہ آنکھ میں مثل سرمہ لگانے سے مریض ہوش میں آ جائے گا پھر ریٹھا کو پانی میں گھس کر تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں اس سے زہر بالکل اتر جائے گا یہ عمل اس وقت تک کریں جب تک کہ مردہ کو نیم کی چھال کڑوی معلوم ہو جان لو کہ بیمار اچھا ہو گیا ہے۔

سانپ کے کاٹے کا شرطیہ علاج

ہیرا ہینگ تین ماشہ۔ارنڈ کی کوپل تین ماشہ دونوں کو پیس کر چار چار رتی کی گولیاں بنائیں مریض کو ایک گولی ہمراہ پانی کے دیں اگر مریض کے دانت بند ہو گئے ہوں تو جس طرح ہو ایک گولی ضرور حلق میں اتار دی جائے دوسری گولی دانت پر رگڑ دیں پھر ایک گولی گرم پانی کے ہمراہ دیں اگر قے ہو جائے تو ایک گولی اور کھلاؤ یہ گولی اپنا اثر جلدی جلدی کرے گی اور مریض کو شفا بخشے گی مجرب ہے بہت دفعہ آزمایا ہوا ہے آزمائش شرط ہے۔

ملذذ نسخہ امساک

کیکر کا پوست جس قدر ضرورت ہو لیکر نیم کوب کریں وہ چند پانی میں تر کر کے گرم کریں جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر شیشی میں رکھیں جب ایام حیض سے عورت فارغ ہو تو بعد پیشاب کے اسی پانی سے استنجا کرائیں حیض میں اگر عورت میں اگر عورت اس طرح استنجا کرے گی تو مثل کنواری کے ہو جائے گی۔

ایضاً

کافور یالقر۔ تخم ہلیلہ برابر کوٹ چھان کر عورت اپنی جائے نہانی میں مانند کنواری کے بن جائے گی بہت تنگ ہو جائے گی کمال لذت آئے گی اور دونوں عاشق و معشوق بن جائیں گے مجرب ہے۔

خوشبودار تیل حنا بنانا

برگ حنا ایک سیر کو چار سیر پانی میں پکائیں جب ایک سیر پانی رہ جائے تو چھان کر ایک سیر میٹھے تیل میں ملا دیں اور ساتھ ہی صندل سرخ کا سفوف دو تولہ گل نیلوفر دو تولہ پھول گلاب دو تولہ مشک کافور ایک تولہ ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں جب صرف تیل باقی رہ جائے تو فوراً اتار کر چھان کر اور شیشی میں ڈال کر منہ بند کر کے رکھ دیں یہ تیل ضعف بصر درد سر ضعف دماغ کو دور کرتا ہے اور مغز کو ٹھنڈا رکھتا ہے اس کا بیوپار کرو اور لاکھوں روپیہ کماؤ مجرب ہے۔

بال لمبے کرنے کا تیل خوشبودار

آئیل برگجات تین ماشہ لیموں کا تیل ایک ماشہ زیتون کا تیل ایک چھٹانک ان سب اشیاء کو ملانے سے تیل بن جائے گا اس کے لگانے سے بال بہت جلدی جلدی بڑھتے ہیں بڑی عمدہ چیز ہے۔

بال لمبے کرنے کا تیل

برگ بیر آدھ سیر روغن تل پاؤ سیر میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب پتے تیل میں جل جائیں تب اس تیل کو آگ سے اتار کر کپڑے میں چھان کر بعد آنولہ خشک پاؤ بھر تیل مذکور میں جالیں جب یہ تیل جل جائے تو پہلی طرح کپڑے میں چھان لو چند قطرے عطر حسب مرضی ڈال دو اور روزانہ بالوں پر ملیں بال بہت جلد بڑھیں گے اور خوب ملائم ہوں گے اس کے ذریعے بیوپار کر کے ہزاروں روپے کماؤ اور مال دار بن جاؤ۔

طلسمی سانپ بنانا

کافور گندھک ڈیڑھ ڈیڑھ چھٹانک سفید ایک چھٹانک سب کو علیحدہ علیحدہ پیس کر پھر سریش کو نرم آگ پر پکائیں اور اس میں ملا کر پیسیں اور ڈیڑھ رتی شب یمانی ملا کر بتیاں بنا کر رکھ لیں اس بتی میں سے ذرا سی لیکر دیا سلائی لگانے سے طلسمی سانپ نمودار ہوگا ہزاروں روپیہ کا بکتا ہے بنا کر فروخت کرو اور لطف اٹھاؤ۔

بال اڑانے کا پوڈر بنانا

بیرم سلفائیڈ پانچ تولہ نشاستہ دو چھٹانک سفید کاشغری دو چھٹانک ان سب کو ملانے سے بال اڑانے کا بے ضرر پوڈر تیار ہوتا ہے اور جب ضرورت ہو تھوڑا سا لیکر اور لیٹی سی بنا کر بالوں پر لگا دو دو منٹ میں بال صاف کر دیتا ہے جلن یا سوزش بالکل نہیں ہوتی دو پیسہ یا ایک روپیہ فی پڑیہ بنا کر فروخت کرو سینکڑوں روپے کا بک جاتا ہے۔

بال اڑانے کا عرق یا تیل بنانا

بیرم سلفائیڈ ایک حصہ پانی کھولتا ہوا چار حصہ دونوں کو ایک بوتل میں ڈال کر بند کر دیں جب ٹھنڈا ہو جائے تو چھان لیں عمدہ بال اڑانے کا عرق یا تیل تیار ہے ذرا سا انگلی یا روئی سے جس جگہ کے بال اڑانے منظور ہوں لگا دیں اور دو منٹ کے بعد کسی کپڑے سے صاف کر دیں ضرور بال اڑ جائیں گے یہ بھی سینکڑوں روپے کا فروخت ہوتا ہے آپ بھی بنا کر فروخت کریں اور فائدہ اٹھائیں۔

خضاب لاجواب تیار کرنا

اول کاسٹک ایک اونس کو لیکر چار اونس صاف پانی میں ڈال دو اور شیشی کا منہ بند کر کے رکھ دو پھر دوسری شیشی میں طرف آف پوٹاس ایک اونس پانچ اونس پانی میں بطریق بالا ڈالو اور علیحدہ رکھ دو جب بال سیاہ کرنے ہوں تب پہلے پوٹاس والی شیشی سے بالوں پر لگاؤ اور بعد خشک ہونے کے دوسری دوا بالوں پر لگاؤ بال سیاہ ہو جائیں گے اور یاد رکھو کہ شیشیوں پر کاغذ چڑھا کر رکھیں تاکہ دوا خراب نہ ہو جائے مجرب ہے۔

خضاب عمدہ بنانے کا طریقہ

سیاہ بھنگرہ دس تولہ ماجو دس تولہ زنگ ہریڑ دو تولہ سنگ راغ پانچ تولہ مرداسنگ دس تولہ نوشادر ایک تولہ لونگ ایک تولہ نیلہ تھوتھا ایک تولہ پھٹکری سفید دو ماشہ کاہی زرد چار تولہ آملہ دو تولہ تیل کڑوا پانچ تولہ اول ماجو اور زنگ ہریڑ کو پیس کر تیل گرم کر کے پکائیں بعد سرد کر کے چھان لیں باقی تمام چیزیں خوب باریک کر کے چھان کر سفوف بنا کر اس میں ملا دیں چھ ماشہ کی پڑیاں بنا کر رکھ دیں جب ضرورت پڑے پانی میں بھگوکو اور چھار کر بالوں پر لگا دیں عرصہ تک بال سیاہ رہیں گے کنگھی اس بھگوئے ہوئے خضاب میں ڈبو ڈبو کو بالوں پر لگائیں اور چند منٹ کپڑے سے بالوں کو باندھ دیں دس منٹ میں بال سیاہ ہو جائیں گے مجرب ہے۔

جوہر حیات درجہ اول بنانا

ست پیاز چھ ماشہ۔ ست پودینہ ایک تولہ۔ مشک کافور ایک تولہ۔ ست لیموں تین ماشہ۔ ست

سونف ایک تولہ۔ ست الائچی ایک تولہ۔ ست اجوائن ایک تولہ۔ ست ادرک تین ماشہ۔ ست دار چینی تین ماشہ۔ روح بادام تین ماشہ۔ روح پیپرو چینی تین ماشہ۔ روح زعفران تین ماشہ۔ روح صندل چھ ماشہ۔ روح پان چھ ماشہ۔ روح نارنگی چھ ماشہ۔ روح جائفل تین ماشہ۔ پیپر منٹ ایک تولہ۔ ان سب چیزوں کو ایک شیشی میں بند کریں اور کاک لگا کر دھوپ میں رکھیں دس منٹ میں مثل تیل کے بن جائے گا یہی جوہر حیات ہے واقعی کل بیماریوں کے لیے مفید ہے اگر اندرونی بیماری ہو تو مصری یا تپاشہ یا پانی میں تین چار بوند ڈال کر کھائیں اگر پھوڑ پھنسی سانپ کا کاٹا ہوا تو زخم پر مالش کریں جادو کا اثر دکھاتا ہے آپ بھی اس کا کچھ نیا نام رکھ کر کارخانہ جاری کریں اور سستا کر کے فروخت کریں اور لاکھوں کے آدمی بن جائیں۔

جوہر حیات درجہ دوئم بنانا

کافور ایک تولہ۔ ست اجوائن ایک تولہ۔ پیپر منٹ چھ ماشہ۔ ست پودینہ ایک تولہ سب کو ایک شیشی میں رکھ دیں دس منٹ میں تیل بن جائے گا اور بحفاظت تمام اس تیل کو رکھیں یہی تیل پچاس بیماروں پر کام دیتا ہے بیرونی بیماری ہو تو روئی کے ساتھ اوپر لگائیں اور اگر اندرونی بیماری ہو تو مصری یا تپاشہ پر ڈال کر تین یا چار بوند کھائیں بہت مجرب ہے۔

عمدہ عطرہ بنانے کا طریقہ

سپرٹ پانچ تولہ بھنگوا میر گریز ساڑھے چار تولہ دم الاخوین برگالوٹ تیل چار ماشہ برگالوٹ کی خوشبو نصف ڈرام لیموں کی خوشبو چھ ماشہ سب کو ملا کر استعمال کریں اعلیٰ خوشبودار عطر بن جائے گا

فتنہ بنانے کا طریقہ

عطر حنا ایک تولہ۔ عطر موتیا ایک تولہ۔ عطر گلاب ایک تولہ جس قسم کا فتنہ بنانا ہو ایک تولہ عطر لیکر اس میں ایک چھٹانک تیل میں ملا دیں اور ایک چھٹانک موم خالص اس میں ملا دیں اور ذرا گرم کر کے جب یکجان ہو جائیں تو لیٹی کی طرح کر کے اسکو ڈبیوں میں بھر دیں اور فروخت کریں عمدہ اور سستا

مثنہ بن جائے گا۔

مونچھوں میں لگانے کی پومیڈ بنانا

موم سفید ایک چھٹانک۔ روغن بادام آدھ سیر۔ روغن نروبی دس بوند۔ عطر گلاب پانچ بوند۔ اول موم اور روغن بادام کو شیر گرم کر کے گل خوشبو میں ملا دیں اب یہ پومیڈ بن گئی انگریز صاحبان اور دیسی شرفا اس کو مونچھوں پر لگاتے ہیں بہت عام ہے اور جلدی بک جاتا ہے۔

مشک کافور بھیم سینی بنانا

دس تولہ پھٹکری چھ ماشہ کے لیے کا پانی سنبل رولنی ایک تولہ ان سب کو ایک شیشی میں ڈال کر کاک لگا کر اوپر منہ بند کر کے چاولوں کی پکتی ہوئی دیگ میں رکھ دیں جب دیگ پک جائے تو شیشی نکال لو اور دوسرے برتن میں ڈال کر جما لیں یہ عمدہ مشک کافور بن جائے گا اگر سنبل رومی نہ ملے تو تج سک تولہ بھر کافی ہے بیوپار کرو بنا کر فروخت کرو۔

گیس بنانے کا طریقہ

پتھر کا کوئلہ کوٹ کر ایک لوہے کے پتیلے میں بھر لو پھر اس میں ایک نلکی لگا کر منہ اس برتن کا مضبوط بند کر لو اور نلکی کو دوسرے برتن میں ڈال دو بعد کو کلے والے برتن کے نیچے آگ جلانی شروع کریں بذریعہ نلکی کوئلوں کا عرق نکل کر دوسرے برتن میں آ جائے گا اور گیس کہلائے گا یہی گیس حادنے کے حق میں بہت عمدہ اور سستا ہے بناؤ اور فروخت کرو۔

چپڑا لاکھ بنانے کا طریقہ

معمولی بازاری لاکھ دانہ دار کڑاہی میں ڈال کو خوب پگھلاؤ جب گل جائے تب کسی گاڑھے کپڑے میں ڈال کر پیٹو کپڑے کا ایک سرا کسی کھونٹی سے باندھ دو دوسرا سرا میخ آہنی سے پھنسا دو اور بل دو بل کھانے سے نرم شدہ لاکھ کپڑے سے چھن کر باہر نکلے گی چھری سے اتار کر الگ رکھتے جاؤ اسی طرح کی صاف شدہ لاکھوں چپڑا لاکھ کہلاتی ہے اس کا قدرتی رنگ شربتی ہوتا ہے۔

مہر لگانے کی لاکھ تیار کرنا

چپڑا لاکھ پانچ تولہ۔ تارپین نو تولہ۔ رال نو تولہ۔ چاک چار تولہ۔ کاجل ڈیڑھ تولہ سب کو گرم کر کے خوب حل کریں اور بتیاں بنا کر رکھ دیں ہی لاکھ مہر لگانے کام آتی ہے جو نسا رنگ دینا چاہیں کاجل کی جگہ دو رنگ دیں وہی رنگ کر لاکھ بن جائے گی بناؤ اور فروخت کرو اور روپیہ کماؤ۔

سفری گوند کی ٹکیاں بنانا

عمدہ سریش ایک پاؤ کو پانی میں بھگو دو اور چوبیس گھنٹہ کے بعد لال کھانڈ نصف پاؤ ملا کر اتنی پکاؤ کہ قوام سرد ہونے پر سخت ہو جائے پھر سانچوں میں بھر کر جس شکل میں ٹکیاں بنانی ہوں بنا لو سفر میں جب گوند وغیرہ کی ضرورت ہو تو اس ٹکیاں کو منہ کے لعاب سے تر کر کے کاغذ پر لگا کر چپکا دیں بہت کام کی چیز ہے۔

سفری چاء کی ٹکیاں معہ دودھ بنانا

ایک سیر دودھ میں پاؤ بھر پانی ڈال کر ایک چھٹانک چاء ڈال کر خوب پکاؤ جب چیاں گل جائیں ان کو چھان کر پھر دودھ کا کھویا بناؤ اور حسب پسند میٹھا ڈال کر سانچوں میں ٹکیاں بنا لو صرف کھولتے ہوئے پانی کے ایک پیالہ میں دو تین تولہ کی ایک ٹکیا ڈالنے سے عمدہ میٹھی اور دودھ والی چاء تیار ہوتی ہے بیوپار کرو اور فائدہ اٹھاؤ۔

گندھک کا گلاس بنانا

صاف شدہ گندھک کو کسی لوہے کے برتن میں ڈال کر پگھلائیں بذریعہ نرم آنچ بعد کوئی پیتل کا گلاس لیکر اس میں گھی چوپڑ کر پگھلی ہوئی گندھک کو ڈال دو فوراً چٹ کر گلاس بن جائے گا جب سرد ہو جائے تو گلاس نکال لو اس گلاس میں پانی سے کئی بیماریاں دور ہوتی ہیں بہت کار آمد اور حفاظت جسمی کے لیے نایاب تحفہ ہے گندھک صاف اس طریقہ سے کریں کسی لوہے کے برتن میں گھی ڈال کر آگ پر رکھیں جب گھی گرم ہو جائے تو اس قدر گندھک کا سفوف ڈال دیں یہ عمل اسی دفعہ کرنے سے گندھک صاف ہو جاتی ہے حفاظت رہے کہ جل نہ جائے؟

گندھک اور کافور کا کٹورہ بنانا

اول کچی مٹی کے دو پیالے سانچے کی طرح بناؤ اور خشک کرلو پھر ایک پیالہ میں کافور یا گندھک ڈال کر دوسرا پیالہ اس کے اوپر الٹا کر کے رکھ دیں اور دونوں کے منہ والی جگہ چکنی مٹی سے بھر دو اور دو اینٹوں کا چولہا بنا کر اس کے اوپر کٹورہ رکھ دو اور چراغ میں موٹی بتی جلا کر اس چولہے میں آگ جلانی شروع کرو اس آنچ سے کٹورہ بھر جائے گا بعد سرد کرنے کے نکال لو گندھک کے پیالہ میں دودھ پینے سے کوئی مرض انسان کے نزدیک نہیں آتا اور دودھ معدے میں جا کر پھٹتا بھی نہیں اور کافور کے کٹورہ میں پانی پینے سے امراض ایچی وغیرہ کا دورہ نہیں رہتا بہت اچھی چیز ہے ضرور استعمال کریں۔

شربت بزوری بنانا

تخم کاسنی تین تولہ۔ تخم خیارین ایک تولہ۔ پھول گلاب ایک تولہ۔ سونف ایک تولہ۔ ملٹھی ایک تولہ۔ نصف سیر مصری ڈال کر ان سب کا قوام بنالیں شربت بزوری بن گیا ہے تپدق یرقان اور ضعف جگر کے لیے مفید ہے؟

شربت نیلوفر اور بنفشہ بنانا

نیلوفر ڈیڑھ پاؤ مصری ایک سیر پانی چار حصہ بنا کر قوام کرلیں اور شربت بنفشہ بھی اسی طرح بنتا ہے یعنی بنفشہ ڈیڑھ پاؤ مصری ایک سیر کا قوام کرلیں کھانسی کو نیلوفر کا شربت مفید ہے اور نزلہ تپدق دل کی گرمی کو بنفشہ کا شربت مفید ہے۔

شربت فریادرس بنانا

گاؤزبان تین تولہ۔ صندل تین تولہ۔ اصل گلاب تین تولہ۔ دانہ منقہ 41 عدد۔ ڈوڈہ پوست معہ خشخاش چار عدد۔ مصری پانچ تولہ ڈال کر قوام کریں خشک اور تر کھانسی کیلیے یہ شربت اکسیر ہے۔

شربت دینار بنانا

پوست بیخ کاسنی تین تولہ۔ تخم کشوث تین تولہ۔ ریوند چینی چھ تولہ۔ تخم کاسنی پانچ تولہ۔ گلاب پانچ تولہ۔ مصری بیس تولہ۔ میں ڈال کر قوام بنادیں دستوں کے واسطے یہ شربت اکسیر ہے حکمی جلاب ہے۔

شربت انبلی بنانا

املی لیکر کسی چینی کے برتن میں چار گنا پانی ڈال کر تر کردو تمام رات تر رہے صبح کو اس کا آب زلال لیکر دو گنی کھانڈ میں قوام کریں قوت باہ کے لیے مقوی ہے اور دماغی اور صفرادی امراض کو مفید ہے۔

شربت انگور بنانا

انگور کا عرق نکال کر اس سے نصف چینی ملا کر قوام کرو استعمال میں لاؤ بدن کو سرخ کرتا ہے مواد خون مقوی باہ دل کی گرمی کو روکتا ہے۔ بہت مجرب ہے شربت بید مشک کیوڑہ انجبار شہتوت بادام نارنجی وغیرہ بھی اسی طریقے سے تیار کیے جاسکتے ہیں۔

کشتہ جست بنانا

عمدہ جست کو لا کر مٹی کے کورے برتن میں ڈال کر چولہے پر رکھ دو اور اس کے نیچے آگ جلا دو جب جست گل جائے تب درخت نیم کے سبز ڈنڈے سے یعنی لکڑی سے اس جلد کو رگڑیں یہاں تک کہ وہ کشتہ بن جائے بس یہ کشتہ تیار ہے مرض سانس کے لیے مفید ہے۔

کشتہ جست بنانا

جست کو ایک کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھ کر گلائیں اور اس پر شورے کی چٹکیاں بھر بھر کر ڈالتے جائیں اور لوہے کی سیخ سے ہلاتے جائیں سفید رنگ کا کشتہ بن جائے گا اس سے چشم درد رفع ہوتا ہے شورہ چشم کے لیے مفید ہے۔

کشتہ شنگرف بنانا

شنگرف ایک تولہ لیکر ایک سیر بھی قند میں نگدہ بنا کر دس سیر اوپلوں کی آنچ گل حکمت کر کے دیں کشتہ بن جائے گا شیشی میں ڈال کر رکھیں اگر اس کو نامرد بھی کھائے تو حکم خدا سے مرد ہو جائے گا استعمال دو چاول سے ایک رتی تک مکھن میں ڈال کر کھائیں بہت مجرب ہے۔

کشتہ چاندی بنانا

روپیہ نانک شاہی لیکر پیاز کے عرق میں چالیس بار بجھائیں بعد ایک بڑے اوپلے میں گہرا گڑھا کھود کر نیچے اور اوپر اجوائن ڈال کر بیچ میں روپیہ رکھ دیں اور اوپر دوسرا اوپلہ دیکر ڈھانک دیں اور درمیان درز بند کر کے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں آگ گڑھے میں دیں جب پانی سرد ہو نکال لیں یہ عمل پچیس بار کریں کشتہ بن جائے گا۔

کشتہ سونا بنانا

سونے کا پترا ڈیڑھ تولہ لیں برگ بانس اور برگ چولائی کانٹوں والی ایک ایک سیر لیکر پیس کر نگدہ بنالیں اور اس میں پترا ابھر کر اسی برابر ڈیڑھ دو تولہ برادہ رکھ کر دس سیر اوپلوں کی آنچ دیں یہ عمل دو بار کرنے سے کشتہ بن جائے گا خوراک ایک چاول بھر بالائی یا مکھن میں کھلائیں اور اوپر سے دودھ پئیں یہ کشتہ چہرے کی رنگت سرخ کرتا ہے دل و دماغ کو قوت دیتا ہے مجرب اور آزمودہ ہے۔

کشتہ مونگا بنانا

مونگے کو گھیکوار کر کے دودھ میں کھرل کریں اور ٹکیاں بنائیں اور دو کورے کوزے لیکر ان میں رکھ کر گل حکمت کریں اور دو سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ بن جائے گا خوراک ایک رتی سے تین رتی تک ہمراہ دودھ یا بالائی استعمال کریں مفید ہے۔

کشتہ قلعی بنانا

قلعی مصفا ایک تولہ لیکر رکھیں اور ایک پاؤ سبز بھنگ اور ایک پاؤ پیاز کے نگدے میں رکھ کر مٹی کے کوزہ میں بند کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں اور سرد کر کے نکالیں کشتہ بن جائے گا خوراک

تین رتی مکھن میں کھلائیں اوپر سے دودھ پئیں اس کے استعمال سے سوزاک پرانا بخار وغیرہ جڑ سے ختم ہو جاتا ہے۔

کشتہ پارہ بنانا

ایک بڑا چمگادڑ پکڑ کر مار کر اس کے منہ میں ڈیڑھ تولہ پارہ ڈالیں بعد مٹی کے برتن میں بند کر کے سات دن زمین میں دفن کریں بعدہ نکال کر ایک گڑھے میں تین سیر اوپلوں کی آگ دیں پارہ کشتہ ہو کر کھیل بن جائے گا خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن تازہ دیں۔

تامبول بہار یعنی پان کھانے کا مصالحہ

مصطگی رومی ایک ماشہ۔ پیپرمنٹ ایک ماشہ۔ جائفل ایک ماشہ۔ جلوتری چھ ماشہ۔ الائچی خورد چھ ماشہ۔ سپاری چکنی چھ ماشہ۔ کتھ سفید تین ماشہ۔ ان سب ادویہ کو عرق پان میں خوب کھرل کر کے عطر صندل میں گھوٹ کر گاڑھا کر کے رکھ دیں اب یہ اعلیٰ درجہ کا تامبول بہار بن گیا ہے اس کو ذرا سا پان کے ساتھ کھانے سے امراض زبان اور دہان دور ہو جاتے ہیں منہ سے خوشبو آنے لگتی ہے اعلیٰ درجہ کا مفرح ہے بناؤ اور فروخت کرو۔

تامبول بہار یعنی پان کھانے کا مصالحہ

کتھ سفید کو کیوڑے میں گلا لو اور اس میں جلوتری جائفل الائچی لونگ زیرہ گلاب زعفران برادہ صندل دار چینی یہ سب چیزیں کوٹ پیس کر کپڑے میں چھان لیں قدرے مشک کا پٹھ دے کر عرق کیوڑے میں گولیاں بنالیں تمام امراض ذہن اور زبان کو نافع ہے بازار میں فروخت کرو یا بیوپار کرو سینکڑوں روپے کا بک جاتا ہے۔

تمباکو خوردنی کی خوشبودار گولیاں

تمباکو خوردنی کو ایک سیر لیکر دو سیر پانی میں دن رات بھگودیں اور پھر اس کا مقطر ٹپکالیں اور پھر اس مقطر کو آگ پر رکھ کر جوش دیں جب وہ مثل قوام کے ہوجائے تو اس میں جلوتری دو تولہ الائچی خورد چھ ماشہ زعفران چھ ماشہ قدرے کیوڑہ میں باریک پیس کر اس قوام میں ملادیں اور کسی برتن میں بند کر رکھو بعد چار یوم کے لونگ کے دانے کے برابر گولیاں بنا کر ورق نقرہ میں لپیٹ کر رکھ دیں اور استعمال کریں بہت عمدہ خوشبودار زردہ بن جائے گا۔

پارے کی گولی یا گلاس بنانا

پہلے پارہ کو پختہ اینٹ کے برادے میں رگڑ رگڑ کر صاف کرلو پھر پارہ میں ملسی کے پتے ڈال دو پارہ گاڑھا ہوتا چلا جائے گا اور ذرا سی آگ کی گرمی لگا کر گلاس بناؤ اور دو ہی خورد کے پتے ڈالنے سے گولی وغیرہ بن جاتی ہے۔

نمک سلیمانی بنانا

نسخہ : سیندھا نمک سامر نمک سیاہ پتھر کا نمک چار چار چھٹانک لیکر سیر بھر عرق لیموں میں خوب گھونٹ کر حل کرلو بعدۂ خشک کر کے اس میں نشادر چار تولہ ست پودینہ تین تولہ ست مولی آٹھ تولہ اجوائن دو تولہ پلپل خورد تین تولہ زیرہ سیا پانچ تولہ جوکھار چار تولہ سونٹھ چار تولہ چنار خار دو تولہ مرچ سیاہ پانچ تولہ دارچینی دو تولہ ان سب اشیاء کو ملا کر پیس لیں اور بعد سوہاگہ چوکیا پانچ تولہ کا پھلہ بنا کر اس میں ملادیں اور کسی شیشہ یا چینی کے برتن میں رکھیں خوراک دو رتی سے ایک ماشہ تک ہے اس سے پیٹ درد بدہضمی بھوک کا کم لگنا وغیرہ مرض دور ہوجاتے ہیں کھانا جلدی ہضم ہوجاتا ہے اس کو بنا کر اشتہار دیکر ہزاروں روپے کمائیں اور فائدہ اٹھائیں۔

نسخہ خضاب عطیہ

مازو بارہ تولہ چھوٹی ہریڑ بارہ تولہ سنگ راخ ایک تولہ لونگ ایک تولہ نمک ایک تولہ طوطیا ایک تولہ ہر ایک علیحدہ علیحدہ گرم ریت میں بھونیں جب مازو مثل نخود کے تڑک جائے لونگ وغیرہ پھول جائیں اور طوطیا خاک ہوجائے سب کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر ملا کر بوتل میں رکھ لیں اور بروقت ضرورت آملہ خیسانده میں قدرے سفوف مذکورہ بالوں پر اچھی طرح لگادیں اور اوپر سے ارنڈ کے پتے باندھ دیں دو گھڑی کنگھی کر کے گرم پانی سے دھو ڈالیں بعد میں روغن چنبیلی لگالیں اس سے نہ تو جلد سیاہ ہوتی ہے اور نہ ہی دانتوں کا نقصان ہوتا ہے آزمودہ ہے۔

عطیہ خضاب نیل

پوست سیماک جوز جندم صاہ خراس گلنار فارسی مصطگی پر سیاؤشاں طباشیر ہر ایک دس تولہ برگ وسمہ برگ حنا پوست آس برک جامن برگ شاہستره ہر ایک تیس تولہ ان تمام چیزوں کو جوکوب کر کے ستره سیر پانی ڈال کر آگ پر رکھیں جب دو سیر پانی رہ جائے تو اتار کر تیل تل خالص تین پاؤ ملا دیں اور دس یوم تک غلہ گندم میں دفن کریں پھر نکال کر دھوپ میں رکھیں بعدۂ تمام دوائی چھان لیں اگر پانی دھوپ میں رکھنے سے کچھ رہ جائے تو نرم نرم آگ پر خشک کریں بعد ازاں تیل صاف کر کے بوتل میں بھر لیں جب استعمال کرنا ہو تو بالوں کو پہلے سات ماشہ ست لیموں سیر بھر پانی گرم میں ، ملا کر دھوئیں جب بال اچھی طرح خشک ہوجائیں تو خضاب لگادیں قدرتی بالوں سے بڑھ کر بال سیاہ ہوجائیں گے اور سیاہی دن بدن کئی ماہ تک پارہ ہی زیادہ ہوتی جائے گی نہایت مجرب و آزمودہ ہے آزمائش شرط ہے۔

زبردست طلاء

روغن واسطے مجلوق جوکہ بچپن کی بے اعتدالیوں سے رگیں کیسی ہی سست و کمزور پڑ گئی ہوں اور صحبت میں زیادہ سستی ہو اور قضیب بہ سبب حرارت سے دبلہ پڑ گیا ہو ان اشخاص کے لیے یہ تیل نہایت ہی مفید ہے اسرار الخفیہ سے ہے یادر ہے تخم انجیر جند بیدستر دو درم اور لبان ذکر کو روغن یاسمین میں اور

روغن خیری روغن نرگس دو دو درم لیکر اس میں ڈال کر اور باقی ادویات کو کوٹ چھان کر اس میں ملا کر اس کا منہ بند کر کے رکھ چھوڑیں اور بوقت حاجت استعمال میں لائیں نہایت ہی آزمودہ ہے۔

لطف جوانی عرف راز نہانی

جس چیز کی زمانہ کو ضرورت تھی وہ آج پوری ہو گئی یعنی اس کتاب میں قوت باہ کے مجرب المجر ب نسخے جو کئی پشتوں سے ایک جلیل القدر اور پرانی تجربہ کار حکیم صاحب کے خاندان میں سینہ در سینہ چلے آئے ہیں نہایت اصرار کے بعد ہم نے صاحب موصوف سے شائع کرنے کی اجازت حاصل کی ہے گو آج کل اشتہاری دنیا کا بھی اعتبار نہیں رہا مگر خدا پنج انگشت یکساں نہ کرد قوت باہ کا ہر

ایک نسخہ ہتھیلی پر سرسوں جمانے کا حکم رکھتا ہے آزمائش شرط ہے

قلب الحجر (عربی) قلب سنگ (فارسی) پتھر کا جیو (ہندی)

(ماہیت) قدرت نے جس طرح جسم حیوانی کو دل جیسا رئیس عضو عطا کیا ہے بالکل اسی طرح مجربات کے معدنوں میں بڑے بڑے پتھروں کے اندر بھی ایک قلب نما شکل کا پتھر تکوین ہوتا ہے اور اس قلب نما جسم کو ہزاروں لاجواب افعال وخواص کا حامل بناتا ہے۔

اقسام

قلب الحجر مختلف قسم کا ہوتا ہے مگر اس کی تین ممتاز اقسام ہیں اول درجہ کا اور سب سے بہتر وہ سمجھا جاتا ہ جو سیاہ پتھروں سے دستیاب ہوتا ہے۔ اس کے بعد وہ ہے جو سفید رنگ کے پتھروں سے ملائم، بے ضرر اور سفید رنگ کا ہوتا ہے تیسرے درجہ کا وہ عام طور سے ملنے والا قلب الحجر ہے جو گیردے رنگ کا ہوتا ہے واضع رہے کہ اول اور دوئم ہی قسم کے قلب الحجر میں تمام امراض کے شفا بخشی اور بے نظیر افعال وخواص کا راز مضمر ہے۔

طبیعت: سرد وخشک

(افعال وخواص)

قلب الحجر کو عرق گلاب یا پانی میں گھس کر پیشانی پر لگانے سے گرمی پیدا ہونے والا درد سر بہت جلد رفع ہو جاتا ہے، جنون اور مالیخولیا جیسی مہلک امراض کے یے بھی قلب الحجر ایک ماشہ روزانہ صبح کے وقت ایک عدد آملہ کے پسے ہوئے مربہ میں ملا کر کھلائیں۔ اوپر سے بکری کا دودھ سات تولہ میں شربت عناب تین تولے ملا کر پلائیں تین دن اسی مقدار میں پلنے کے بعد روزانہ دو دو تولہ بکری کا دودھ اور تھوڑا تھوڑا شربت اضافہ کرتے جائیں یہاں تک کہ دودھ اکتالیس تولہ اور شربت پانچ تولہ تک پہنچ جائے اس کے بعد دو دو تولہ دودھ اور اسی لحاظ سے شربت کی مقدار کم کر کے اول مقدار تک پہنچائیں اور تین روز اسی مقدار میں پلا کرتر کھا کریں، قلب الحجر، پھٹکری سفید اور کافور ہموزن لے کر پانی میں گھس کر ناک کے

اندر ٹپکانے سے نکسیر کو افاقہ ہو جاتا ہے، قلب الجر کہربائے شمعی محلول ہر ایک تین ماشہ، دم الاخوانین، گل ارمنی، سنگجراحت ہر ایک چار ماشہ، طباشیر کبود اصلی شارنج عدسی مفسول ہر ایک تین ماشہ مثل طبار کے کھرل کر کے رکھ لیں۔ روزانہ تین مرتبہ یہ سفوف بقدر ڈیڑھ ماشہ شربت انجبار ایک تولہ میں ملا کر کھلائیں۔ شدید حالات میں تین ماشہ دے سکتے ہیں۔ ہر قسم کے نفث الدم کے لیے اکسیر ہے بہتا ہوا خون کا دریا ساکن ہو جاتاہ، کہربائے شمعی محلول، قلب الجر محلول، شب سبز محلول، یاقوت محلول، طباشیر کبود اصلی، برمحرق، صدف محلول ہموزن سب کو کھرل کر کے رکھ لیں۔ بقدر ایک ماشہ خمیرہ گاؤزبان عنبری چھ ماشہ ملا کر کھلائیں اس کے استعمال سے ضعف قلب، خفقان اور اختلاج قلب کا نام نشان باقی نہیں رہتا، بہترین چیز ہے، قلب الجر محلول، زہر مہرہ، خطائی محلول طباشیر کبود اصلی، لاجرز مغول کشتہ یشیب ہر ایک تین ماشہ مروارید محلول ایک ماشہ، ورق نقرہ سب کو کھرل کر کے رکھ لیں۔ (نوٹ) اگر مذکورہ بالا ادویہ غیر محلول حالت میں ہوں تو سوائے ورق نقرہ کے سب دواؤں کو ملا کر بالترتیب عرق گلاب، عرق کیوڑہ، عرق بید مشک میں تین روز کھرل کر کے خشک کر لیں، پھر ورق نقرہ شامل کر کے دوبارہ کھرل کر کے محفوظ کر لیں، یہ سفوف چار رتی سے ایک ماشہ تک خمیرہ صندل نو ماشہ یا شربت سیب ایک تولہ میں ملا کر صبح اور شام کو کھلائیں۔ ہائی بلڈ پریشر کے لیے نایاب تحفہ ہے، پوست سنگدانہ مرغ چھ ماشہ قلب الجر کہربائے شمعی محلول حب آلاس، دانہ الائچی خرد طباشیر کبود اصلی زرد ہر ایک تین ماشہ مثل ماندہ کے سفوف کر کے رکھ لیں۔ تین ماشہ یہ سفوف شربت بیل گری یا شربت حب آلاس ایک تولہ میں ملا کر کھلائیں کہنہ سے کہنہ سنگرہنی اور ضعف معدہ وامعاد کو جب کسی دوا سے آرام نہ ہوتا ہو تو اس دوا کو استعمال کرائیں۔ آنتوں کی دق میں بھی یہ دوا بے انتہا مفید ہے مناسب طور پر استعمال کرنے سے افاقہ ہونا شروع ہو جاتاہ۔ سوزاک کہنہ کے لیے قلب الجر داروئے شفا ہے، ایک ماشہ قلب حلجر محلول کو شیرہ تخم حیارین، شیرہ تخم خربوزہ ہر ایک چھ

ماشہ شیرہ حب کاکنج، شیرہ خارخسک خرد، ہر ایک تین ماشہ کے ساتھ جس میں شربت بزوری معتدل تین تولہ ملایا گیا ہو پلائیں اس نسخے کے کچھ دن مسلسل استعمال سے اس موذی مرض کی مکمل طور پر بیخ کنی ہو جاتی ہے۔ بہترین چیز ہے، قلب الجر دانہ الائچی خرد، ست گلو، تباشیر کبود اتمیں ہموزن لے کر کھرل کر کے سفوف بنائیں اور شکر سفید کل دوا کے ہموزن ملائیں یہ سفوف تین ماشہ پانی کے ساتھ استعمال کرانے سے ہر قسم کا بخار چاہے پرانا بھی ہو دور ہو جاتا ہے۔ حتٰی کہ تپ دق کے لیے بھی نہایت مفید ہے۔

زہریلے جانوروں کے ڈسے ہوئے مقام پر قلب الجر کو پانی میں گھس کر لگانے سے درد اور سوزش کو سکون ہو جاتا ہے۔ قلب الجر کا سفوف خون والے زخم پر چھڑ کنے سے زخم بہت جلد مندمل ہو جاتا ہے، سیلان الرحم کے لیے قلب الجر چار رتی سے ایک ماشہ روزانہ تازہ پانی یا ایک پاؤ گائے کے دودھ کے ساتھ روزانہ دیں، اسقاط حمل کی شکایت کے لیے تو یہ دوا اکسیر کا درجہ رکھتی ہے اس کے ہم پلہ کوئی دوسری دوا نہیں، اس مقصد کے لیے تباشیر اصلی ایک ماشہ، قلب الجر چار رتی کھرل کر کے مغز مٹی میں لپیٹ کر ایک ہفتہ کھلائیں اس کے استعمال سے یہ مرض رفع ہو جاتا ہے۔

قلب الجر، سنگ جراحت، تباشیر، گل ارمنی، گل مختوم، تخم گاؤزبان، یشپ سبز محلول، کہربہ شمعی محلول، یاقوت محلول صدف محلول، شاخ مرجان محلول، برادہ دندان فیل، ہموزن لے کر عرق گلاب میں کھرل کر کے رکھ لیں روزانہ صبح ڈیڑھ ماشہ یہ سفوف آملہ یا سیب کے مربہ میں ملا کر کھلائیں اسقاط کی عادی عورتوں کو جب کسی دوا سے فائدہ نہ ہوتا ہو تو یہ اکسیر صفت اپنی دوا کا اثر دکھاتی ہے، اور یہ سفوف ایام کے بعد ایک ہفتہ تک مسلسل استعمال کرنا چاہیے دوران استعمال مرد عورت علیحدہ رہیں۔ اور اگر اس کو مسلسل تین یا چار ماہ تک مسلسل استعمال کرائیں تو انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا خواہ اس پیشتر لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوئی ہوں یہی دوا اگر مرد استعمال کرے تو مردانہ بانجھ پن کو مفید ہے

حب ذیابیطس

ذیابیطس جیسی عسر العلاج اور نامراد مرض کی تیر بہدف ایک نسخہ ذیابیطس کی آخری دوا ہے۔

چند دنوں کے استعمال سے پیشاب کی زیادتی اور شکر کو روک کر حیرت میں ڈال دیتی ہے ن مریضوں کو بیش قیمت انجکشنوں اور پیٹنٹ دواؤں سے آرام نہیں ہوتا مکمل طور پر صحت یاب کر دیتی ہے۔

ہو الشافی: کشتہ فولاد تین گرام' کشتہ قلعی تین گرام' گولڈ کلورائڈ ایک ٹیوب (کشتہ سونا) ایک گرام' کشتہ زمرد چھ گرام' کشتہ قشر بیضہ نو گرام' کشتہ مروارید تی گرام' سلاجیت تین گرام۔ کشتہ مرجان دس گرام' ست گلو بیس گرام' کافور تین گرام' کوڈین بیس گرین' کشتہ صدف دس گرام' کستوری اصلی تین گرام' تمام ادویہ کو پیس کر محفوظ کر لیں۔

خوراک: دو رتی صبح' دو رتی رات' کو سوتے وقت لیا کریں ہمراہ بالائی۔

اکسیر ذیابیطس

رود تخی چھ ماشہ' مرچ سیاہ ایک ماشہ یہ ایک خوراک ہے۔ صبح و شام دونوں وقت پانی سے کھائیں پہلے ہی دن سے نفع ہونا شروع ہوگا۔ آٹھ دس دن میں پیشاب صاف ہو جائے گا مگر چالیس یوم معمولی پرہیز سے ضرور کھائیں۔

ممسک کیپسول

دارچینی۔ کباب چینی۔ قرنفل۔ عقر قرحا۔ ہم وزن پیس لیں اور کیپسول زیرو نمبر بھر لیں۔

خوراک: ایک کیپسول رات سوتے وقت ہمراہ دودھ نیم گرم۔

فوائد: ممسک اور جریان منی کے لیے مفید ہے۔

جرنیم سفوف

مغز تخم املی' مقشر' بیج بند' اسپغول' مصری کوزہ ہموزن باریک کر لیں۔

خوراک: چھ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد: مغلظ منی جریان اور احتلام کے لیے مفید ہے۔

طلاء سیاہ

فلفل دراز چالیس عدد' بینگن زرد موٹا ایک عدد' روغن کنجد ایک پاؤ' خراطین مصفٰی تین تولہ' لہسن تین عدد' برگ سوداب تین تولہ۔

ترکیب تیاری: فلفل دراز بینگن میں اچھی طرح گاڑھ دیں سایہ میں خشک کر لیں۔ روغن کنجد میں ڈال کر جلا لیں خراطین مصفٰی بھی ڈال دیں جب جلنے کے قریب پہنچے تو لہسن کی پوتھیاں بھی ڈال کر جلا لیں اور اچھی طرح گھوٹ لیں طلاء تیار ہے۔

فوائد: جلق زدہ افراد کے لیے سستی' کجی' لاغری' کوتاہی کو دور کرتا ہے۔ فربہی پیدا کرتا ہے۔

ترکیب استعمال: پانچ تا چھ قطرے رات کو عضو پر مالش کریں' مالش سے پہلے عضو کو کسی کپڑے کے ساتھ اچھی طرح رگڑ لیں۔

معجون مغلظ خاص

صمغ عربی دس تولہ' گوند کتیرہ پانچ تولہ' مغز چلغوزہ پانچ تولہ' مغز بادام پانچ تولہ' مغز پستہ پانچ تولہ' مغز انار جیل پانچ تولہ' چھوہارے پانچ تولہ' آرد سنگھاڑہ پانچ تولہ' قرنفل تین ماشہ' موصلی سفید دو تولہ شہد خالص سہ چند ملا کر معجون تیار کریں۔

خوراک: ایک تولہ صبح' ایک تولہ شام ہمراہ دودھ نیم گرم۔

فوائد: مغلظ منی اور قوت باہ کے لیے مفید ہے' رقت اور سرعت کو دور کرتے ہیں۔

مرگی اکاس بیل ایک تولہ' اسطوخودوس چھ ماشہ' عقرقرحا چھ ماشہ' مویز منقّی ایک تولہ' کی مدد سے گولیاں نخودی بنالیں دائمی استعمال سے مرگی جیسی نامراد مرض سے نجات حاصل ہو دو تین گولیاں روزانہ استعمال کرنے سے بفضلہٖ دورہ رک جاتا ہے۔

شفاء العین

صندل سفید اڑھائی تولہ' پوست ہلیلہ زرد اڑھائی تولہ' لودھ پٹھانی اڑھائی تولہ' ہلدی گرہ دار ایک تولہ' کشنیز خشک اڑھائی تولہ' گل سرخ اڑھائی تولہ' آملہ خشک اڑھائی تولہ' پھٹکڑی سفید تین ماشہ' قلمی شورہ ایک تولہ' رسوت مصفّی اڑھائی تولہ' سرد چینی دو تولہ' نوشادر ٹھیکری تین ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو ایک سیر پانی میں رات کو بھگو دیں صبح جوش دے کر خوب مل کے پن چھان لیں اس میں گڑ آدھا کلو شہد ایک پاؤ ڈال کر خفیف سا جوش دے کر پن لیں اور آگ پر اتنا پکائیں کہ قوام ہو جائے ٹھنڈا ہونے پر کافور تین ماشہ' ست پودینہ ڈیڑھ ماشہ' شامل کرلیں۔

فوائد: آنکھوں کی کئی امراض مثلاً دھند' جالا کیلئے بہترین ہے۔

کرشمہ (دردِ معدہ اور دیگر کئی بیماریوں کے لئے)

ست الائچی چھ ماشہ، ست پودینہ چھ ماشہ، ست اجوائن چھ ماشہ، کافور چھ ماشہ، جوہر نوشادر چھ ماشہ، ریکٹی فائیڈ سپرٹ پانچ تولہ، کاربالک ایسڈ چھ ماشہ، ان تمام دواؤں کو شیشی میں ڈال کر دھوپ میں دو روز تک رکھیں، امرت دھارا بن جائے گا۔

فوائد:

نمبر(۱) دردِ معدہ کے لئے پانچ بوند بتاشہ میں ڈال کر دیں۔

نمبر(۲) درد بیرونی جسم خواہ کسی قسم کا ہو تل کے تیل میں دو رتی ملا کر مالش کریں۔

نمبر(۳) دردسر کے لئے بھی ماتھے پر مالش کریں۔

نمبر(۴) قے دست کے لئے پانی میں ۵ قطرے ملا کر پئیں۔

نمبر(۵) بچوں کو دو، تین قطرے پانی میں ملا کر دیں نہایت مجرب ہے۔

خارش

ہڑتال ورقیہ ایک تولہ' رسکپور تین ماشہ' سوڈا بائی کارب دس تولہ۔

ترکیب تیاری: ہڑتال ورقیہ اور رسکپور کو کھرل میں ڈال کر مثل میدہ باریک کریں اور بعدازاں سوڈا بائی کارب تھوڑا تھوڑا ملا کر تقریباً ایک ہفتہ تک باریک کریں۔ سیاہ رنگ کا سفوف تیار ہوگا۔

خوراک: ایک رتی صبح و شام کھانے سے پہلے معجون عشبہ میں ملا کر استعمال کریں۔

فوائد: خارش تر و خشک کیلئے مفید ہے بقیہ مواد آتشک کو بھی نافع ہے۔

معجون مقوی اختر شاہی

کچلہ مدبر ڈیڑھ تولہ' جائفل ڈیڑھ تولہ' عقرقرحا نو ماشہ' اجوین خراسانی نو ماشہ' تخم دھتورہ سیاہ چھ ماشہ' تخم بھنگ تین تولہ' کوکنار تین سو گرام' برگ بھنگ سو گرام۔

ترکیب تیاری: کوکنار اور برگ بھنگ کا علیحدہ علیحدہ رب بنالیں' پھر دونوں کو آپس میں ملا کر شہد خالص ڈیڑھ پاؤ شامل کر کے قوام درست کریں پھر خشک ادویات پیس کر قوام میں شامل کریں۔ معجون تیار ہے۔

خوراک: دو ماشہ وقت خاص سے دو گھنٹہ قبل ایک کلو دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد: بہترین ممسک ہے قوت باہ کیلئے متواتر بھی استعمال کی جاسکتی ہے۔

اکسیر ورم معدہ

گل نیلوفر سو گرام' ملٹھی مقشر سو گرام' ریشہ خطمی سو گرام' سونف سو گرام سفوف کریں۔

خوراک: چھ ماشہ رات کو پانی میں بھگوئیں صبح جوش دے کر چھان لیں اس میں خمیرہ بنفشہ ایک چمچہ ملا کر دن میں تین مرتبہ گھونٹ گھونٹ پئیں

طلاء امساک شاہی

مشک خالص چار رتی' زعفران چار رتی' جاوتری دو ماشہ' لونگ دو ماشہ' عقرقرحا دو ماشہ' جائفل دو ماشہ' گاؤ لوچن دو ماشہ۔

ترکیب تیاری: سب کو باریک پیس لیں اور چربی سانڈھا ایک تولہ' روغن بیضہ مرغ ایک تولہ' بھیر بوٹی چھ ماشہ' میں ڈال کر آگ پر جوش دیں۔ بھیر بوٹی جل جائے تو اتار کر چھان کر پسا ہوا مرکب ملا کر اتنا گھوٹیں کہ تار چھوڑنے لگے قدرے شہد ملا لیں۔

ترکیب استعمال: رات کو بقدر ایک ماشہ' عضو پر مالش کریں صبح نیم گرم پانی سے دھو دیں۔ دو تین ہفتہ کی مالش سے تناسل کی کمزور ناکارہ رگیں نئی طاقت' نئے خون' نئے جوش سے بھرپور ہو جاتی ہیں۔ کثرت جماع یا مشت زنی سے آلہ تناسل کمزور' ست ہو جاتا ہے۔ مباشرت میں نہ سختی اٹھتی ہے نہ جوش نتیجہ مایوس کن پیدا ہوتا ہے۔ ان عوارض کیلئے یہ طلا بجلی کی کرنٹ ہے۔ اس کے ہوتے ہوئے کسی مرد کو عورت سے شرمندگی نہیں اٹھانی پڑتی بلکہ عورت اس مرد پر ہزار جان سے فدا رہتی ہے تجربہ شرط ہے۔ یہ طلاء دواخانہ دار العلاج میں طلاء شاہی امساکی کے نام سے تیار ہونا شروع ہو گیا ہے۔

کھانسولی قرص

سفوف ملٹھی' سفوف سونف' سفوف کاکڑا سنگی' سفوف گوند کیکر' ہر ایک سو گرام' چینی دانہ دار دو سو پچاس گرام' ست پودینہ' ست اجوائین' ست لوبان۔ سب چیزوں کو باریک میدہ

کی طرح کر لیں اور تینوں ست ملا لیں پانی کی مدد سے دانہ بنا کر خشک کر کے مشین کے ذریعے قرص بنا لیں ہر قسم کی کھانسی کیلئے اکسیر ہے۔

خوراک: دو دو گولی صبح و شام چوسیں۔

حب ممسک طلائی

اجوائین خراسانی چار تولہ' بہمن سرخ ساڑھے بارہ تولہ' تخم خشخاش چار تولہ' تخم دھتورہ سیاہ چار تولہ' تخم کاہو چار تولہ' جاوتری دو تولہ' جائفل دو تولہ' سلاجیت پانچ تولہ' مغز اخروٹ چار تولہ' مغز بادام شیریں چار تولہ' مغز پستہ چار تولہ' مغز چلغوزہ چار تولہ' مغز فندق چار تولہ' موصلی اڑھائی تولہ' شکر سفید سوا تولہ' مغز کدو چار تولہ' افیون سوا دو تولہ' تخم بھنگ سوا تین تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو کوٹ کر شہد کی مدد سے گولیاں بقدر نخود بنا لیں اور ورق طلاء چڑھا لیں۔

خوراک: ایک گولی وقت خاص سے ایک گھنٹہ قبل استعمال کریں۔

حب ممسک عنبری

عود ایک تولہ' بال چھڑ ایک تولہ' جاوتری ایک تولہ' جائفل ایک تولہ' جدوار دو تولہ' عقرقرحا ایک تولہ' فلفل سیاہ ایک تولہ' مصطگی رومی ایک تولہ' بھنگ چار تولہ' شکر سفید پانچ تولہ' افیون سوا تولہ' زعفران چھ ماشہ' عنبر چھ ماشہ' کمی چار ماشہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو پیس چھان کر گولیاں شہد کی مدد سے بقدر نخود بنا لیں۔ اور ورق چاندی لگا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی وقت خاص سے ایک گھنٹہ قبل استعمال کریں۔

حب ممسک سرخ

لعاب مصری دو تولہ' جاوتری ایک تولہ' جدوار ایک تولہ' جوز بوا دو تولہ' خلنجاں دو تولہ' دار

چینی دو تولہ' مغز بادام دو تولہ' بھنگ پندرہ تولہ' افیون آدھا تولہ' زعفران آدھا تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو پیس چھان کر گولیاں شہد کی مدد سے بقدر نخود بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی وقت خاص سے ایک گھنٹہ قبل استعمال کریں۔

سفوف ٹھنڈک

پوست نارنج ایک تولہ' ملٹھی پاؤڈر تین تولہ' پوٹاشیم کلوریٹ سات تولہ۔

خوراک: چار رتی صبح شام ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

جریان' احتلام' ذکاوت حس' احتلاج قلب' اور حدت الدم کیلئے مجرب ہے۔

سفوف مصفی

تخم کرنجوہ پانچ تولہ' کبابہ چھ ماشہ' چرائتہ چھ ماشہ' شاہترا چھ ماشہ' فلفل سیاہ چھ ماشہ' عشبہ ہندی چھ ماشہ' تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

خوراک: ایک ماشہ صبح و دوپہر و شام ہمراہ شربت عناب دیں۔

فوائد: چہرے کے کیل اور چھائیوں کے لیے مجرب ہے۔

وقفہ (مانع حمل کیپسول)

گھونگچی سرخ' تخم ستیاناسی' مغز کرنجوہ' الائچی سبز' گیری ہموزن سفوف بنالیں۔ کیپسول زیرو نمبر بھرلیں۔

ترکیب استعمال: ماہواری ختم ہونے کے دوسرے دن روزانہ صبح خالی معدہ ایک کیپسول پانی کے ساتھ پندرہ دن استعمال کریں ایک ماہ دوسرے ماہ اسی طرح پندرہ کیپسول استعمال کریں اللہ کے فضل سے ایک سال کے لیے بے ضرر برتھ کنٹرول ہے۔

دردسر، درد کمر، تقویت اعصاب، دل و دماغ اور معدے کے لئے مجرب نسخہ

کشنیز خشک 250 گرام، سونف آدھ کلو، چینی آدھ کلو، ان کو صاف کر کے چکی میں پیس کر ایک ڈبہ میں بند کر کے رکھ لیں۔ کھانے کے بعد پانی سے ایک چٹکی صبح و شام کھایا کریں اس کے فوائد اڑھائی ماہ بعد ظاہر ہوتے ہیں۔ مندرجہ ذیل بیماریوں کے لئے اکسیر سے کم نہ ہوں گے۔ تجربہ کریں اور راقم کو دعائیں دیں۔ دردسر، درد کمر، ہڈیوں کا درد، خرابی معدہ، کمزوری، نزلہ، زکام وغیرہ کے لئے اکسیر ہے۔ تمام اعضائے رئیسہ کے لئے بھی مجرب ہے۔ اس دوائی کو بجلی کی مشین میں ہرگز نہ پیسیں، ڈھائی ماہ تک کھانے سے صحیح فوائد معلوم ہوتے ہیں۔

کپاس کے پھولوں کی گل قند

(کھانسی، سل دق، تپ دق، عورتوں میں دودھ کی کمی وغیرہ کے لئے)

کپاس کے پودے کے تازہ عمدہ پھول لیں۔ صرف پتیاں لیں اور ایک حصہ پھول کی پتیاں اور دو حصہ کھانڈ ڈال کر کسی مرتبان میں ڈال دیں۔ دونوں ہاتھوں سے خوب ملیں۔ پھر دو گھنٹہ تک تیز دھوپ میں رکھیں ہاتھوں اور برتن کو ہرگز پانی نہ لگنے دیں۔ ہاتھ اور برتن بالکل خشک ہوں ورنہ گل قند خراب ہو جائے گی۔ ایک ماہ تک یہ گل قند پڑی رہے، اس کے بعد مندرجہ ذیل بیماریوں کے لئے مختلف طریقہ سے استعمال کریں۔

فوائد:

(۱) عورتوں کو دودھ کی کمی ہو تو دو تولہ گل قند بکری یا گائے کے دودھ کے ہمراہ دو ہفتہ کھلائیں۔

(۲) کھانسی کے لئے دو دو تولہ تین بار ہمراہ گرم دودھ کے کھلائیں۔

(۳) سل دق میں دو دو تولہ دن میں تین بار گرم دودھ کے ساتھ۔

(۴) اگر اسے لگاتار دو ماہ تک تندرست آدمی کھائے تو نیا خون بڑی مقدار میں پیدا ہوگا۔

(۵) اگر پیشاب رک رک کر آتا ہو، کم آتا ہو یا تکلیف سے آتا ہو تو صبح وشام دو تولہ بکری کے گرم دودھ سے استعمال کریں۔ بہت جلدی فائدہ ہوگا۔

(۶) جن لوگوں کا مزاج سودائی ہو، نیند اچھی طرح نہ آتی ہو، خواب زیادہ آتے ہوں، طبیعت ہمیشہ اداس رہتی ہو۔ کسی کام کو دل نہ لگتا ہو، قوت ہاضمہ کم ہو۔ دن میں دو بار گائے کے گرم دودھ سے دیں خوراک دو تولہ دن میں دو بار استعمال کریں۔

(۷) مردانہ طاقت کے لئے اکسیر ہے، مواد گاڑھا کرتی ہے، مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔

(۸) دماغ کی کمزوری کی وجہ سے سر میں چکر آتے ہوں تو بہت مفید ہے۔

آب حیات

سر درد، نزلہ، زکام اور ہر قسم کے درد کے لئے

ست اجوائن ایک تولہ، کافور چھ ماشہ کاربالک ایسڈ نو ماشہ، ست پودینہ ایک تولہ لے کر شیشی میں ڈال دیں خوب مضبوط کارک سے بند کر کے شیشی کو ہلائیں۔ یہ بھی امر دھارا ہے، آب شفا جیسے مرکب کی خاصیت رکھتا ہے، نہایت مجرب ہے، نیز سر درد، زکام، نزلہ ہر جگہ جہاں درد ہو لگائیں۔

خونی پیچش اور آؤں کے لئے

ہریڑ کالی، سونف، بیل گری، مساوی وزن لے کر گھی میں بھون لیں، دوگنا چینی ملا کر ۳ ماشہ دن میں تین بار ہمراہ تازہ پانی کے کھائیں، اگر خون آؤں آ رہا ہو تو اس کو فوراً ٹھیک کرے گی۔

سفوف پھٹکڑی کے فوائد

پھٹکڑی کو پھُل کر کے رکھ لیں اور مندرجہ ذیل امراض میں حسب ضرورت دیں۔

(۱) تپ دق کے لئے دو رتی ہمراہ شربت بنفشہ دیں۔

(۲) دردسر کے لئے دو رتی ہمراہ نیم گرم پانی سے دیں۔

(۳) نکسیر کے لئے دو رتی گرم پانی سے کھلائیں اور تھوڑی سی ناک میں لگائیں۔

(۴) مسوڑھوں سے خون آتا ہو تو دانتوں پر ملیں۔

(۵) دھدر، چنبل کیلئے سرکہ میں گھس کر مقام دھدر و چنبل پر لگائیں۔

(۶) کوئی گر جائے چوٹ لگ جائے جسم میں درد ہو تو پانچ رتی گرم دودھ کے ساتھ دیں۔

(۷) قے کے لئے دو رتی شربت انار کے ساتھ دیں۔

(۸) اسہال اور مروڑ بند کرنے کے لئے شربت کے ساتھ دیں۔

(۹) کالی کھانسی و بلغمی کھانسی کے لئے شربت انجار کے ساتھ دیں یا شربت اعجاز کے ساتھ دیں۔

(۱۰) جریان، سرعت انزال، کثرت احتلام کے لئے دو رتی ہمراہ پانی دیں۔

(۱۱) خارش وزخم کے لئے عرق گلاب میں قدرے مشک کافور ملا کر لگائیں۔

(۱۲) عام خارش کے لئے دہی میں ملا کر جسم پر مالش کریں۔

دھریک والا کشتہ سنکھ

(درد گردہ، سوتک ہوا، جوڑوں کے درد، گنٹھیا، قبض، تازہ خون وغیرہ پیدا کرنے کے لئے)

دھریک کے پتے آدھ سیر کوٹ کر ایک چھٹانک سنکھ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر لیں، نغدہ کے درمیان سنکھ رکھ کر دو بوری اوپلوں کی آگ دیں۔ صبح نکال کر کشتہ کو پیس لیں۔ ایک بڑا چاول ہمراہ پانی یا شربت مناسب ہو اس طرح دیں۔

(۱) کمزوری دماغ کے لئے ایک چاول ہمراہ شربت دینار۔

(۲) درد گردہ کے لئے ایک چاول ہمراہ شربت دینار۔

(۳) سوتک ہوا گولہ کے لئے ایک چاول پانی کے ہمراہ۔

(۴) بڑھے ہوئے پیٹ کے لئے ایک چاول ہمراہ شربت دینار۔

(۵) بھوک نہ لگنا: ایک چاول شربت دینار سے

(۶) قبض کے لئے ایک چاول ہمراہ شربت دینار۔

(۷) وجع المفاصل کے لئے ایک چاول ہمراہ تازہ پانی۔

(۸) گنٹھیا کے لئے ایک چاول ہمراہ تازہ پانی۔

(۹) عام کمزوری کے لئے ایک چاول شربت دینار کے ساتھ۔

(۱۰) تازہ خون پیدا کرنے کے لئے ایک چاول شربت دینار کے ساتھ۔

(۱۱) ہر قسم کا زہر دور کرنے کے لئے ایک چاول شربت دینار کے ساتھ۔

(۱۲) دل کی کمزوری دور کرنے کے لئے ایک چاول شربت دینار کے ساتھ۔

تندرست آدمی کھائے بے حد طاقت دیتا ہے۔ چہرہ سرخ ہو جائے گا۔ دھریک والا کشتہ سنکھ معتدل بلکہ کسی قدر ٹھنڈا ہے۔ کسی حالت میں مضر نہیں مجرب ہے۔

بارہ سنگھا اور اس کے فوائد

(۳۰ سال سے تجربہ شدہ اور مجرب المجرب ہے)

یہاں کشتہ بارہ سنگھا، اس کے فوائد اور استعمال کے نتائج درج اس لئے کر رہا ہو کہ اس کشتہ سے راقم نے آخری سٹیج پر نمونیہ بگڑے ہوئے ڈبہ اور ٹائیفائڈ کا علاج کیا۔ جو ڈاکٹر تین چار ماہ تک علاج کر کے تھک چکے ہوں اس کشتہ کی تین چار خوراک سے ماشاء اللہ بیمار کو شفا مل جاتی ہے، اور فالج نئے و پرانے کے لئے بھی اکسیر سے کم نہیں ۔ خسرہ جو چند دانے نکلنے کے بعد دَب جائے ایک ہی خوراک سے اللہ کے حکم سے تمام کا تمام باہر نکل آتا ہے او: مریض مکمل طور پر شفا یاب ہو جاتا ہے۔ پسلی کے درد کے لئے بہت مفید ہے ، بگڑا ہوا ملیریا جو کئی مہینے سے انسان کا پیچھا نہیں چھوڑتا، انشاء اللہ تین خوراکوں میں بخار ملیریا کو نیست و نابود کر دیتا ہے۔ سخت سردی لگ جائے تو ایک خوراک کافی ہوتی ہے۔ دمہ کو آرام دیتا ہے، کھانسی بلغمی کو دفع کرتا ہے، ہر قسم کے درد جو بدن میں ہوتے ہیں، ان کے لئے بھی نہایت مجرب ہے۔ میں نے اس نسخہ کو ۳۰ سال تک آزمائش کر کے مجرب المجرب پایا ہے۔

<u>نسخہ:</u>

ایک پاؤ بارہ سنگھا لے کر اس کو خراد کی مشین پر برادہ کریں۔ اس پر آک کا دودھ اتنا ڈالیں کہ دودھ اوپر تک آنے لگے۔ خوب کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر سایہ میں خشک کریں۔ خشک ہونے پر ایک ہانڈی میں رکھ کر گل حکمت کریں۔ ہانڈی خشک ہونے پر ایک ڈیڑھ گز گہرا، ایک گز چوڑا گڑھا کھودیں۔ نصف اُوپلے نیچے بچھائیں اور اوپر ہانڈی رکھیں، پھر اوپر اُوپلے جوڑ کر گڑھا اُوپلوں سے پُر کر دیں، اوپر ایک انگارہ دہکتا ہوا رکھ دیں۔ ساری رات آگ جلتی رہے، آگ ٹھنڈی ہونے پر نکال کر کھرل کریں، پھر آک کا دودھ

ڈال کرخوب کھرل کریں۔ٹکیہ بنا کرسایہ میں خشک کر کے پھراسی طرح اتنی ہی آگ دیں ٹھنڈا ہونے پردوائی نکال کرکھرل کریں،اورشیشی میں محفوظ رکھیں۔

طریقہ استعمال:

خوراک ایک سے پانچ چاول تک ہمراہ نیم گرم دودھ عمر اور مریض کے حساب سے دیں۔درد دل کے لئے گرم دودھ کے ہمراہ دینے سے دل کا درد فوراً ٹھیک ہوجاتا ہے۔اسپرین کھانے والے دل کے مریض اگر کچھ دنوں تک کشتہ بارہ سنگھا کا استعمال کریں تو درد ختم ہوجاتا ہے۔درد دل کے لئے کشتہ کچلا بھی یہی کام کرتا ہے۔

لیکوریا

آج کل یہ موذی مرض پچانوے فیصد عورتوں میں پایا جاتا ہے۔۔لیکوریا جیسا موذی مرض جسمانی واعصابی کمزوری کا باعث بنتا ہے۔جب بیماری حد سے بڑھ جاتی اس نامراد بیماری کی وجہ سے اکثر عورتیں بے اولاد اورٹی۔بی کا شکار ہوجاتی ہیں ہم اس کے مجرب نسخہ جات پیش کرتے ہیں۔

لیکوریا کے لئے

نسخہ نمبر(۱): لوبان کوڑیا تین تولہ،زیرہ سفید بھنا ہوا(کچا بھنا)دونوں کو پیس لیں۔۳ ماشہ صبح وشام کیلے کے ہمراہ کھائیں۔پرانے لیکوریا کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتا ہے۔ نہایت ہی آسان اور مجرب المجر ب ہے۔

پرہیز: چٹ پٹی،مصالحہ دار اور گرم اشیا استعمال نہ کریں۔

نسخہ نمبر(۲): کشتہ صدف،کشتہ چھلکا بیضہ،کشتہ مرجان،کشتہ قلعی،کشتہ فولاد ہم وزن لے کر ملالیں۔ایک رتی ہمراہ مکھن یا دودھ سے دیں۔نہایت ہی کامیاب نسخہ ہے۔بگڑے ہوئے لیکوریا کا خاتمہ کرتا ہے اور مریضہ کی صحت کو بحال کر دیتا ہے۔

خوراک:

ایک رتی صبح وشام دودھ یا مکھن سے استعمال کریں۔گرم اور چٹ پٹی اشیاسے پرہیز کریں۔

نسخہ نمبر(۳): ثعلب مصری،مصطگی رومی،گل پستہ،گل سپاری،طباشیر،سنگجراحت،لودھ پٹھانی،گیرو،پھٹکڑی بریاں ہر ایک ایک تولہ،نبات سفید دس تولہ۔ان سب دواؤں کا سفوف بنا کر چھ ماشہ گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔

نسخہ نمبر(۴): سہاگہ بریاں،پھٹکڑی بریاں،مازو نیم سوختہ،مصطگی رومی،کشتہ قلعی،کشتہ صدف ہر ایک ایک تولہ،سرمہ سیاہ،عرق گلاب میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔خوراک ایک دو گولی ہمراہ شربت بزوری یا گائے کے دودھ کے ساتھ صبح وشام استعمال کریں۔

پرہیز: گرم،ترش اشیاسے پرہیز کریں۔

نسخہ نمبر(۵): رسونت دو رتی،تر پھلا کٹا ہوا تین ماشہ۔یہ ایک خوراک ہے،تازہ پانی سے صبح شام دیں۔پرانا لیکوریا جاتا رہے گا۔

حبوب رفیق نسواں

نسخہ:

بندش،حیض،کشادہ،یہ گولیاں ہر قسم کے حیض کی بے قاعدگی اور بیماری دور کرتی ہیں،اگر تندرست سال بھر کھائے تو تمام عمر اس عارضہ میں مبتلا نہ ہوں گی۔

نسخہ:

تخم کرنجوہ ایک تولہ،پیپل کی داڑھی ایک تولہ،گلاب کا زیرہ ایک تولہ،پوست بیج تلسی نو ماشہ،آلان خورد نو ماشہ۔ان سب کو چار دن عرق گلاب دو آتشہ میں کھرل کریں۔

بقدرِ ڈھائی ماشہ کی گولی بنائیں۔خوراک ایک ایک گولی صبح،شام۔

طریقہ استعمال:

نمبر(۱): اگر خون رک کر آئے اور درد بھی ہو تو ایک گولی گرم پانی کے ساتھ دیں۔

نمبر(۲): اگر کثرت سے خون آئے تو ٹھنڈے پانی سے استعمال کریں۔
نمبر(۳): اگر کئی دنوں تک خون جاری رہے تو عرق مکو دس تولہ سے دیں۔
نمبر(۴): اگر ایک دن رہ کر جاری ہو جایا کرتا ہو تو یہی گولیاں بندال ڈوڈھ نو ماشہ کے جوشاندہ سے دیں۔

پرہیز: کھٹائی، تیل سے پرہیز کریں، دورانِ استعمال غسل کرنا منع ہے۔

دردِ گردہ کے نسخہ جات

نمبر(۱): تخم کلتھی ایک تولہ آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔جب نصف رہ جائے تو اسے صاف کر کے جوکھار تین ماشہ،شکر سرخ دو تولہ ملا کر پلائیں۔پیشاب کھل کر آئے گا اور دردِ گردہ کو بھی آرام آجائے گا۔

نمبر(۲) دیگر:

موٹے موتیے کے پھولوں کی گل قند عام گل قند کی طرح بنالیں۔روزانہ چھ ماشہ نہار منہ کھانے سے دردِ گردہ جاتا رہے گا۔

نمبر(۳) دیگر:

پتھر چٹ بوٹی کا پانی نکال کر آگ پر چڑھائیں۔پانی پھٹ جائے گا۔یہ مقطر عرق مذکور پانچ تولہ اور کالی مرچ نو دانے پیس کر دن میں ایک مرتبہ پلائیں، پتھری نہ رہے گی۔دردِ گردہ سے ہمیشہ کے لئے نجات مل جائے گی۔

نمبر(۴) دردِ گردہ کے لئے:

مکئی کی چلی کے بال ایک تولہ لے کر پانی ایک سیر میں جوش دیں۔جب تین پاؤ پانی رہ جائے تو اسے چھان کر تھوڑا سا میٹھا ڈال کر پلائیں۔دردِ گردہ بالکل ٹھیک ہو جائے گا

نمبر(۵) دیگر:

خربوزے کا چھلکا سایہ میں خشک شدہ ایک تولہ، پانی ایک سیر میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں۔تین پاؤ رہ جائے تو میٹھا ڈال کر مذکورہ بالا طریقہ سے پلائیں۔

نمبر(۶) دردِ گردہ و وَرم گردہ بوجہ ریح:

پودینہ جنگلی، منقیٰ، لال الائچی، زیرہ سفید، فلفل دراز، ایک ایک چھٹانک لے لیں ان میں سے تھوڑی تھوڑی مقدار لے کر بطور قہوہ میٹھا ڈال کر ایک ہفتہ نوش کریں۔مذکورہ بالا بیماریوں کے لئے نہایت مجرب ہے۔

نمبر(۷) اکسیر دردِ گردہ :

رائی اور قلمی شورہ پیس کر پیاز کے پانی کے مں پکالیں اور مریض کو پلائیں۔خواہ کیسا ہی درد کیوں نہ ہو، جاتا رہے گا

نمبر(۸) دردِ گردہ کا نسخہ:

ریوند خطائی، نوشادر، مصبر، سہاگہ ہم وزن لے کر باریک کریں۔قدرے شکر ملالیں۔بوقت ضرورت ایک ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ تک ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ہر آدھے گھنٹے بعد خوراک دیتے جائیں۔

نمبر(۹) دردِ گردہ و پتھری:

حجر الیہود پانچ تولہ، آب مولی ایک پاؤ میں کھرل کریں۔ٹکیہ بنا کر خشک کریں اور مٹی کے کوزہ میں بند کر کے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ٹھنڈا ہونے پر نکال

کر پھر اسے پاؤ بھر مولی کے پانی میں کھرل کریں، خشک ہونے پر ٹکیہ بنالیں، پھر پانچ سیر کی اسی طرح آگ دیں۔ تیسری بار بھی ایسا کریں۔ تین بار تین پاؤ پانی ختم کرنا ہے۔ بعد میں اس کو پیس کر محفوظ کرلیں۔

<u>خوراک:</u> ایک رتی شربت بزوری کے ہمراہ ایک ہفتہ کے استعمال سے پتھری ریزہ ریزہ ہوکر پیشاب کے راستے نکل جاتی ہے۔ جس وقت شدید درد ہو تو دوائی استعمال کریں نہایت مجرب ہے۔

<u>نمبر(۱۰) دیگر:</u>

ایک رتی شنگرف پسا ہوا، بتاشہ میں ڈال کر اجوائن دیسی دو تولہ گھوٹ کر تھوڑا سا نمک ملا کر گرم کرلیں اور جوش دے کر چھان لیں۔ نیم گرم عرق مذکور شنگرف والا بتاشہ مریض کو کھلائیں۔ تڑپتے ہوئے مریض کو آبِ حیات کا کام دے گا۔

<u>نمبر(۱۱)</u> پتھری کے لئے:

اخروٹ جن سے بچے کھیلتے ہیں۔ وہ سالم لے کر کوٹ لیں۔ (لوہے کے چٹو میں) انہیں سرمہ کی طرح باریک کریں۔ محنت طلب کام ہے۔ گری سمیت کوٹیں۔ پھر اسے شیشی میں محفوظ کرلیں۔

<u>طریقہ استعمال:</u> ایک ماشہ صبح نہار منہ نیم گرم پانی سے کھالیں۔ انشاء اللہ پتھری ریزہ ریزہ ہوکر نکل جائے گی۔ راقم کا تجربہ شدہ نسخہ ہے اور یہ نسخہ انسائیکلوپیڈیا سے لیا گیا ہے۔ کئی ایک مریضوں پر تجربہ کر کے نقل کر دیا ہے۔

<u>نوٹ:</u> جوکھار، نمک مولی، نمک بال بکئی اکسیر گردہ ہیں۔ جس کا پیشاب بند ہوجائے۔ ان میں سے کسی ایک دوا کے دینے سے پیشاب کھل جاتا ہے۔ یہ چیزیں گھر میں رکھنا لازمی ہیں اور قیمت بھی کوئی اتنی نہیں، لیکن آرام لاکھوں کا ہے۔

<u>نمبر(۱۲) دیگر:</u>

قلمی شورہ ڈھائی تولہ کسی مٹی کے سکورہ میں ڈال کر آگ پر رکھیں، گندھک پیس کر اس کے اوپر بکھیر دیں۔ جس وقت سکورہ گرم ہوگا۔ شورہ اور گندھک پگھلنے لگے گا۔ جب گندھک کا تیل ہوجائے تو فوراً اس کو کسی برتن میں انڈیل دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر اسے پیس لیں، بس دوا تیار ہے۔ دودھ کے ہمراہ نصف ماشہ کھانے سے پیشاب فوراً کھل جاتا ہے، پتھری بھی خارج ہوجاتی ہے۔ نہایت مجرب ہے۔

<u>نوٹ:</u> قلمی شورے کو دہکتے ہوئے انگاروں پر رکھیں۔ آگ لگنے سے بچائیں۔

سل یا تپ دق

سل کے لغوی معنی ہیں لاغری یا دبلاپن چونکہ تپ دق اور سل کے مریض لاغر ہوتے ہیں اس لیے یہ نام دیا گیا لیکن طبی اصطلاح میں سل کے معنی قرحہ ریہ بمع تپ دق یعنی پھیپھڑے کا زخم جس کے ساتھ تپ دق لازم ہوتا ہے۔ سل دو قسم کی ہوتی ہے قرحہ کے ساتھ جس سے مراد پھیپھڑے کا زخم ہے اور دوسرے بغیر قرحہ جس سے مراد تپ دق ہے۔ سل پھیپھڑوں کے علاوہ دیگر اعضاء میں بھی ہوتا ہے جس کو تپ دق بھی کہتے ہیں۔

اسباب

اگرچہ مرض سل کی پیدائش کا اصل سبب چھوت لگنا ہی ہے یعنی مادہ سل یا جراثیم جو کسی نہ کسی طرح جسم میں داخل ہوکر نشو نما پاتا لیکن جب تک اسباب سابقہ یا بادیہ موجود نہ ہوں تب تک اس مرض کا اثر ظاہر نہیں ہوسکتا اس وجہ سے اس کے تندرست و توانا آدمی کے جسم

جب ایسے جراثیم داخل ہوتے ہیں تو خون کے سفید دانے اس کے ساتھ مصروف جنگ وجدل ہوجاتے ہیں۔ اوران کونیست ونابود کردیتے ہیں اس لیے تندرست اشخاص محفوظ ومامون رہتے ہیں لیکن کمزورونا تواں اشخاص کے جسم میں داخل ہوکر نسلیں بڑھالیتے ہیں۔

☆اگرچہ سل کے مریض والدین کی اولاد میں موروثی طور پر یہ مرض نہیں ہوتا مرد کی منی کے ذریعہ یہ جراثیم یامادہ عورت کے رحم میں منتقل نہیں ہوتا کیونکہ مرد کی منی میں یہ مادہ نہیں پایا جاتا اور نہ ہی عورت کے مادہ تولید کے ذریعہ یہ رحم میں پہنچتا ہے نہ عورت کے بیضہ میں یہ ہوتا ہے لیکن سلول والدین کی اولاد کے جسم میں اس مرض کے لیے قوت مدافعت کم ہوتی ہے اس لیے وہ جلد اس کے شکار ہوجاتے ہیں۔

☆ہر عمر میں ہوسکتا ہے لیکن 18 سے 35 سال کی عمر میں عام طور پر۔

☆ایسے پیشہ ور لوگ جن کو اپنے کام میں تنفس کے ذریعہ تازہ ہوانہیں ملتی۔

☆عام صحت کی کمزوری' امراض قلب' امراس جگر' امراض گردہ ودیگر کمزور اور ناتواں کردینے والے امراض مثلاً آلات تنفس (نزلہ' زکام' ورم گلو' کھانسی' نمونیا وغیرہ)۔

☆خراب آب وہوا' غلیظ مکانات گنجان تنگ وتاریک آبادی۔

☆نشی اشیاء کا زیادہ استعمال' چونکہ طبیعت کمزور ہوجاتی ہے اس لیے طبیب امراض کو قبول کرنے میں مستعد ہوجاتی ہے۔

☆بچپن کی شادی' انگشت زنی' اغلام بازی' کثرت مباشرت۔

☆زیادہ فکر وتشویش۔

☆پے درپے رنج وغم روحانی صدمات۔

☆دماغی محنت کثرت سے کرنے والے۔

☆کھانے میں بے اعتدالی' ناکافی غذا' ناقص غذا۔

☆سینے کی ایسی چوٹ جو دیوار سینہ پر لگے۔ بعض اوقات اس مرض کا سبب بن جاتی ہے۔

ویسے تو ان کی کئی اقسام بتائی گئی ہیں لیکن وہ طریق علاج مغرب کا ہے۔

علامات نمبر۔01

ابتدائے مرض میں مریض اداس' پژمردہ رہتا ہے تھوڑی تھوڑی کھانسی رہتی ہے' کھانا کھانے کے بعد چھاتی میں ہنسلی کی ہڈی کے نیچے اوپر درد ہوتا ہے جس کی ٹیس شانوں اور پشت تک جاتی ہے کھانستے وقت درد کی شدت ہوا کرتی ہے مریض دن بہ دن لاغر ہوتا جاتا ہے روغنی اشیا سے نفرت' تھوڑی محنت سے سانس پھول جاتا ہے پہلے خشک کھانسی آتی ہے کچھ عرصہ بعد بلغم خارج ہونا شروع جاتی ہے جس میں خون کی آمیزش ہوتی ہے عموماً شام کے وقت خفیف حرارت ہوجاتی ہے

علامات نمبر02

بھوک ختم ہوجاتی ہے ہاتھ پاؤں کے تلوے جلنے لگتے ہیں۔ کھانسی لگا زیادہ آنے لگتی ہے خصوصاً صبح سو کر اٹھنے پر بلغم زیادہ خارج ہوتا ہے جس میں پیپ ملی ہوتی ہے ایسے بلغم کو پانی میں تھوالیں تو تہہ نشین ہوجاتا ہے' سانس دقت سے آتا ہے کمزوری لاغری بڑھتی ہے بخار کبھی چڑھ جاتا ہے کبھی اتر جاتا ہے اگر مرض زیادہ ہورہا ہو تو بخار ہر وقت رہتا ہے رخساروں پر سرخی آجاتی ہے۔

علامات نمبر 03

اس مرض میں اوپر دی ہوئی علامات میں شدت ہوجاتی ہے بخار بہت تیز ہوجاتا ہے صبح اس قدر پسینہ آتا ہے کہ بستر تر ہوجاتا ہے طاقت ختم ہوجاتی ہے بال گرنے لگتے ہیں ناخن سفید بھوک بالکل مرجاتی ہے بالآخر دست اور خونی قے ہاتھ پاؤں متورم اور بالآخر نہایت ضعف کی حالت میں مریض ختم ہوجاتا ہے۔

ہدایات

جن وجوہات سے امراض ہونا لکھا ہے ان کی مکمل طور پر اصلاح کی جائے مرض کی وجوہات کو سامنے رکھ کر پرہیز اور ہدایات پر عمل کریں آخر میں سل اور تپ دق کے لیے صریح المصر لاجواب اور تیر بہدف نسخہ جات پیش کر رہا ہوں یہ صدری مجربات ہے اگر مکمل پرہیز اور طریقہ علاج درست اور تشخیص صحیح ہو تو کوئی وجہ نہیں کہ مریض خدا کے فضل سے شفایاب نہ ہو۔

نسخہ نمبر01

سیماب مصفٰی اور گندھک مدبر (آب لہسن میں کیا ہوا) برابر وزن ملا کر آتشی شیشی میں ڈال کر بالو جنتر میں چوبیس گھنٹے آنچ دیں سیماب اڑ کر شیشی کی گردن میں لگا ہوگا اتار لیں سیماب اور گندھک کو ملا کر شیرہ گھیکوار میں کم از کم بارہ پہر کھرل کریں لاجواب تحفہ ہے۔

نسخہ نمبر02

سفوف مراد (سل دق کے لئے)

سرطان سوختہ دس گرام، مرجان سوختہ دس گرام، عقیق سوختہ دس گرام، بارہ سنگھا سوختہ دس گرام، قرص بیضہ مرغ دس گرام، صدف سوختہ دس گرام، تخم تلسی ساٹھ گرام، دم الخوان ایک سو بیس گرام، ست گلو اصلی دو سو چالیس گرام۔

ترکیب تیاری

تمام ادویات کو رگڑ کر باریک سفوف بنالیں

ترکیب استعمال

پانچ سو ملی گرام صبح و شام بعد از غذا ہمراہ شربت اعجاز دیں۔ سل اور دق میں مفید ہے۔

نسخہ نمبر 03

سیپ تازہ جڑے ہوئے یعنی بند پانچ عدد لے کر پانی میں بھگو دیں اور ایک تولہ سم الفار سفید ایک تولہ، گندھک مدبر ملا کر گودا گھیکوار میں سات دن تک کھرل کرتے رہیں آٹھویں روز سیپ آہستہ کھول کر نغدہ مذکور بیچ رکھ کر سیپ بند کر کے اوپر آہنی تار لپیٹ دیں اور اتنی آنچ دیں کہ سیپ شگفتہ ہو جائیں۔

ترکیب استعمال

سیپ کو باریک پیس لیں اور پانچ سو ملی گرام شربت اعجاز کے ساتھ صبح دوپہر شام استعمال کرائیں۔ تپ دق و سل درجہ دوم تک کے لیے لاجواب دوا ہے۔

سل دق وتپ دق کے دیگر مجربات

نمبر(۱) سل دق:

کیکڑہ تازہ لے کر اس کا قیمہ کر لیں اور آتشی شیشی میں ڈال کر پتال جنتر کر لیں۔ اس کا تیل نکال لیں۔ دودھ میں یہ تیل پانچ بوند صبح و شام دیں۔ دودھ جتنا پی سکیں پئیں۔ اس کے استعمال سے اگر پھیپھڑہ گلا ہوا بھی ہو تو ٹھیک ہو جاتا ہے۔ بڑا اکسیر اور مجرب المجرب نسخہ ہے۔

نوٹ: ہانڈی میں چند سوراخ کر کے بھی پتال جنتر کر سکتے ہیں۔

تیل نکالنے کا طریقہ:

آتشی شیشی جو اس مصرف کے لئے بنائی جاتی ہے۔ اس کو کپر وٹی کر لیں۔ اس میں دوا بھر دیں۔ اس کے منہ پر تاروں کا گچھا لگا دیں۔ مٹی کی ایک سینک (کونڈا) لے کر درمیان میں ایک موری کریں۔ شیشی کو الٹا کر کے اس کا گلا سینک کی موری میں ڈال دیں۔ شیشی کا گلا سینک کی موری میں سے نیچے چلا جائے۔ اس حالت میں شیشی کا پیندا اوپر کو سینک میں ہوگا۔ اس پر اوپلے جوڑ کر آگ لگا دیں۔ تھوڑی دیر کے بعد

سفید رنگ کا عرق ٹپکنا شروع ہو جاتا ہے۔ وہ کام کی چیز نہیں اس کے بعد سیاہ رنگ کا تیل تیرہ سے ٹپکنا شروع ہو جائے گا۔ یہ تیل کسی صاف شیشی میں محفوظ کرلیں۔ یہی تیل اکسیر اور مجرب ہے۔ کئی ایک مریضوں پر تجربہ کیا ہے۔ (سل دِق کے لئے مجرب ہے۔)

نسخہ نمبر (۲) حکیم اجملؒ کا تصدیق شدہ نسخہ:

عقیق سرخ، سنگ یشب، سنکھ، مرجان سرخ (خرمہرہ کلاں) سنگ جراح، ابرک سفید، ابرک سیاہ، زہر مہرہ سبز، ہر ایک دو تولہ۔ سب چیزوں کو کوٹ چھان کر سفوف کریں اور مندرجہ ذیل بوٹیوں کے پانی میں کھرل کر کے نسخہ تیار کریں۔

(۱) آب اجوائن سبز	(۲) شیر مدار	(۳) برگ پان سبز
(۴) آب برگد	(۵) برگ بانسہ	(۶) برگ گلو سبز کا پانی
(۷) آب نم سبز	(۸) آب کرنجوہ	(۹) آب کنوار گندل
(۱۰) آب کاسنی	(۱۱) آب زرشک	(۱۲) بھیڑ کا دودھ
(۱۳) شیر گدھی	(۱۴) آب کیلا	

ہر ایک پانچ تولہ ان تمام بوٹیوں کا علیحدہ علیحدہ پانچ پانچ تولہ پانی نکال کر کھرل کرتے جائیں اور ٹکیہ بنا کر خشک کر کے ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں۔ ۱۴ آگ آنے پر کشتہ تیار ہو جائے گا۔ اس کو صاف ستھری شیشی میں کشتہ سونا اور مروارید اعلیٰ قسم ایک ایک تولہ شامل کر کے خوب کھرل کریں اور دوا کو محفوظ رکھیں۔ یہ بینظیر نسخہ پھیپھڑوں کی صفائی کر کے زخموں کو اندمال کرتا ہے۔ دل میں گرمی خون میں جو جوش ہوتا ہے۔ اس کے لئے تریاق اعظم ہے۔

خوراک: ایک سے پانچ چاول تک ہمراہ آبِ زلال برگ بانسہ سے استعمال کریں۔

نوٹ: راقم نے اس نسخہ میں گدھی کا دودھ نہیں ڈالا کیونکہ حرام میں شفا نہیں ہوتی پھر بھی نسخہ نہایت کامیاب اور مجرب ہے۔ سل و دِق کے لئے بہترین تریاق اور مجرب ہے۔ راقم نے اس نسخہ سے ایک ایسے مریض پر آزمائش کی ہے۔ جو ہر طرح کے علاج کر کے ناامید ہو چکا تھا۔ خدا کے فضل و کرم سے دیگر مریضوں پر بھی آزمائش کی گئی اور اسے مجرب پایا۔ (انسائیکلوپیڈیا)

نمبر (۳) ٹی، بی و دمہ کا مجرب نسخہ

ہڑتال ورقیہ خالص ایک تولہ، گودنتی ایک تولہ، پھٹکری سرخ ایک تولہ، تینوں دواؤں کو موہری بوٹی کا پانی ڈال کر چند منٹ کھرل کریں تاکہ لئی سی بن جائے۔ ٹکی یا دو پیالوں میں انڈیل دیں، گل حکمت کریں۔ خشک ہونے پر بارہ یا پندرہ سیر اوپلوں کی آگ ہوا سے بچا کر دیں۔ صبح نکال کر کھرل کریں اور شیشی میں محفوظ کرلیں۔ بس دوا تیار ہے۔ بلغمی ٹی بی اور دمہ کے لئے مجرب المجرب ہے۔

طریقہ استعمال اور خوراک:

شربت بنفشہ ایک چھٹانک، عرقِ گلاب خالص ایک پاؤ ان کا شربت بنائیں دوائی مذکورا چاول سے چار چاول تک آہستہ آہستہ خوراک بڑھاتے جائیں۔ چار چاول سے زائد دوا نہ دیں سینکڑوں مریضوں پر تجربہ کر کے تحریر کر رہا ہوں دمہ آٹھ سال کا اور ٹی بی پہلے دوسرے درجے پر ہو تو تین ماہ تک اسے جڑ سے اکھاڑ دیتی ہے۔ اس نسخہ کی تعریف کیا کروں جو صاف اس کو صحیح بنائے گا اور عرق خالص سے استعمال کرے گا۔ حیران رہ جائے گا۔

نوٹ: شربت بنفشہ اور عرق گلاب گھریلو بنا ہوا ہو۔ خوراک ایک پاؤ عرق گلاب، ایک چھٹانک شربت بنفشہ دونوں کا شربت بنائیں، صبح ناشتہ کے ایک گھنٹہ بعد ایک

دو چاول خوراک منہ میں ڈال کر اوپر سے شربت مذکور پی لیا کریں۔ صرف ایک ٹائم صبح۔ پانچ چاول تک بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

پرہیز: کھٹی چیز، تیل اور سرخ مرچ استعمال نہ کریں۔

خوراک: صرف مونگ کی دال، کدو، ساگ و سبزی، کالے چنے کا شوربہ، چھوٹا گوشت اور چوزہ، مچھلی وغیرہ۔

نمبر(۴) تپ دق کا مجرب نسخہ

یہ میرا آنکھوں دیکھا حال ہے۔ آزاد کشمیر بمقام کھوکھرہ غربی کے شخص کے پاس یہ نسخہ تھا۔ یہ نسخہ اس کو ایک سنیاسی ایک بوتل شربت بنا کر دے گئے تھے۔ پھر اس نے سنیاسی کے طریقہ کے مطابق تین چار بوتل بنا کر استعمال کیں۔ ۳۰ سال تک وہ صحیح وتندرست دیکھا گیا۔ مذکور ایک عرصہ سے تپدق میں مبتلا تھا۔ سوکھ کر کانٹا ہو گیا تھا۔ بخار اترنے کا نام نہ لیتا تھا۔ نہایت غریب تھا۔ سنیاسی موسم بہار کی بوٹیوں کی تلاش میں دیوابٹالہ کی پہاڑیوں کی سیر کرنے آیا تھا۔ رات رہ کر اس کو یہ نسخہ دے گیا تھا۔ مذکور سے راقم نے نسخہ نوٹ کر کے سینکڑوں مریضوں کو دوائی بنا کر دی۔ اگرچہ اس شخص نے اپنے پر تجربہ کیا تھا، مگر راقم نے مختلف مریضوں کو نسخہ تیار کر کے دیا اور تجربہ حاصل کیا۔ ایک تو یہ بات تھی کہ تپ دق کے لئے مخصوص ہے۔ سل دق کے لئے نہیں ہے۔ دوسری بات میں نے یہ نوٹ کی کہ مریض کا بخار تو اتر گیا، دن بدن مریض کو صحت ہو رہی ہے۔ لیکن بلغم اور کھانسی جوں کی توں ہے۔ پھر میں نے مریض کو نسخہ نمبر ۳ کا استعمال کیا تو خدا کے فضل کرم سے مریضوں کو قطعی شفا ہو جاتی تھی۔ کارآمد نسخہ اور میرا کئی بار کا آزمودہ ہے۔

ہو الشافی: آدھ سیر کینچ مینچ (مکو) کے سبز پتوں کا پانی، آدھ سیر بھوری بھینس کی لسی، وہ بھینس جس کے جسم کے کسی حصے پر سفیدی نہ ہو بالکل بھوری ہو، یہ شرط کڑی ہے۔

پھٹکڑی سرخ ایک تولہ

ترکیب تیاری: پہلے مکو کا پانی دیگچی میں ڈال کر ایک جوش دیں۔ جوش آنے پر پھٹکڑی پیس کر ڈال دیں۔ لسی تھوڑی تھوڑی ڈالتے جائیں اور چمچے سے ہلاتے جائیں۔ جب تمام لسی ختم ہو جائے، آگ دھیمی دھیمی جلتی رہے۔ جب لسی کو جوش آ جائے تو بطریق معروف شربت بوتل تیار کریں۔

نوٹ: لسی یک لخت ساری نہ ڈالیں، ورنہ لسی پھٹ جائے گی اور دوائی نہ بنے گی۔ ہلکی ہلکی آگ جلتی رہے۔ لسی تھوڑی تھوڑی ڈالتے جائیں۔ چمچے سے ہلانا بند نہ کریں۔ چمچے ہلاتے رہیں۔ جب شربت بطریق معروف تار چھوڑنے لگے۔ تو اتار کر ٹھنڈا کر کے بوتل میں ڈال دیں۔ اس شربت کا خاص خیال رکھیں، کہ پانی کی چھینٹ اس میں نہ پڑے جس بوتل میں شربت ڈالنا ہے۔ اسے خوب خشک کریں۔

طریقہ استعمال: ناشتہ کے بعد صبح صرف ایک چمچ روزانہ جب مریض دوائی برداشت کرنے لگے تو دو ٹائم کر دیں۔ انشا اللہ تپ دق کا نام ونشان نہ رہے گا۔ نہایت ہی حیران کن نسخہ ہے۔ سستا اور آسان بھی کم از کم مریض کو مرض کے مطابق چار پانچ بوتل استعمال کرائیں اور پھر خدا کی قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔ (ماخذ از دُرِ نایاب)

نمبر(۵) سل دق کا ایک عجیب و حیرت کن نسخہ

میرے پاس ایک سنیاسی باوا نورالدین ایک ۱۰۰ سال عمر کے بیٹھے ہوئے تھے، کہ اتنے میں ایک آدمی آیا باوا صاحب نے پوچھا سناؤ بھائی اب کیا حال ہے، وہ شخص خوشی سے بولا اب ٹھیک ہوں۔ جب سے آپ کی دوائی کھائی ہے۔ اس دن سے خدا کے فضل وکرم سے بالکل ٹھیک ہوں اس آدمی مذکور کے جانے کے بعد میں نے نسخہ باوا صاحب سے دریافت کیا۔

نسخہ ہو الشافی:: ردی کاغذ اور اونٹ کی اون مساوی الوزن ایک کڑاہی میں

جلادیں۔خوب باریک کر کے ہمراہ پانی کے ۲رتی صبح، دوپہر اور شام استعمال کریں۔ سل دق کے زخموں کو بھرتا ہے، خون کو روکتا ہے۔دم بخت کریں۔

یرقان اور اندر کی گرمی کے لئے:

ھو الشافی: مہندی کے پتے رات کو مٹی کے برتن میں بھگو دیں۔صبح کو مل چھان کر پانی نکال لیں اور تھوڑا سا میٹھا ڈال کر پی لیں۔اندر کی گرمی دور ہو جائے گی۔یہ نسخہ سوزاک کے لئے بھی مفید ہے۔

یرقان سیاہ

ھو الشافی: چنے کا چھلکا رات کو بھگو کر صبح کو صاف کر کے میٹھا ڈال کر دیں۔مگر مٹی کا کورا برتن ہونا چاہیے۔مل چھان کر پینا بھی یرقان کے لئے مفید ہے۔

جگر کی گرمی کے لئے

ھو الشافی: گل سرخ ڈیڑھ تولہ، گل نیلوفر ڈیڑھ تولہ، گل بنفشہ ڈیڑھ تولہ، بیخ کاسنی چار تولہ، تخم رازیانہ افتیموں ڈیڑھ تولہ، تخم کشوث دو تولہ، پرسیاؤشاں ڈیڑھ تولہ، زرشک ڈیڑھ تولہ، گاؤزبان ڈیڑھ تولہ، مغز خیارین ڈیرھ تولہ، ریوند چینی چار ماشہ، تخم پھلیوں چار ماشہ ان سب کو موٹا موٹا کوٹ کر ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو دیں۔بارہ گھنٹے بعد آگ پر پکائیں۔جب نصف رہ جائے تو چھان کر دوائی الگ کریں۔تین پاؤ کھانڈ ملا کر شربت تیار کریں۔تین تولہ شربت چھ تولہ پانی میں ملا کر صبح اور شام کے وقت دیں۔بڑا مجرب شربت ہے۔(ماخذ از دُرِ نایاب)

مجربات ذکائی

یہ ایک مسلمہ بات ہے کہ جو چیز کسی تلاش وکاوش کے بغیر دستیاب ہوتی ہے خواہ وہ کس

قدر بے بہا اور بیش قیمت کیوں نہ ہو اس کی قدر ومنزلت اس معمولی سے معمولی چیز کے برابر ہرگز نہیں ہو سکتی جو نہایت جانسوزی اور نہایت تجسس وتلاش کے بعد حاصل ہوتی ہے اس لیے مجھے اس کا صحیح اندازہ ہے کہ ان نسخہ جات کے چھپ جانے کے بعد ہمارے ہم پیشہ حضرات اور ہمارے ساتھی ان نسخہ جات کو کس قدر وقیمت کی نگاہ سے دیکھیں گے لیکن اس کے ساتھ ہی کچھ لوگ ایسے بھی ہوں گے جنہوں نے کسی ایک نسخہ کی تحصیل میں بے پناہ محنت وکاوش صرف کی ہوگی اور بڑی منت وسماجت کے بعد کوئی ایک نسخہ حاصل کیا ہوگا ایسے لوگ جب ان نسخہ جات کو دیکھیں گے تو شاید ان کے قلوب میں ان نسخہ جات کی کچھ قدر وقیمت قائم ہو۔

فواق وہچکی

مجربات میں کئی اطبائے کرام اور ساتھیوں نے ہچکی کے لیے مختلف قسم کے نسخہ جات استعمال کیے ہوں گے لیکن یہ نسخہ اپنے فوائد کے لحاظ سے تیر بہدف ہے اور میرا تجربہ شدہ ہے۔

نسخہ

ھو الشافی: ناریل کی گھاس کو جلالیں یعنی کوئلہ بنالیں خاک نہ بنائیں اس کو بقدر ضرورت شہد میں ملا کر استعمال کرنے سے ہچکی فوراً بند ہو جاتی ہے اگر ہچکی مسلسل آ رہی ہو تو تھوڑی تھوڑی دیر کے وقفے سے یہی چٹاتے رہیں۔دوا مذکورہ درد گردہ کے لئے بھی اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔درد سے تڑپتا ہوا مریض چند منٹوں میں ٹھیک ہو جاتا ہے۔

ذیابیطس

نسخہ 01:

ھو الشافی: رب برگ کرنجوہ پانچ تولہ، نمک خوردنی دو تولہ، کشتہ سہدھاتہ ایک تولہ

ذیابیطس شکری میں ایک ایک خوراک ہمراہ دہی کی لسی کے ساتھ صبح خالی معدہ دیں۔

نسخہ 02:

ھو الشافی: پوست جامن سبز بارہ تولہ' پترہ چاندی ایک تولہ' زیریں وبالا دے کر گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہو جائے گا۔

کشتہ مذکور ایک تولہ' تخم جامن ایک تولہ' افیون تین ماشہ' تمام ادویات کو پیس کر دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں' ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ آب تازہ دیں' انشاء اللہ پہلی گولی ہی اثر دکھاتی ہے۔

وجع القلب

نسخہ:

ھو الشافی: اجوائین دیسی ایک تولہ' لہسن ایک تولہ' زعفران کشمیری ایک تولہ' آب لہسن پندرہ تولہ مذکورہ بالا پہلی تین ادویات کو باریک کر کے یکجان کر لینے کے بعد آب لہسن تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ جب گولیاں بننے کے قابل ہو جائیں تو گولیاں بقدر نخود بنالیں۔

ترکیب استعمال:

ایک ایک گولی صبح' دوپہر' شام ہمراہ گرم پانی کے استعمال کریں۔

فوائد: یہ دوا وجع القلب کے علاوہ وجع الکلیہ سنگ مرارہ وقلیہ کے لئے مفید ہے خون کو پتلا کرتی ہے اور تصلب شرائن کے کھولنے کے لیے اس سے بہتر دوا تجربہ میں نہیں آئی۔ معمولِ مطب ہے۔

کمزوری باہ اور شوگر کے لیے تیر بہدف

نسخہ:

ھو الشافی: کشتہ سونا ڈیڑھ گرام' زعفران دو گرام' ازاراقی مدبر دو گرام' تمرہندی (سکھیا سفید) دو رتی' شنگرف ایک گرام' تمام اشیاء چھ گھنٹے کھرل کریں پھر آب لہسن ملا کر کھرل کریں جب گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے تو فلفل سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں۔

فوائد: یہ دوا خصوصاً ان لوگوں کے لئے ہے جو بسبب شوگر کمزوری باہ میں مبتلا ہوتے ہیں معمولِ مطب ہے۔

مقوی باہ و مقوی بدن

نسخہ:

ھو الشافی: ثعلب دانہ' سلاجیت مصفی' مویز منقی' تمام ادویات ہموزن لے کر کوٹیں جب یکجان ہو جائیں تو لوہار کی آئرن پر ہتھوڑا کے ساتھ اس کو ضربات لگاتے جائیں جتنی زیادہ ضربات لگیں گی اتنی اس میں طاقت زیادہ بڑھے گی۔

وجع المفاصل

نسخہ 01:

ھو الشافی: سرنجاں شیریں' سفوف ہلیلہ زرد' اسگندھ ناگوری' تمام ادویات ہموزن لے کر سفوف بنالیں' ایک ایک گرام صبح' دوپہر' شام ہمراہ نیم گرم پانی استعمال کریں۔

نسخہ 02:

ھو الشافی: مصبر زرد' سرنجاں شیریں' اسپند' ہموزن لے کر سفوف بنالیں پھر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔ ایک ایک گولی دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ شدت درد کے لئے گھنٹہ گھنٹہ بعد ہمراہ آب نیم گرم استعمال کرائیں۔

کیل، چھائیاں، مہاسوں کے لئے

نسخہ: ایک تولہ مولی کے تخم کو باریک کر کے رات کو ایک چھٹانک دودھ میں ڈال کر لسی کا ضامن لگا دیں۔ صبح سویرے اٹھ کر دہی کو چہرہ پر خوب ملیں اور مل کر چھوڑ دیں۔ گھنٹہ دو گھنٹہ بعد چہرے کو دھو دیں اور دھائیں بوٹی پیس کر دن میں چار مرتبہ چار چار کیپسول بھر کر بڑا سائز ہمراہ پانی کے استعمال کریں۔

مقوی دماغ

نسخہ: دانہ الائچی خورد پانچ تولہ، مقشر مغز بادام، چاول سونف، چاول کشنیز پانچ تولہ، مصری بیس تولہ، مذکورہ بالا سفوف ایک تولہ منہ میں ڈال کر چوس لیا کریں۔ ضعف دماغ اور مقوی دماغ کے لئے نہایت اعلےٰ اکسیر ہے۔ یہ نسخہ اکثر وکیل حضرات اور جو دماغی کام کرتے ہیں ان کے لئے نہایت مجرب ہے۔ اور سر کی اکثر بیماریوں میں نمایاں کردار ادا کرتا ہے۔

برص اور پھلبہری

نسخہ: تخم جنتر، بابچی، گندھک آملہ سار تمام دواؤں کو کوٹ پیس کر اک ڈبہ میں محفوظ کر لیں۔ ان میں سے تین ماشہ لے کر رات کو ایک پیالی پانی میں بھگو دیں۔ صبح نہار منہ ذلال پی لیں اور پھوک کو رگڑ کر پھلبہری کے داغوں پر لیپ کر دیا کریں۔ عمدہ اور شافی علاج ہے۔

نسخہ: ایک انڈا لے کر اس میں سوراخ کریں۔ تا کہ تمام انڈا زردی اور سفیدی سمیت خالی ہو جائے۔ اس میں شبنم بھر دیں اور انڈے کی جھلی سے اس کو بند کر دیں۔ یہ عمل سورج نکلنے سے پہلے کریں۔ جب سورج نکلے گا تو انڈے کو دھوپ لگے گی انڈا حرکت کرنے لگے گا۔ بس انڈے کو پکڑ کر اطمینان سے سنبھال رکھیں۔ پھلبہری کے داغوں پر پانی لگائیں۔ نہایت ہی مجرب ہے۔

برص

ہوالشافی: ایک چھٹانک تخم سرس (شریں) آدھ سیر دودھ گائے میں پکا کر کھویا بنائیں، صبح نکال کر دھو کر خشک کر کے سفوف کریں۔ ایک ماشہ صبح وشام ہمراہ دودھ کے استعمال کریں۔ اس کے ساتھ ہی چنے بھنے ہوئے نصف چھٹانک سونگی میوہ دو تولہ کھائیں۔ حکیم صاحب نے درجنوں مریضوں پر آزمائش کر کے شائع کیا ہے۔ راقم اس کو نقل کر رہا ہے اور مریضوں پر تجربات شروع کر رکھے ہیں۔ امید ہے کہ حکیم صاحب کا یہ نسخہ مکمل اور کامل ہوگا۔ نسخہ کے جز گواہی دے رہے ہیں۔ کہ نسخہ نہایت کامیاب ہے۔

برص کی مجرب گولیاں

بابچی، اجمور، مغز بنولہ، کتھ اور گڑ، مساوی الوزن حسب ضرورت گڑ یا شہد میں ملا کر دو دو درم کیا گولیاں بنا لیں۔ روزانہ ایک ایک گولی کھائیں۔ بڑی مفید اور کارآمد دوائی ہے۔